عند محاربتہما والذی یوخذ من مجموع الاخبار انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لا یقنت الا فی النوازل
ومن ثم ذہب جمع من العلماء الی عدم نسخہ فیہا بل ہو امر مستمر مشروع وجعلوا خصوص ما روی
من قنوتہ فی الفجر عند النوازل ناسخا للعموم الذی روی انہ لم یزل یقنت فی الفجر حتے فارق الدنیا
فقالوا ان المعنی لم یترک القنوت فی الفجر عند النوازل حتے فارق الدنیا وجعلوا الترک
المروی عن ابن مسعود بمعنی ترک الدعاء علی اولئک القوم بعینہم لا ترک القنوت قال فی
الملتقط قال الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی الفجر من دون وقوع بلیۃ فان وقعت فتنۃ
او بلیۃ فلا باس بہ و قال ابراہیم الحلبی فی شرح المنیۃ ہو مذہبنا وعلیہ الجمہور و انما نبہت علی ہذہ
المسئلۃ لان غالب مشائخنا یحملون الترک علی نسخ نفس الحکم انتہی و عینی در بنایہ شرح ہدایہ می
آرند ان نزلت بالمسلمین نازلۃ یقنت الامام فی صلوۃ الفجر و بہ قال الاکثرون و احمد و قال الطحاوی
انما لا یقنت عندنا فی صلوۃ الفجر من غیر بلیۃ فان وقعت بلیۃ او فتنۃ فلا باس بہ فعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انتہی و ابن ہمام حنفی در فتح القدیر می گویند قد روی عن الصدیق انہ قنت
عند محاربۃ الصحابۃ مسیلمۃ الکذاب و عند محاربۃ اہل الکتاب و کذلک عمر و کذا علی فی
محاربۃ معاویۃ و معاویۃ فی محاربتہ فہذا ینشئ لنا ان القنوت للنازلۃ مستمر لم ینسخ و بہ قال جماعۃ
من اہل الحدیث وحملوا علیہ حدیث ابی جعفر عن انس ما زال رسول اللہ یقنت فی الفجر
حتے فارق الدنیا ای عند النوازل وما ذکرنا من اخبار الخلفاء یفید تقررہ لفعلہم
ذلک بعد النبی علیہ الصلوۃ والسلام انتہی و ابراہیم حلبی در غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی
مے آرند القنوت لو کان سنۃ راتبۃ لفعلہ علیہ السلام کل صبح یجہر و یؤمن من خلفہ
لما قال الشافعی او یسر بہ بحیث یقطع القراءۃ الجہریۃ ویلبث ملیئا لما قال مالک
الی ان توفاہ اللہ لم یتحقق فیہ ہذا الاختلاف بل کان سبیلہ ان ینقل کنقل جہر القراءۃ

یعنی انہ اصح من تصحیح الہدایۃ والکافی وتمامہ فیہا وعزاہ القہستانی الی المشاہیر کالمحیط والخلاصۃ
والمضمرات وغیرہا انتہی واللہ اعلم وعلمہ اتم ۵ حررہ محمد بشیر السہسوانی عفی عنہ فی الواقع اگرچہ اس مسئلہ مین
امام ابوحنیفہ کے نزدیک موافق ظاہر الروایۃ کے شفعہ باطل نہوگا اور ہدایہ وکافی مین اوسکو
مفتی بہ لکھا ہے لیکن جماعت کثیرہ محققین حنفیہ کے قائل فتوی قول امام محمد ہے نہایہ شرح ہدایہ
مین ہے ان ترک ہذا الطلب بغیر عذر لا تبطل شفعتہ وان طالت المدۃ وعلی قولہما تبطل اذا
طالت المدۃ واختلفت الروایات عنہما فی طول المدۃ ففی روایۃ عن محمد ثلاثۃ ایام وفی اخری
بشہر وہو اجدی الروایات عن ابی یوسف قال شیخ الاسلام الفتوی الیوم علی ہذا وکذا
ذکر ایضا فی الجامع الصغیر لقاضیخان وکان یا اختارہ فی الکتاب ان الفتوی علی قول ابی حنیفۃ
مخالفا لروایات ہذہ الکتب انتہی اور تنقیح فتاوے حامدیہ مین ہے قال فی شرح المجمع وفی الجامع
الخانی الفتوی الیوم علی قول محمد لتغیر احوال الناس فی قصد الاضرار انتہی وبہ ظہر ان افتاءہم
بخلاف ظاہر الروایۃ لتغیر الزمان ونظائرہ کثیرۃ وقصد الاضرار فی زماننا کثیر انتہی واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ واقعی شفعہ
اوسکا باطل ہوا مطابق فتواے متاخرین متبحرین کے فی کمال الدرایۃ فی شرح النقایۃ وتاخیرہ
شہرا من غیر عذر مرض او حبس یبطل عند محمد وہو قول زفر واختیار الکرخی وبرای بقول محمد یفتی
الیوم لقصد اہل الزمان الاضرار بغیرہم انتہی مختصرا وفی شرح البرجندی لمختصر الوقایۃ وبرای
بقول محمد یفتی کذا فی مبسوط الامام خواہر زادہ والمحیط والروضۃ والتتمۃ وفتاوی قاضیخان والخلاصۃ
انتہی واللہ علیم حررہ ابو الاحیا محمد نعیم غفر لہ العلی الرب الحکیم ۵ ۲۹ ۲۵ ۲۶ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم ۱۴۰
چہ قول ست علمای دین متین رحمکم اللہ در جواز وعدم جواز تیمم بضرب دست بر ساده
وبساط ونمدہ وبانات وغیرہ از قسم پارچہ کہ غبار نہ بران ونہ بر دست محسوس میگردد مگر
بوقت ضرب در ہوا چیزے بند اشتہ میشود وبودن غبار بر اشیاء مذکورہ بقدر ما یجوز بہ
التیمم بضرب الید علیہا چگونہ شناختہ می شود بینوا بالتفصیل والاسناد توجروا من رب العباد فی یوم التناد
ہو المصوب ہرگاہ بوقت ضرب دست بر ساده وغیرہ در ہوا غبار محسوس شدہ
ودران غبار ضربات تیمم ومسح وجہ وکفین ادا کردہ شد تیمم جائز خواہد شد خواہ آن

اسوجہ سے سکوت اسلم ہے اور یہ کہنا کہ والدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کافر
ہین یا فی النار ہین بڑی بے ادبی اور موجب اذیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے
حموی شرح اشباہ مین کتاب الحظر والاباحۃ مین لکھتے ہین اعلم ان السلف اختلفوا فی ابوی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم
ہل ماتا علی الکفر ام لا فذہب الی الاول جمع منہم صاحب التیسیر وذہب الی الثانی جماعۃ
ونفر من الجمع الاول قالوا انجاتہما من النار وسئل القاضی ابو بکر ابن العربی احد الائمۃ المالکیۃ
عن رجل قال ان ابا النبی فی النار فاجاب بانہ ملعون لان اللہ تعالی قال ان الذین
یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ ولا اذی اعظم من ان یقال عن ابیہ
انہ فی النار وقال السہیلی فی الروض الانف لیس لنا نحن ان نقول ذلک فی ابویہ لقولہ صلی اللہ
علیہ وسلم لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات واللہ یقول ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ
الآیۃ وامرنا ان نمسک اللسان اذا ذکر اصحابہ فبشیئ یرجع ذلک الی العیب فیہم فلان
نمسک عن ابویہ احق واحری فجملۃ ہذہ المسئلۃ لیست من الاعتقادات فلا حظ للقلب منہا واما اللسان
فحقہ الامساک عما یتبادر منہ النقصان انتہی ملخصا مختصرا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۱۲۹۶ھ استفتا
ما قولکم رحمکم اللہ تعالی اس مسئلہ مین کہ اگر شفیع نے طلب تملیک ایک ماہ تک بغیر عذر
ترک کی تو شفعہ اوسکا باطل ہوا یا نہین بینوا توجروا الجواب ہو الموفق للصواب
صورت مرقومہ مین نزدیک محققین کے شفعہ شفیع کا باطل ہوا کیونکہ اگرچہ اس مسئلہ مین دو
قول ہین ایک امام ابو حنیفہ رح اور دوسرا امام محمد اور زفر رحمہما اللہ کا لیکن محققین نے بنظر
رفع ضرر و اضرار کے قول ثانی پر فتوی دیا ہے فتاوی عالمگیری مین مرقوم ہے وعن محمد وزفر
رحمہما اللہ وہو روایۃ عن ابی یوسف رح ان اشہد وترک المخاصمۃ شہرا من غیر عذر تبطل
شفعتہ والفتوی علی قولہما کذا فی محیط السرخسی اور زیلعی فرماتے ہین الفتوی الیوم
علی ہذا لتغیر احوال الناس فی الاضرار بالغیر انتہی اور رد المحتار مین مرقوم ہے قائلہ شیخ
الاسلام وقاضیخان فی فتاواہ وشرحہ علی الجامع ومشی علیہ فی الوقایۃ والنقایۃ
والذخیرۃ والملتقی وفی الشرنبلالیۃ عن البرہان انہ اصح ما یفتی بہ قال

... خیرا ... من علیہ ولا یعجزہ ویمکنہ ان یخرج من العہدۃ بدفعہا الی اربابہا اہ ...

درست ہے یا نہین اور جو شخص اوسکی اس قسم کی مجلس مین جاوے اور کھاوے اور اوسکی
مجلس کو زینت دے وہ فاسق ہوتا ہے یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب ایسی مجلس
دعوت مین کہ وہان ناچ وباجا وشراب خواری وپوجا وغیرہ افعال محرمہ واطوار شرک
موجود ہون اور ان امور کا ہونا پہلے سے معلوم ہووے کسی مسلمان کو جانا اور شرکت
کرنا نہین درست ہے بلکہ ایسے امور مین برضا ورغبت شرکت کرنا فسق ہے اور اگر ان
امور کا ہونا پہلے سے نہین معلوم تھا بلکہ بعد جانے کے صاحب دعوت کے مکان پر
معلوم ہوا پس اگر محرمات اوسی مقام پہ ہون جہان کھانا کھلایا جاتا ہے وہان سے
واپس آنا لازم ہے اور شریک ہونا اور اوس مجلس مین دعوت کھانا نہین درست ہے
اور اگر اوس مقام پر نہون بلکہ دوسرے درجہ مین ہون اوس صورت مین اگر یہ شخص جسکی
دعوت کی گئی ہے مقتدا مثلاً عالم یا مفتی ہے اوسکو دعوت کھانا نہین درست ہے
اور اگر مقتدا نہین ہے تو اوسکو شریک ہونا درست ہے مگر بشرط قدرت منکرات سے
منع کرنا لازم ہے در مختار مین ہے دعی الی ولیمۃ وثمہ لعب او غناء قعد واکل لو المنکر فی المنزل
کتاب الحظر والاباحۃ
فلو علی المائدۃ لا ینبغی ان یقعد بل یخرج معرضا فان قدر علی المنع فعل والا صبر
ان لم یکن ممن یقتدی بہ فان کان مقتدی ولم یقدر علی المنع خرج ولم یقعد لان فیہ
شین الدین وان علم اولا باللعب لا یحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی بہ او لا لان حق
الدعوۃ انما یلزمہ بعد الحضور لا قبلہ انتہی ملخصا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ
القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ❊ صح
الجواب نمقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم غفر لہ اللہ الرحیم [مہر: محمد ابراہیم]
استفتاء چہ میفرمایند علماے دین اندرین مسئلہ کہ جماعت نساء منفردات شرعاً جائز است یا نہ
واز احادیث نبویہ واخبار صحابہ رضی اللہ عنہم مشروعیت آن ثابت است یا نہ وبر تقدیر ثبوت مشروعیت آن طریقہ قیام امام
چیست آیا زنیکہ امام باشد مثل رجال از جملہ مقتدیات مقدم شود یا بوسط وانچہ مشہور است کہ جماعت نساء مکروہ است بکراہت تحریم
آیا سند معتد بہ کراہت یافتہ شدہ است یا نہ بینوا توجروا الجواب در باب کراہت تحریمیہ جماعۃ النساء وحدہن کدام سند معتد بہ
از نظر من نگذشتہ است لیکن اتفاق فقہای حنفیہ کہ عموماً در متون یافتہ میشود دلالت دارد برآنکہ نزد ایشان اصلی ودلیلی با

غبار بر دست محسوس باشد یا نباشد وخواہ برآن وسادہ وغیرہ بدون ضرب ید شاہد باشد
یا نباشد عینی در شرح کنز مینویسید یجوز التیمم ایضاً بالنقع بان نفض ثوباً وحصیراً طاہراً ثم تیمم بغبارہ
جاز انتہی ودر خزانۃ المفتین می آرد لو نفض لبدہ او ثوبہ او الاشیاء الطاہرۃ فتیمم لغبارہا
جاز وصورتہ ان ینفض ثوبہ او لبدہ فیرتفع غبارہ فرفع یدیہ فی الہواء قریباً منہ فوقع الغبار
علی یدہ فتیمم ولو ضرب یدہ علی اللبد والثوب وارتفع غبارہ فرفع یدیہ وتیمم جاز انتہی ۱۲ ودر
رد المحتار ست قال الرملی الظاہر التفصیل ان استبان اثر الغبار جاز والا فلا لوجود الشرط
باب التیمم ۱۲
خصوصاً فی ثیاب ذوی الاشغال انتہی وہمچنین ست در بسیاری از کتب فقہ وانستہ ابد محسوس
شدن غبار بر وسادہ وغیرہ بدون ضرب ید وغیرہ یا محسوس شدنش بر ہر دو دست از
عبارت کتب معتمدہ بدرجۂ ثبوت نرسیدہ واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد
عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ہ صح الجواب بالنقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم غفر لہ اللہ الرحیم + [محمد ابراہیم]

استفتا ۱۴۲ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص قوم چمار سے ہے
اور ابتک وہ اپنے آبا اور اجداد کے دین پر ہے لیکن مالدار ہے اسنے اپنی لڑکی کی شادی کی
اور اسمین تمام رسومات مثلاً شراب خواری و باجا و ناچ و آتشبازی و پوجا اپنے دیوتاؤن کا
وغیرہم بڑی دہوم دہام سے کیا چنانچہ صرف شراب دو ہزار روپیہ کی آئی تھی وقس علی ہذا
سب سامان مہیا کیا اور چند اہل ایمان کی بھی دعوت کی اور مسلمانون نے انکار کیا تب
اوسنے ایک مولویصاحب کی کچھہ نذر کی مولویصاحب نے اپنا پیٹ بھر کر کہدیا کہ اسکی دعوت
لینی درست ہے انکے حسب ارشاد انکے ساتھہ چند مسلمانون نے اوربھی دعوت قبول کی اور اوسکے
وہان جاکر کہانا کہایا باوجودیکہ اشیای مذکورہ موجود تھے اب عوام الناس مین بڑا فساد برپا ہی
بعض کہتے ہین کہ ایسی دعوت لینی درست ہے ورنہ فلانے مولویصاحب کیون لیتے بعض کہتے
ہین کہ نادرست ہے کیونکہ ایک تو وہ چمار ہے دوسرے وہان پوجا و رقص و سرود و شراب خواری
وغیرہ موجود تہا لہذا آپکی خدمت مین گذارش یہ ہے کہ للہ جسقدر جلد ہو سکے موافق کتب معتبرہ
دینیہ کے آپ رقم فرمائیے کہ مولویصاحب مذکور کا کہنا حق تہا یا ناحق اگر حق تہا تو اسکے
حقانیت کی دلیل اگر ناحق تہا تو انپر کیا لازم ہے اور چمار کی دعوت قبول کرنی مسلمانونکو

ھنا بان المذہب عندنا ان انتفاء صفۃ الوجوب یستلزم انتفاء صفۃ الجواز کما عرف و لا فرق
بین الوجوب والسنیۃ فی ذلک لوجود الموجب فیہا کوجودہ فیہ وھو واضح للمزاولین فی علم آخر و
قررناہ فی التقریر فاذا نسخت السنیۃ نسخ الجواز والاستدلال بالمنسوخ غیر صحیح ثم اجاب
بان الجواز الباقی جواز مع الکراھۃ والذی کان فی ضمن السنیۃ نسخ معہا والاستدلال بہ لبیان انہا
کانت ونسخت وانما جوزت فی زماننا بمقتضی الجواز الذی کان من اجتماع شرائطہ ورفع موانعہ
مع ما یوجب کراہۃ من ارتکاب محرم انتہی آری جماعت نساء منفردات در نماز جنازہ بلا کراہت جائز است کما
بسط فی البحر والفتح فقط

الجواب صحیح
حیدر علیخان عفا اللہ عنہا
محمد عبد القادر ۱۲۹۴
احمد احمدی
علاء الدین ۱۲۹۲

الجواب صحیح
عبد القادر احمدی
محی الدین محمد
العبد محمد امداد حسین
محمد محمودی
امداد حسین ۱۲۹۲
محمد سعیدی
ارشاد حسین ۱۲۹۲

۱۴۴
استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس
مسئلہ مین کہ بکری چھ مہینے کی اگر توانا اور فربہ ہو قربانی اوسکی درست ہے یا نہین جیسا کہ
دنبہ اور بھیڑ درست ہے اور اس مسئلہ مین کہ ایک شخص بیان کرتا ہی کہ جس لڑکے کی طرف سے
عقیقہ نہوا ہو اگر وہ لڑکا مرجاوی تو اوسکے ماں باپ مستحق شفاعت کے نہوں گے یعنے
وہ لڑکا اپنے ماں باپ کی شفاعت نکرے گا اور سند مین اسکے حدیث نقل کرتے ہین
الغلام مرتہن بعقیقتہ الخ پس حدیث شریف کا خلاصہ مطلب کیا ہے بینوا توجروا ھو المصوب
بکری چھ مہینے کی نہین درست ہے اور دنبہ چھ مہینے کا اگر فربہ و توانا ہو درست ہی
یہی مذہب حنفیہ کا بلکہ جمہور علماء کا ہے اور احادیث سے بھی یہی ثابت ہے ہدایہ فیہا
شرح ہدایہ مین ہی ویجزی من ذلک کلہ الثنی فصاعدا الا الضان فان الجذع منہ یجزی والتقیید
بالضان لان الجذع من الابل والبقر والغنم لا یجزی بل لا یجزی منہا الا الثنی انتہی اور منح الغفار
شرح تنویر الابصار مین ہی وصح الجذع من الضان وصح الثنی فصاعدا من الثلاثۃ ای من الشاۃ اعم من
ان یکون ضانا او معزا ومن البقر ومن الابل والجذع شاۃ لہا ستۃ اشہر والضان ما یکون لہ ستۃ
انتہی اس سے صاف واضح ہی کہ بکری اور بھیڑ اور ایسی ہی گائے اور اونٹ چھ مہینے کا نہین درست ہے

[illegible]

واللہ اعلم بالصواب لیکن عمل بران اولی و احسن معلوم میشود چرا کہ در احادیث صلوۃ النساء در بیتی کہ استر و اظلم باشد قرینہ بر نبودن جماعت ایشان ظاہر ست کہ ظلمت خانہ مناسب جماعت نیست واللہ اعلم ۔ کتبہ احمد علی عفی عنہ

استفتا ۱۴۴ چہ میفرمایند علماے دین اندرین مسئلہ کہ جماعت نساء منفردات شرعاً جائزست یا نہ و از احادیث نبویہ و اخبار صحابہ مشروعیت آن ثابت است یا نہ و بر تقدیر ثبوت مشروعیت آن طریقہ قیام امام چیست یعنے زنے کہ امام باشد مثل امام رجال از جملہ مقتدیات متقدم باشد یا بوسط آنہا قیام سازد و آنچہ مشہور ست کہ جماعت نساء مکروہ ست بکراہت تحریم نزد امام رح آیا سند معتد بہ کراہت یافتہ شدہ است یا نہ بینوا توجروا

الجواب واللہ الموفق للصواب نفس جواز جماعت نساء منفردات و مشروعیت آن از احادیث و اخبار ثابت بودہ است و طریقش ہمینکہ زن امام وسط مقتدیات قیام سازد لا غیر قال فی فتح القدیر نقلا عن المستدرک فی حق عائشۃ رضی اللہ عنہا انہا کانت تؤذن وتقیم وتؤم النساء فتقوم وسطہن وعن کتاب الآثار لمحمد رح اخبرنا ابو حنیفۃ رح عن حماد بن ابی سلیمان عن ابی ابراہیم النخعی ان عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا کانت تؤم النساء فی شہر رمضان فتقوم وسطہا وعن ابی داؤد فی بعض طرق حدیث ام ورقۃ بنت عبد اللہ بن الحارث بن عمر الانصاریۃ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزورہا وجعل لہا مؤذنا وامرہا ان تؤم اہل دارہا وعن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما قال تؤم المرأۃ النساء تقوم وسطہن انتہی ملخصا و سند کراہت تحریمی نزد حنفیہ این ست کہ قیام زن امام وسط مقتدیات کہ جز او طریق جماعت ایشان بہ ثبوت نرسیدہ مخالف است وجوب تقدم امام را کہ ثابت ست بمواظبت آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ولہذا امثال روایات مسطورہ نزد حنفیہ محمول بر ابتدای اسلام و منسوخ ست و حالا جماعت ایشان بوجہ تحقق نفس شرائط جواز صلوۃ و مخالفت وجوب مذکورہ جائز بکراہت تحریمی ست قال فی البحر الرائق علی قول الکنز وجماعۃ النساء ای وکرہ جماعۃ النساء وحدہن لانہا لا تخلو عن ارتکاب محرم وہو قیام الامام وسط الصف فیکرہ کالعراۃ کذا فی الہدایۃ وہو یدل علی انہا کراہۃ تحریم لان التقدم واجب علی الامام للمواظبۃ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وترک الواجب موجب لکراہۃ التحریم المقتضیۃ انتہی ثم قال بعید ہذا علی قولہ فان فعلن تقف الامام وسطہن کالعراۃ لان عائشۃ رضی اللہ عنہا فعلت کذلک وحمل فعلہا الجماعۃ علی ابتداء الاسلام انتہی وقد بحث فی النہایۃ

یا نیست و زن را در نماز بر سینه دست بستن سنت ست یا زیر سینه و زیر ناف ہم و زن را
قعدۂ اولی و جلسۂ اخیرہ مثل مرد سنت ست یا تورک و زن را در سجدہ تجافی اعضا مثل مرد
سنت ست یا بالعکس و اگر زن در قعدہ ہر دو جلسہ مثل مرد کرد و تورک نکرد و در سجدہ تجافی اعضا
مثل مرد کرد پس ترک سنت کرد یا نماز فاسد شد و زنان جمع شده کسی زن را اگر امام کنند
پس ادای اقتدا نمایند پس بکدام ہیأت جماعت کنند یعنی امام متوسط و داخل صف اول
باشد یا مقدم مثل جماعت مردان و این جماعت جائز ست یا مکروه **سوال ثانی** کسی صحابہ
زنان را جمع کرده بنفسها امام شده بجماعت نماز خوانده است یا نه اگر خوانده است قراۃ با این
تکبیرات انتقال تسمیع تحمید و تسلیم بالجہر کرده یا باخفا و کسی حدیث صریحا در صحاح وغیره
مشتمل بر کیفیات مذکوره مفصلاً مروی ست یا نه اگر ہست چه طور ست و سندش چیست و در
کدام کتاب ست و اقوال ہمه مجتہدین و محدثین محققین درین مسئله بکدام نہج منقول ست **سوال**
ثالث حدیث مراسیل ابی داؤد المذکور فی البحر الرائق و شرح المنہاج لابن الحجر العسقلانی
المحذوف السند انه علیه السلام مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم
الی الارض فان المرأة لیست فی ذلک کالرجل انتہی سند این حدیث مرویست
یا نه و گر مرویست بکدام طریق مروی ست و سندی که در مراسیل ابو داؤد ست تعدیل و
توثیق رواۃ آن حدیث چه طور ست و کدام کدام محدثین بعدالت شان معترف ہستند و این
حدیث مخصص عموم حدیث صلوا کما رأیتمونی اصلی شدن میتواند یا نه و حدیث مرسل
صحیح مخصص عموم حدیث موصول مرفوع صحیح میتواند شد یا نه و اگر میتواند شد پس این مذہب
مختار کدام کدام علماء مجتہدین و محدثین ست و حدیث مرسل اگر بطریق رواۃ مجہول العدالت
مروی باشد و بطریق آخرین موصولا مروی باشد لیکن در آن ہر دو یک راوی
متروک الحدیث باشد پس آن حدیث مرسل حکما موصول شد یا نه و اگر حکما موصول شد
پس مخصص عموم حدیث صحیح مرفوع موصول شدن میتواند یا نه و وجہش چیست و قائلش کیست اگر
کسی در حالت رکوع پس امام نیت کرده در نماز داخل شد و در رکوع کرد پس رکعت خود را یافت یا نه
و اگر یافت پس اگر رکعت را در شمار نیاورد و گفت که بوجہ نخواندن من سورۂ فاتحه را رکعت [illegible]

فقط دنبہ چھ مہینے کا درست ہی اور ایسے ہی اور کتب فقہ مین بھی موجود ہے اور شرح مسند
امام اعظم مین ہے فی صحیح مسلم عن جابر لا تذبحوا الا مسنة الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعة من الضان
وبہ قال الجمہور یجوز الجذع من الضان لا من غیرہ انتہی اور حدیث الغلام مرتہن بعقیقتہ کے معنے محدثین کے
نزدیک یہی ہین کہ وہ لڑکا جسکا عقیقہ نہوا ہو وہ والدین کی شفاعت کرنے سے محروم رہیگا شمس الدین
محمد بن عبد الرحمن السخاوی اپنی کتاب ارتیاح الاکباد فی فقد الاولادین لکھتے ہین ذکر البیہقی
عن سلیمان بن شرحبیل حدثنا یحیی بن حمزة قال قلت لعطاء الخراسانی ما معنے مرتہن بعقیقتہ فقال
تحرم شفاعتہ والدہ وکذا قال الامام احمد انہ مرتہن عن الشفاعة لوالدہ واستحسنہ الخطابی حیث قال
تکلم الناس فی ہذا واجود ما قیل فیہ ما ذہب الیہ احمد ان ہذا فی الشفاعة یرید انہ اذا لم یعق
عنہ فمات طفلا لم یشفع والدیہ انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎ واقعی بکری چھ مہینے کی اگرچہ فربہ ہو قربانی اوسکی
درست نہین فی جامع الرموز وانما قال من الضان لانہ لا یجوز من المعز وغیرہ بلا خلاف کما فی المبسوط
ونحوہ انتہی اور حدیث شریف کا خلاصہ نزدیک جناب امام ہمام شیخ اکمل مولانا احمد بن
حنبل کے یہی ہی کہ وہ لڑکا شفاعت نکریگا فی مفاتیح الجنان ومصابیح الجنان وعن سمرة رضی اللہ عنہ
انہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الغلام مرتہن بعقیقتہ قیل معناہ انہ محبوس سلامتہ
عن الآفات بعقیقتہ او انہ کالشیٔ المرہون لا یتم الاستمتاع بہ دون ان یقابل بالعقیقة وقیل
معناہ ان شفاعتہ لابویہ معلق بعقیقتہ لا یشفع لہما الطفل ان لم یعق عنہ انتہی وفی کاشف
حقائق السنن المحمدیة شرح مشکوٰة المصابیح وقال صاحب النہایة معنی قولہ رہینة بعقیقتہ ان العقیقة
لازمة لہ لا بد منہا فشبہہ فی لزومہا لہ وعدم انفکاکہ منہ بالرہن فی ید المرتہن قد تکلم الناس فیہ واجودہا
ما قالہ احمد بن حنبل معناہ انہ اذا مات طفلا ولم یعق عنہ لم یشفع فی والدیہ وروی عن قتادة انہ یحرم شفاعتہم
اقول ولا ریب ان الامام احمد بن حنبل ما ذہب الی ہذا القول الا بعد ما تلقی من الصحابی والتابعین علی انہ امام
من الائمة الکبار یجب ان یتلقی کلامہ بالقبول وتحسین الظن بہ انتہی مختصرا واللہ علیم بالصواب وعندہ ام الکتاب
حررہ العبد الفقیر الی العلی الرب الحکیم ابو الاحیاء محمد نعیم عفی عنہ ۱۲۹۵ھ ۱۴۵ استفتاء چہ میفرمایند علمای دین
ومفتیان شرع متین درین مسائل مندرجہ سوالات مفصلۂ ذیل سوال اول صوت زن در نماز سترت

برای آن مشروع نیست و آین ہم معلوم شد کہ زن امام را جہر بالقراءۃ و جہر تکبیرات وغیرہ باید
چہ بدون آن صورت اقتدا انمی بندد و آواز زن اگرچہ بمذہب بعضے ستر ست لیکن
آن در حق رجال نہ در حق زنان و تحقیق این مبحث کما ینبغی در رسالہ خود تحفۃ النبلا فیما
یتعلق بجماعت النساء کردہ ام من شاء فلیرجع الیہ و زن را در نماز دست بر سینہ بستن
مسنون ست چہ این ہر دو امر برای زن باعث ستر ست ملا محمد قائم سندی در رسالہ
خود فوز الکرام بما ثبت فی وضع الیدین تحت السرۃ او فوقہا عن الشفیع المظلل بالغمام می نویسد
لما تبین ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم ثبت عنہ الامران وضع الیدین علے الصدر
وتحت السرۃ وکذا عن الصحابۃ والتابعین واجمعوا علی وسعہما والاصل فی اعمال النبی
صلے اللہ علیہ وسلم التعبد والتعلیم والموافقۃ بین الرجال والنساء الا فی ما استثنیت و
روی ابوداود فی مراسیلہ عن یزید بن ابی حبیب ان رسول اللہ صلعم مر علی امرأتین
تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی بعض الارض فان المرأۃ لیست فی ذلک
کالرجل قال البیہقی ہو احسن من موصولین فی ہذا الباب واستنبط المجتہدون منہ ان امرہ
بضم اللحم لکونہ استر لہن اختار علمائنا فی حق الرجل الوضع تحت السرۃ وحق المرأۃ الوضع
علی الصدر لانہ استر لہا انتہی و حافظ ابن حجر در تخریج احادیث رافعی می نویسند روی
ابوداود فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ صلی اللہ علیہ وسلم مر علی امرأتین
تصلیان فقال ان سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل
ورواہ البیہقی من طریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک و این حدیث اگرچہ مرسل ست
لیکن بوجہ اعتضاد طریقین موصولین اگر دران ہر دو متروک واقع است قوتی حاصل
شدہ و ہمچو مرسل مقبول و مخصص حدیث موصول می تواند شد شمس الدین سخاوی در فتح
المغیث بشرح الفیۃ الحدیث می نویسند المرسل بالمسند یعتضد ویصیر دلیلاً آخر فیرجح بہما عند
معارضتہ خبر الیس لہ الا طریق مسند وربما یکون المسند حسنا فیرتقی المرسل بہ لکن
ہذا انما یتاتی اذا کان المسند بمفردہ صالحا للحجۃ اما اذا کان مما یفتقر الی اعتضاد فلا
اذ کل منہما اعتضد بالآخر وصار بہ حجۃ قال شیخنا و حینئذ یکون اعتضادہ بہذا المسند کاعتضادہ

نماند وہمون فرضیت آن رکعت بر من باقی ماند واد انشد پس قول شخص موافق جمہور صحیح ست
ہو المصوب در بودن صوت زن ستر اختلاف فقہاء واقع ست صاحب محیط در بحث
اذان وصاحب کافی وقاضیخان تصریح صوت المرأۃ عورۃ کردہ عدم جواز اذان زن
مبنی کردند وصاحب بحر واشباہ وصاحب نہر ودر مختار ترجیح اینکہ آواز زن ستر نیست کردہ
اند ودر نوازل ابو اللیث ست نغمۃ المرأۃ عورۃ صاحب فتح القدیر می نویسد وعلی ہذا فلو قیل
بانہا اذا اجہرت بالقراءۃ فی الصلوۃ فسدت صلاتہ کان متجہا وحق درین باب آنست کہ مطلق
آواز او ستر نیست البتہ رفع صوت مع تمطیط وغیرہ ستر ست شرنبلالی در مراقی الفلاح شرح
نور الایضاح می نویسد تقدم فی الاذان ان صوتہا عورۃ ولیس المراد بہ مجرد کلامہا بل ما یحصل
من تلیینہ وتمطیطہ ولا یحل لہ سماعہا وابو العباس قرطبی در کتاب السماع نوشتہ لا یظن من لا
فطنۃ عندہ انا اذا قلنا صوت المرأۃ عورۃ انا نرید بذلک کلامہا لان ذلک لیس بصحیح
فانا نجیز الکلام مع الاجانب ومحاورتہن عند الحاجۃ الی ذلک ولا نجیز لہن رفع صوتہن
ولا تمطیطہا ولا تقطیعہا لما فی ذلک من استمالۃ الرجال الیہن وتحریک الشہوات ومن ہذا
لم یجز ان تؤذن المرأۃ وجماعت زنان نزد اکثر حنفیہ مکروہ است لیکن دلیلی معتد بہ بر کراہت
یافتہ نمیشود وادلہ کہ فقہا بر کراہت قائم کردہ اند مخدوش اند چنانکہ از معائنہ فتح القدیر وبنایہ
شرح ہدایہ للعینی واضح میشود واز آثار واخبار مشروعیت جماعت نساء منفردات ثابت میشود
ودر سنن ابی داؤد در حدیث طویل مروی ست وکانت ای ام ورقۃ قد قرأت القرآن فاستأذنت
النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان تتخذ فی دارہا مؤذنا فاذن لہا وامرہا ان تؤم اہل دارہا ودر کتاب الآثار
لمحمد بن الحسن ست اخبرنا ابو حنیفۃ نا حماد عن ابراہیم عن عائشۃ انہا کانت تؤم النساء فی شہر رمضان
فتقوم وسطہن وابن حجر عسقلانی در تخریج احادیث شرح رافعی می نویسد اخرج ابن شیبۃ ثم الحاکم
من طریق ابن ابی لیلی عن عطاء عن عائشۃ انہا کانت تؤم النساء فتقوم معہن فی الصف واخرج
الشافعی وابن ابی شیبۃ وعبد الرزاق عن ام سلمۃ انہا امت النساء فقامت وسطہن ودر مستدرک
حاکم مروی ست ان عائشۃ کانت تؤذن وتقیم وتؤم النساء فتقوم وسطہن ذکرہ العینی فی البنایۃ از این
روایات معلوم شدہ کہ زنی کہ امام باشد در جماعت زنان در وسط صف قیام سازد وتقدم مثل رجال

صوت زن عورت نیست

لیکن بمجرد وعدہ عمرو پر لازم نہین ہے اور زید کو استحقاق شرعی اوس مال کا جسکو عمرو نے بالاستقلال خرید کیا نہین ہے فتاوی بزازیہ کی کتاب الکراہیۃ مین ہی لا یستحق بالشرط شیئا لعدم العقد انتھی اور بھی اوسمین کتاب الکفالۃ مین ہی لو قال الذھب الذی لک علی فلان ادفعہ او اسلمہ الیک لا یکون کفالۃ ما لم یقل لفظا یدل علی اللزوم کضمنت او کفلت او علی او الی انتھی اور اشباہ مین ہی لا یلزم الوعد الا اذا کان معلقا فی بیع الوفاء انتھی[کتاب الحظر والاباحۃ ۱۲] واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ۱۲ ابو الحسنات

کتاب الصلوۃ [illegible]

۱۴۷ **استفتا سوال اول** جو شخص حدیث رفع سبابہ کی رواۃ مین جیسے یہ حدیث صحیح مسلم مین مروی ہی یہ شبہہ کرے کہ یہ راوی مسلم و عاقل تھے یا نہین حالانکہ علماے دین پر یہ امر ظاہر ہی کہ راویین سے اصحاب قرون ثلاثہ و اکابر ائمہ ہدی ہین جنین سے اکثر کے اوصاف بالخصوص یا بالعموم احادیث سے ثابت ہین اور اوس شخص کو اونکی بزرگی کتب رجال وغیرہا سے دکھائی بھی گئی لیکن بسبب اس شبہہ کے اوسپر کیا حکم ہوگا **سوال دوم** جو راوی کتب رجال مین منجملہ الفاظ ثقہ ثبت صدوق کے ایک یا دو یا تین لفظ کے ساتھہ وصف کیا جاوے اس وصف سے اوس راوی مین وہ شرائط اربعہ راوی کے جو اصول فقہ مین بیان کئے گئے ہین یعنی عقل و اسلام و ضبط و عدالت تا وقتیکہ کچھہ جرح مثل صدوق سیئ الحفظ صدوق اتھم اور مانند اسکے اوسمین نکی گئی ہو ثابت ہو جاوینگے یا نہین ہو جاوینگے اور یہ تردد رہیگا کہ یہ راوی مسلم تھا یا نہین عاقل تھا یا نہین ضابط تھا یا نہین عادل تھا یا نہین **سوال سوم** اگر کوئی کہے کہ تقریب مین جو جرح و تعدیل رجال مذکور ہی صرف اوسی پر اعتبار مجکو نہین آتا کوئی اور بھی صاحب تقریب کے سوا اوسکے قول کی تصدیق کرے جب قابل اخذ ہوگا یہ کہنا اوسکا بجا ہی یا جہالت اور گمراہی کی بات ہی **سوال چہارم** صحیح مسلم کے باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ و کیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین مین اس اسناد مین حدثنا عبد بن حمید قال نا یونس بن محمد قال نا حماد بن سلمۃ عن ایوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قعد فی التشہد الحدیث ابن عمر سے راوی نافع مولے ابن عمر ہین جسکی نسبت تقریب مین مسطور ہی ثقۃ ثبت فقیہ مشہور من الثالثۃ یا اور کوئی نافع اور اسی اسناد مین حماد بن سلمہ جو ایوب سے راوی ہین اونکی نسبت تقریب مین مسطور ہی تغیر حفظہ باخرہ پس قبل تغیر حفظ حماد کے

برسل آخر لاستر لہما فی عدم الصلاحیۃ للحجیۃ ولکن قد اجیب بان القوۃ انما حصلت من ہیأۃ
الاجتماع اذ بانضمام احدہما الی الآخر قوی الظن بان لہ اصلاً و زنان را در قعدہ تورک مسنون ست
واگر مثل رجال قعدہ کردہ نمازش صحیح خواہد شد در مسند حصکفی مے آرد ابو حنیفۃ عن نافع
عن ابن عمر انہ سئل کیف کان النساء یصلین علی عہد رسول اللہ قال کن یتربعن ثم امرہن
ان یحتفزن ملا علی قاری در شرحش می نویسند ہو بالحاء المہملۃ والفاء والزاء المعجمۃ ای یضممن اعضائہن
بان یتورکن و در صحیح بخاریست کانت ام الدرداء تجلس فی صلاتہا جلسۃ الرجل وکانت
فقیہۃ و عینی در شرح ہدایہ می نویسد انکانت امرأۃ جلست علی الیتہا الیسری لان مراعاۃ
الستر لہا اولی وکانت ام الدرداء تجلس جلسۃ الرجل وہو قول النخعی و مالک وکانت صفیۃ
ونساء ابن عمر تجلس متربعات لان ذلک استر لہن و مدرک امام در رکوع مدرک رکعت ست
بوجہ نخواندن فاتحہ رکعتش غیر معتد بہ نخواہد شد نزد جمہور العلماء من الصحابۃ والتابعین ومن
بعدہم و تحقیقش مع بسط دلائل در رسالہ خود امام الکلام فیما یتعلق بالقراءۃ خلف الامام
کردہ ام من اراد الاطلاع فلیرجع الیہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؛ استفتا ١٤٦ کیا فرماتے ہین علمای
دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ باہم زید او رعمرو کے نزاع اس بات کی ہے
کہ زید بنسبت عمرو کے مدعی اس امر کا ہے کہ تو نے مجھسے وعدہ کیا تھا کہ مین جب مال
کھنڈسار مستاجر سے خرید کرونگا تو مین تجکو شریک کرونگا اور عمرو اس سے منکر ہے
عمرو نے خود مستقل بلا شرکت احدی بادای زرخود مال کھنڈسار مستاجر سے خرید کیا
اور بیعنامہ جانب مستاجر سے بنام عمرو مشتری کے مستقل رہا اور کسیطرح تعلق زید مال مشترا
عمرو مین شرعًا یا حقیقۃً ہی یا نہین و بفرض قول زید نفس وعدہ موجب تحقق شرکت و مستلزم
وجوب مال ذمہ عمرو شرعًا ہے یا نہین یا شرعًا عمرو مذکور مالک مستقل کل مال مشترا اپنے کا ہی فقط
ہو المصوب اگر فی الواقع عمرو نے وعدہ اشتراک کا کیا تھا تو اوسکے وفا نکرنے سے
وہ گنہگار ہوا حموی حاشیہ اشباہ مین لکھتے ہین فی الدرر والغرر من کتاب العاریۃ ما
یفید ان خلف الوعد مکروہ انتہی ایضا اور اشباہ مین ہی الخلف فی الوعد حرام کذا فی اضحیۃ الذخیرۃ انتہی

علی تلقی کتابیہما بالقبول واختلاف البعض فی الیسیما انتہی اور بھی بعد چند سطور کے لکھتے ہین ور د انہما قد حصل الاتفاق علی القول بتعدیلہم بطریق اللزوم فان العلماء لما تلقوا کتابیہما بالقبول لزم القول بتعدیل رجالہما فہم مقدمون علی غیرہم فی روایاتہم وہذا اصل لایخرج عنہ الا بدلیل انتہی اور سیوطی تدریب الراوی شرح تقریب النواوی مین لکھتے ہین قال ابن دقیق العید فی الاقتراح لیعرف ثقۃ الراوی بالتنصیص علیہ من رواتہ او تخریج احد الشیخین لہ فی الصحیح وان تکلم فی بعض من خرج لہ فلا یلتفت الیہ او تخریج من اشترط الصحۃ انتہی اور ملا علی قاری مکی حنفی شرح شرح نخبۃ الفکر مین کہتے ہین ر و انہما قد حصل الاتفاق علی القول بکونہم عدولا وضابطا وغیرہما من اوصاف الصحۃ غالبا بطریق اللزوم فہم ای البخاری ومسلم وصاحب شرطہما او ما لہما مقدمون علی غیرہم فی روایاتہم انتہی اور ایسا ہی شرح الفیۃ الحدیث للعراقی وللسخاوی وللانصاری مین اور مقدمۂ ابن صلاح مین اور خلاصۂ طیبی اور مختصر ابن جماعہ مین الی غیر ذلک من کتب الاصول مذکور ہے **جواب سوال دوم** یہ الفاظ عمدہ ترین مراتب تعدیل سے ہین اور بعد ورود ان الفاظ کے کسی راوی کے حق مین شبہۂ اسلام یا عقل یا ضبط یا عدالت مین کرنا کسی عاقل کا کام نہین ہے سخاوی فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث مین لکھتے ہین قال الذہبی ان قولہم ثبت وحجۃ وامام وثقۃ ومتقن من عبارات التعدیل التی لانزاع فیہا انتہی اور مقدمۂ ابن صلاح اور مختصر ابن جماعہ وغیرہ مین ہے اما الفاظ التعدیل فعلی مراتب الاولی قال ابن ابی حاتم اذا قال للواحد انہ ثقۃ او متقن فہو ممن یحتج بحدیثہ قلت وکذا اذا قیل ثبت او حجۃ وکذا اذا قیل فی العدل انہ حافظ او ضابط انتہی **جواب سوال سوم** یہ کہنا اوسکا ضلالت وحماقت ہے اولا تو اسوجہ سے کہ جلالت قدر مصنف تقریب حافظ ابن حجر عسقلانی کے کہ کتب تواریخ اور طبقات کے معائنہ سے معلوم ہوتی ہے اس امر کو مقتضی ہے کہ اونکا قول باب جرح وتعدیل مین خواہ مخواہ معتبر ہوگا ثانیا اسوجہ سے کہ جو تعدیل وجرح تقریب مین مذکور ہے وہ صرف قول مصنف تقریب کا نہین ہے بلکہ قول ایک جماعت ائمہ حدیث کا ہے اسوجہ سے اولا ابو الحجاج مزی دمشقی نے جو باب رجال مین دستگاہ تمام رکھتے تھے صحاح ستہ کے

یہ روایت صحیح مسلم مین اخذ کی گئی ہے جیسا کہ نووی نے مقدمۂ شرح صحیح مسلم مین لکھا ہے و اعلم ان ما کان
من ہذا القبیل محتجا بہ فی الصحیحین فہو مما علم انہ اخذ قبل الاختلاط یا بخلاف اسکے بعد تغیر حفظ حماد کے **سوال پنجم**
رفع سبابہ کی حدیث جو باسانید متعددہ صحیح مسلم مین مروی ہے اوسکے سب راوی تقریب مین مذکور
ہین یا نہین **سوال ششم** زید کہتا ہے کہ تشہد مین رفع سبابہ جو حدیث شریف مین آیا ہے مین
جب کرونگا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ آنحضرتؐ نے کیا تھا فرض یا سنت یا مستحب یا مباح پس یہ کہنا اوسکا
درست ہے یا مبنی بر جہالت و گمراہی ہے **سوال ہفتم** زید کہتا ہے کہ حدیث جبکہ متواتر یا مشہور ہو تو اوسپر
عمل کرونگا اور اگر خبر واحد ہے تو اوسپر عمل کرنا واجب نہین حالانکہ اصول فقہ مین مرقوم ہے خبر احد کے
نسبت و انہ یوجب العمل دون العلم و الیقین پس موافق اصول حنفیہ کے یہ کہنا اوسکا صحیح
اور حدیث کو بوجہ خبر واحد ہونے کے غیر معمول بہ ٹھہرانا جائز ہے یا نہین اور اگر نہین ہے
تو زید پر بوجہ اس قول و عقیدہ کے کیا حکم دیا جاوے گا **سوال ہشتم** متعلقہ مصافحہ
مرقاۃ شرح مشکوۃ مین مصافحہ بعد الصلوۃ کو بدعت مذمومہ اور رد المحتار حاشیہ در المختار
مین بحوالہ تبیین المحارم نقلا عن الملتقط مکروہ و سنۃ روافض اور مجموعہ ماوراء النہر مین بحوالہ کافی مکروہ
و سنت روافض اور فتاوی ابراہیم شاہی مین مکروہ و سنت روافض اور محیط مین مصافحہ بعد صلوۃ الجمعہ
و عیدین کو مکروہ و سنت روافض اور مجالس الابرار مین بدعت و مردود اور وظائف النبی مین بدعت
ممنوعہ اور ترجمہ مشکوۃ شیخ عبد الحق رہ مین بدعت لکھا ہے یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب
جواب سوال اول ایسا شخص جو رواۃ صحیح مسلم مین شبہہ کرے کہ مسلم و عاقل تھے یا نہین وہ شخص
یا تو محض جاہل ہے فنون حدیث و اسماء رجال سے مطلقا واقفیت نہین رکھتا ہے یا معاند اور گمراہ ہے
ائمہ حدیث نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری پھر صحیح مسلم ہے اور اس امر پر
کہ رواۃ صحیحین کے سب قابل قبول و مستجمع شرائط قبول ہین بجز چند رواۃ بخاری و مسلم کے کہ اونپر دار قطنی
وغیرہ نے جرح کی ہے لیکن اکثر اون جرحون کا دفع شراح حدیث نے خصوصا حافظ ابن حجر عسقلانی نے
مقدمہ فتح الباری مین کر دیا ہے ملا اکرم بن عبد الرحمن سندی حنفی امعان النظر بشرح شرح نخبۃ الفکر مین لکھتے
ہین و یلتحق بہذا التفاضل ما اتفق الشیخان علی تخریجہ بالنسبۃ الی ما انفرد بہ احدہما و ما انفرد بہ البخاری بالنسبۃ
الی ما انفرد بہ مسلم فالاول من المرتبۃ العلیا و الثانی مما یلیہا و الثالثۃ مما یلیہا لاتفاق العلماء و بعدہما

مکروہ و ممنوع وغیرہ لکھا ہے اور ایسا ہی اور کتب محققین مین بھی موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ
القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۱۴۱ کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً زید نے کسیقدر روپیہ
حسبۃً للہ ایک مسلمان کی دوکان مین جمع کر دیا اس غرض سے کہ اوس سے کاروبار تجارت کا ہو
اور اوسکی اصل یا منافع سے صرف مدرسۂ اسلامیہ کا جو فلان مسجد جامع مین ہے عمل مین آیا کرے اور ایک وصیت
نامہ بھی اس مضمون کا لکھکر چند اشخاص اسلام کو جنکے مشورہ سے مہمات مسجد مذکور مع چند مساجد دیگر کی انجام
ہوتے تھے اور منجملہ اون اشخاص کے زید خود بھی تھا واسطے انصرام اس وصیت کے وصی مقرر کیا اور یہ اشخاص
ممبران کمیٹی مساجد مذکو کہلاتے تھے بعدہ ممبران کمیٹی نے بصوابدید کثرت رای کے اوس مدرسہ سے
مدرس عربی کو مع طلبہ اوس مسجد سے اوٹھاکر دوسری مسجد مین لیگئے جسکے مہمات متعلق ممبران کمیٹی مذکور
نہ تھے بلکہ وہ اہتمام مین صرف خالد کے تھی جو اس کمیٹی کا افسر تھا مگر نام اوسی جزء مدرسہ کا جو مسجد آخر الذکر
مین اوٹھ گیا وہی مدرسہ اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر قائم رہنے دیا اور ایک مدرس حافظ قرآن مع طلبہ
مسجد اول الذکر مین رہنے دیا اور چندہ جو نام سے مدرسہ اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر کے وصول ہوتا تھا
اوس سے تنخواہ دونون مدرسونکی دیجاتی تھی بعدہ زید فوت ہوا اور عمرو بجاے اوسکے ممبر اوس کمیٹی کا
بمشورہ جملہ ممبران کمیٹی باقی ماندہ کے مقرر ہوا بعدہ بکر منجملہ ممبران کمیٹی کے ایک شخص شرکت مجلس مشورہ
مساجد مذکور سے اور مدرس مذکور مداخلت مسجد مذکور یعنی مداخلت مسجد اول الذکر سے باتفاق جملہ بقیہ ممبران
کمیٹی ممنوع کیے گئے مگر خالد افسر کمیٹی نے مسجد آخر الذکر مین اوسکو قائم رہنے دیا و برخاست نہین کیا اوسیوقت
مسجد اول الذکر مین دوسرا مدرس عربی مقرر ہوا اور چندہ جو واسطے مدرسہ کے مسلمانون سے وصول ہوتا تھا متفرق
ہوگیا کچھہ مسلمان مدرسہ جدید واقع مسجد اول الذکر مین دینے لگے اور کچھہ مسلمان مسجد آخر الذکر مین اور اہتمام دونون
مدارس کا علیحدہ ہوگیا مدرسہ مسجد اول الذکر باہتمام عمرو کے رہا اور مدرسہ آخر الذکر باہتمام بکر کے لیکن مدرس حافظ
قرآن کی تنخواہ کسی مصلحت سے مسجد آخر الذکر کے چندہ سے بدستور ملتی تھی بعدہ مدرس حافظ قرآن متعینہ مسجد
اول الذکر بہ ترک نوکری رخصت ہوا اور بجاے اپنے دوسرے حافظ کو مقرر کرنا چاہا لیکن عمرو مہتمم مدرسہ
مسجد اول الذکر نے بنا منظور رکھی وسکے دوسرا حافظ مقرر کیا الا بکر نے اوسی حافظ کو جسکو حافظ معزول نے
مقرر کرنا چاہا تہا مسجد آخر الذکر مین مقرر کر دیا اور مدرسہ حفظ قرآن وہان بھی جاری کیا اور تنخواہ مدرسہ

فی کتاب الوقف
از افادات مولوی قطب الدین صاحب ...
یعنی سند ... رسوانقص ... مردود ... ۱۱۲

رجال کیواسطے تہذیب الکمال تالیف کی اور اوسمین اقوال محدثین متقدمین سے جرح وتعدیل نقل کی
بعد اوسکے حافظ ابن حجر نے اوسکی تلخیص کرکے مع زیادات کثیرہ کے تہذیب التہذیب تصنیف کی
پھر اوسکی تلخیص تقریب مین کی پس جو جرح وتعدیل تقریب مین مذکور ہے وہ وہی ہے
کہ تہذیب التہذیب اور تہذیب مین بنظر اقوال محدثین مذکور ہے پس کوئی جرح وتعدیل تقریب
مین ایسی نہین ہے کہ جسکی تصدیق باقوال محدثین سابقین نہوئی ہو جیساکہ ماہرین پر ظاہر ہے
وَمَنْ لَمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَالَہٗ مِنْ نُوْرٍ **جواب سوال چہارم** فی الواقع یہ روایت
قبل اختلاط کے ہے نہ بعد اختلاط کے جیساکہ نووی کی عبارت سے واضح ہوا اور فتح المغیث
مین ہے ماوقع فی الصحیحین او احدہما من التخریج لمن وصف بالاختلاط فانا نعرف علی الجملۃ
ان ذلک مما ثبت عند المخرج انہ من قدیم حدیثہ انتہی **جواب سوال پنجم** رفع سبابہ کی
جو احادیث صحیح مسلم مین ہین اونکے سب رواۃ کا حال تقریب مین مذکور ہے جیساناظر تقریب وغیرہ پر
ظاہر ہے اور احادیث رفع سبابہ کی سوائے صحیح مسلم کے اور کتب حدیث مین بھی بطرق متعددہ
مروی ہین مثل سنن ابو داؤد وسنن نسائی وسنن دارمی وجامع ترمذی وسنن بیہقی ومسند
احمد وموطا مالک وموطا محمد ومصنف عبد الرزاق ومسند ابو یعلی ومصنف ابن ابی شیبہ
ومعجم طبرانی وسنن سعید بن منصور وغیرہ چنانچہ ملا علی قاری حنفی نے اپنے رسالہ تزئین
العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین بعد ذکر ان سب روایات کے تحریر کیا ہے وبالجملۃ فہو
مذکور فی الصحاح الست وغیرہا مما کاد ان یکون متواترا بل یصح ان یقال انہ متواتر معنی
فکیف یجوز لمؤمن باللہ ورسولہ ان یعدل عن العمل بہ ویاتی التعلیل فی معرض النص الجلیل
مع ان ذلک مدخول صدر من العلیل انتہی اور بعد اسکے بتفصیل تمام سنیت اشارت کو ثابت
کیا ہے اور قول عدم رفع کو مردود کردیا ہے **جواب سوال ششم وہفتم** یہ دونون قول زید کے
مخالف اصول حنفیہ کے ہین تمام کتب اصول از مختصرات تا مطولات اس امر کی تحقیق سے مالامال
ہین بلکہ خلاف ائمہ ثلاثہ ابو حنیفہ ومحمد وابو یوسف کے بھی ہین کیونکہ امام ابو یوسف نے امالی مین سنیت
اشارۃ کی تصریح کی ہے اور امام محمد نے موطا مین بھی اسکو ذکر کیا ہے اور اوسکو امام ابو حنیفہ کیطرف
منسوب کیا ہے **جواب سوال مصافحہ** فی الواقع ان کتب مین مصافحہ بعد الصبح وبعد العصر کو بدعت

مزید و تفتیش بلیغ بر روایات کتب ظاهر الروایت و اکثر شروح آنها بمنو التوجه دانفقط هو المصوب
عبارات فقها در باب محاریب مختلف اند بعض از انها دال بران اند که وجود آنها در عصر نبوی بوده
و بعض بران دال اند که بنای محاریب محدث ست و آنچه از معائنه کتب احادیث واضح می شود
این ست که حدوث محاریب بطوریکه مروج اند در عهد نبوی نه بوده بلکه اصل آن از نصاری ست
و آنحضرت صلی الله علیه وسلم ازان منع فرموده و حدوث آنها در عهد تابعین گشته و از جمعی
از صحابه بران انکار رفته علامه جلال الدین سیوطی در تفسیر در منثور زیر آیه کریمه فنادته الملائكة
وهو قائم يصلي في المحراب می نویسند اخرج الطبرانی والبیهقی فی سننه عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه
وسلم قال اتقوا هذه المذابح یعنی المحاریب و اخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن موسی الجهنی قال
قال رسول الله لا تزال امتی بخیر ما لم یتخذوا فی مساجدهم مذابح کمذابح النصاری و اخرج ابن
ابی شیبة فی المصنف عن ابن مسعود قال اتقوا هذه المحاریب و اخرج ابن ابی شیبة عن عبید بن
ابی الجعد قال کان اصحاب محمد یقولون ان من اشراط الساعة ان یتخذ المذابح فی المسجد یعنی
الطاقات و اخرج ابن ابی شیبة عن ابی ذر قال ان من اشراط الساعة ان تتخذ المذابح فی
المساجد و اخرج عن کعب انه کره المذبح فی المسجد انتهی و نیز سیوطی در کتاب الوسائل
بمعرفة الاوائل می نویسند اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز حین بنی المسجد
النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال انتهی و نیز سیوطی در رساله خود اعلام الاریب
بحدوث بدعة المحاریب نوشته ان قوما خفی علیهم کون المحراب فی المساجد بدعة وظنوا انه کان
فی مسجد النبی صلی الله علیه وسلم فی زمنه ولم یکن قط فی زمانه ولا فی زمان الخلفاء ومن
بعدهم الی المائة الاولی وانما حدث فی اول المائة الثانية مع ورود الحدیث بالنهی
عن اتخاذه وانه من شان الکنائس وان اتخاذه فی المسجد من اشراط الساعة انتهی پس
سیوطی دران رساله ذکر اخبار و آثار مع ذکر سند آنها و توثیق رواة کرده منجمله آن
همان اخبار اند که از در منثور منقول اند و منجمله آن قول ابن مسعود انما کانت المحاریب للکنائس فلا تشبهوا
باهل الکتاب یعنی انه کره الصلوة فی الطاق اخرجه البزار فی مسنده برجال ثقات و بهرگاه حال احداث
محاریب معلوم شد پس در مسجد واحد احداث محاریب متعدده که مفضی به تکرار جماعت بلا ضرورت ست

حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر کو جو چندہ مسجد آخر الذکر سے ملتی تھی موقوف کر دی اب دونوں مسجدونکے مدارس کے چندے اور مصارف بالکل علیحدہ ہو گئے ایک کی آمدنی اور مصارف سے دوسرے مدرسے اور مسجد سے تعلق نہین ہی پس اب وہ روپیہ جو زید نے واسطے مصارف مدرسہ مسجد جامع یعنی مسجد اول الذکر کے دو کان مذکور مین جمع کیا تھا کس مدرسہ کے مصارف مین خرچ ہونا شرعًا واجب ہی آیا ممبران کمیٹی کو صرف کرنا اوس روپیہ کا مدرسہ اسلامیہ مسجد جامع مین داخل ہی یا مدرسہ واقع مسجد آخر الذکر مین واگر اوس روپیہ سے کوئی جائداد تعمیر ہوئی ہو تو اوسکی آمدنی کس مدرسہ مین شرعًا صرف ہونا چاہیے اور کس مدرسہ مین صرف ہونے سے تعمیل وصیت ہوتی ہی اور کس مدرسہ مین صرف ہونا خلاف تعمیل وصیت ہی اور اوس خلاف تعمیل وصیت سے ممبران کمیٹی جو اوصیا عند اللہ مین گنا ہگار ہونگے یا نہین بینوا بالکتاب توجروا بالصواب ھو المصوب چونکہ شرط واقف کی لازم العمل ہی اور صورت سوال مین واقف نے تقیید مدرسہ اسلامیہ ساتھ واقع مسجد جامع کی ہی بنا علیہ اوس روپیہ کا مصروف ہونا مدرسہ مسجد جامع مین چاہیے نہ مسجد اخیر کے مدرسہ مین بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہی فان قلت اذا کان لہ درس فی جامع ولازم بانیہ ان یکون عما علیہ فی مدرستہ هل یستحق المعلوم فی المدرسۃ قلت لا یستحق الا اذا باشر فی المکان المعین بکتاب الوقف لقولہ فی شرح المنظومۃ اما لو شرط الواقف فی ذلک کلہ شروطًا اتبعت انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۱۴۹۱ چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین درین مسائل اول آنکہ قیام امام در محراب بطوری کہ در کتب فقہیہ مذکور ست سنت ست یا مستحب یا مباح زیرا کہ در اکثر کتب معتبرہ بلفظ لا باس گفتہ اند ودر تاتارخانیہ بنقل شامی سنت فرمود دوم آنکہ احداث محاریب در مسجد واحد جائز ست یا نہ در تاتارخانیہ وجامع الرموز وصلوۃ مسعودی ودر فتاوی عالمگیری وغیرہ خیرے آوردہ اند کہ نصب محاریب از صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم صادر شدہ ودر جذب القلوب وسفر السعادت آوردہ کہ در زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم محاریب بودند ودر فتح القدیر وکبیری باین لفظ آوردہ فانہ یبنی فی المساجد المحاریب من لدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو لم تبین کان السنۃ ان یتقدم فی محاذات ذلک المکان ودر رد المحتار فی ذیل قولہ فوق بیت آہ آوردہ ای موضع عد للسنن والنوافل بان یتخذ لہ محراب وینظف ویطیب کما امر بہ صلی اللہ علیہ وسلم فہذا مندوب ودر غرائب آوردہ وبہ امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ لیتخذوا فی منازلہم محاریب لصلاتہم ازینجا معلوم میگردد کہ در عصر آنحضرت نیز محاریب بودہ اند پس بعد از تحقیق

صحیح البخاری مین لکھتے ہین یستحب السجود لمصلی فی غیر الصلوۃ ویحرم فیہا فان سجد فیہا عمدًا عالمًا بتحریمہا بطلت صلاتہ بخلاف فعلہا سہوًا او جہلا لعذرہ انتہی **جواب سوال دوم** وجوب سجدۂ تلاوت کے تین سبب ہین ایک تلاوت آیۂ سجدہ دوسرے سماع آیت سجدہ تیسرے اقتداء اگرچہ سماع نہو جیسا کہ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہی یجب علی التالی وعلی السامع وعلی المؤتم تلاوۃ امامہ وان لم یسمعہا لوجوب المتابعۃ علیہ انتہی اور وجوب سجدہ مین بوجہ سماع کے مذہب سامع معتبر ہے نہ مذہب تالی جیسا کہ بحر رائق مین ہی فی التجنیس التالی والسامع ینظر کل واحد منہما الی اعتقاد نفسہ کالسجدۃ الثانیۃ فی سورۃ الحج لیس بموضع السجدۃ عندنا وعند الشافعی ہو موضع السجدۃ لان السامع لیس بتابع للتالی تحقیقا حتی یلزمہ العمل برایہ لانہ لا شرکۃ بینہما انتہی بنا برعلیہ جب مقتدی حنفی نے آیت سجدۂ صاد کی امام شافعی سے سنی سجدہ اوسپر واجب ہوگیا نہ امام پر جیسا کہ سجدۂ ثانیہ مین حج کے امر بالعکس ہی لیکن اس واجب کے مقتدی کے ادا کرنے کی کوئی صورت نہین ہی نہ نماز مین اور نہ خارج نماز لیکن نماز مین پس اسوجہ سے کہ مخالفت لازم آتی ہے اور مقتدی کو متابعت امام کی ضرور ہے اسیوجہ سے جب امام حنفی ہو اور وہ باوجود وجوب سجدہ کے اوسپر ادا وسکے مقتدی پر کسیوجہ سے سجدہ نکرے مقتدی کو بھی لازم ہے کہ سجدہ نکرے پس جب امام شافعی کہ جسپر سجدہ واجب نہین ہوا سجدہ نکریگا مقتدی حالت اقتدا مین بدرجہ اولی سجدہ نہین کرسکتا غنیۃ المستملی مین ہے لو لم یسجد الامام لا یسجد المقتدی وان سمعہا لانہ مامور بالمتابعۃ وعدم المخالفۃ انتہی اور بھی اوسمین ہے فی نظم الزندویسی خمسۃ اشیاء اذا لم یفعلہا الامام لا یفعلہا القوم القنوت وتکبیرات العیدین والقعدۃ الاولی وسجود التلاوۃ وسجود السہو انتہی اور بھی اوسمین ہے الاصل فیہ وجوب متابعۃ الامام فی الواجبات فعلا وکذا ترکا ان کانت فعلیۃ او قولیۃ یلزم من فعلہا المخالفۃ فی الفعل انتہی اور لیکن خارج نماز کے پس اس وجہ سے کہ جو سجدۂ تلاوت صلاتیہ ہو وہ خارج نماز کے ادا نہین ہوسکتا بحر رائق مین ہی ولم یقض الصلاتیۃ خارجہا لان السجدۃ المتلوۃ فی الصلوۃ افضل من غیرہا فلم یجز اداؤہا خارج الصلوۃ لان الکامل لا یتادی بالناقص انتہی اور در مختار مین ذکر واجبات صلوۃ مین مذکور ہے ومتابعۃ الامام یعنی فی المجتہد فیہ لا فی المقطوع بنسخہ او بعدم سنیتہ کقنوت فجر انتہی اور بر ظاہر ہے کہ سجدہ سورۂ صاد کا مجتہد فیہ ہے جیسا کہ عبارت رد المحتار المراد بالمجتہد فیہ ما کان مبنیا علی دلیل معتبر شرعًا

بدرجہ اولی نا جائز خواہد شد ولہذا ہنگامیکہ در حرمین شریفین تعدد محاریب شدہ علمای آن زمان منع کردند لیکن سلاطین مخالفت شان رابخیال نا آوردند تا بارا قرا گاہ در رسالہ خود الایقاظ النیام می نویسند در سلف صالح تکرار جماعت وحدوث محاریب وائمہ در چار جہت کعبہ نرسیدہ ونیست این تکرار مگر از حوادث زمان ونوائب دوران وحدوث این محاریب در مکہ معظمہ در سنہ ہفتصد ونودسی سال ست وحدوث جماعت ثانیہ در مکہ مکرمہ در سنہ ہشتصد وشصت سال وحدوث محراب ثانی آن بعد سنہ ۹۴۰ نہصد وچہل سال بوقوع پیوست ہرچند علمای آن زمان مساعی نمایان در منع آن کار فرمودند مفید نشد وکان قدرا مقدورا پس در ظنون واوہام عوام این خیال خام استحکام یافت کہ امر سیست معروف کہ اہل حرمین آن را پسند کردہ اند انتہی وچون ثابت شد کہ تعدد محاریب بلکہ نفس احداث آن در عصر نبوی وعصر صحابہ نبودہ لاجرم قیام دران سنت نخواہد بود ہمین دست اکثر فقہا آن رابلفظ لاباس کہ اشارت بہ ترک اولی می سازد ترقیم فرمودہ اند البتہ امتیاز امام وتقدمش بر سائر صفوف وقیامش بمحاذات وسط صفوف سنت است کہ از احادیث مرفوعہ وغیرہ ثابت است واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (ابو الحسنات محمد عبد الحی)

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں **سوال اول** سجدہ سورہ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب ہی یا نہیں اور حالت نماز میں اونکے نزدیک سجدہ صاد کا درست ہی یا نہیں **سوال دوم** تراویح میں امام اگر شافعی ہو اور مقتدی حنفی ہو اور سورۂ صاد کا سجدہ واجب ہوگا یا نہیں اور اگر مقتدی پر واجب ہوگا تو اوسکو حالت نماز یا خارج نماز ادا کر سکتا ہی یا نہیں اور اگر ادا نہیں کر سکتا تو اوسکے ذمہ پر باقی رہتا ہی یا ساقط ہو جاتا ہی اور حالت اقتدا میں اگر ضمن رکوع وسجود صلوۃ میں نیت کرے تو ادا ہو سکتا ہی یا نہیں **سوال سوم** تراویح میں اگر امام شافعی ہو بلحاظ اسکے مقتدیوں سے جو حنفی ہیں سجدہ صاد کا اچھی طرح سے ادا ہو جاوے ایک ترویحہ کا امام حنفی ہوکے رکوع سجدۂ صاد کے پڑھ کے سجدہ کرے اور شافعی وسکی اقتدا کرے تو جائز ہی یا نہیں اور تعدد امام سے تراویح میں کچھہ خلل ہوتا ہی یا نہیں اور ایک ترویحہ میں حنفی کے امام ہونے سے تحریمہ استخلاف شافعیہ لازم آتا ہی یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب جواب سوال اول سجدہ سورۂ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب نہیں بلکہ خارج نماز مستحب ہی اور حالت نماز میں حرام ہی بلکہ مفسد صلوۃ ہے اگر سجدہ کریگا لا عمدا سجدہ کرے اور حکم حرمت سے واقف ہو علامہ عسقلانی شافعی ارشاد الساری شرح

قصد التلاوة كما هو ظاهر لانه اذا الجسم المبطل وغيره غلب المبطل ١٢ منه عفي عنه ۵ قال في التحفة وانما بطل ان تعمد وعلم التحريم ما لا فلا ١٢ منه

یہ معلوم ہوا کہ اگر امام فی الفور بغیر فصل طویل رکوع وسجدۂ صلاتیہ کرے اور نیت ادائے رکوع وسجود کی کرے نہ سجدۂ تلاوت کی اس صورت مین بھی مقتدیون سے ضمن سجدۂ صلاتیہ مین نیت کرین یا نہ کرین سجدۂ تلاوت ادا ہو جاوے گا بناءً علیہ امام شافعی کو بہتر ہی کہ بعد قرأت آیت سجدۂ صاد کے دو تین آیت پڑھ کے رکوع اور سجدۂ نماز بدون نیت سجدۂ تلاوت کرے تا مقتدیون سے سجدۂ تلاوت خود بخود ادا ہو جاوے کیونکہ اگر نیت سجدۂ تلاوت کی کرے گا تو اوسکے مذہب کے موافق فساد ہوگا اور اگر بعد فصل طویل کے رکوع وسجود کرے گا تو مقتدی حنفی سے سجدۂ تلاوت فوت ہو جاویگا اور اس صورت مین کہ بعد دو تین آیت کے رکوع اور سجدہ کرے نہ بقصد سجدۂ تلاوت بلکہ بقصد اتمام رکعت کسی مذہب والے کا نقصان نہوگا

جواب سوال سوم

تراویح دو امام سے بھی پڑھنا درست ہی جیسا کہ فتاوی قاضیخان وغیرہ مین مصرح ہی لیکن اولی یہ ہی کہ ایک ایک ترویحہ سے کم نہ ادا کرے فتاوی قاسم بن قطلوبغا حنفی مین ہے

اذا صلی الترویحة الواحدة امامان کل واحد منهما تسلیمة اختلف المشائخ فیه قال بعضهم لا باس به والصحیح انه لا یستحب ذلک ولکن کل ترویحة یؤدیها امام واحد وعلیه عمل اهل الحرمین وغیرهم ویکون تبدیل الامام بمنزلة الانتظار

انتهی اور ملا باقر آگاہ شافعی رسالۂ ایقاظ القیام فی التقلید بمقلد کل امام مین لکھتے ہین در فتح الجواد فرمودہ واین یعنی سجدۂ ص مستثنی ست از وجوب مفارقت نزد فعل امام مبطل را در اعتقاد ماموم نظر برینکہ جنس سجدۂ تلاوت مغتفر شود در نماز انتهی اور بھی اوسمین ہی قول تحفہ بمنزلۂ ساہی وقول ابن قاسم بمنزلۂ جاہل این معنی دارد کہ ہرچہ از ساہی وجاہل مغتفر شود اگر امام حنفی آن را بعمل آرد از وی مغتفر شود و شافعی از اقتدای او ممتنع نگردد انتهی ان دونون عبارتونسے معلوم ہوا کہ اگر بقدر ترویحہ سجدۂ صاد کے امام حنفی کیا جاوی تو بہتر ہی کہ تراویح کے ادا مین خلل نہوگا اور سجدہ بھی حنفیونسے ادا ہو جاویگا اور شافعی کی نماز و اقتدا مین بھی کچھہ فتور نہوگا اور یہ خیال کرنا کہ اس مین تحقیر و استخفاف شافعیہ ہی قبیل وساوس سے ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی محمد وآلہ وصحبہ الکریم - اما بعد بعالی خدمت فیضدرجت نکتہ

بحیث یسوغ للمجتہد بسببہ مخالفۃ غیرہ انتہی سے واضح ہے پس آمین بھی متابعت امام شافعی کی ضروری ہے
جیسا کہ سجدۂ ثانیۂ حج میں متابعت امام شافعی کی ضروری ہے حواشی طحطاویہ للدر المختار میں ہے قولہ
للمتابعۃ ظاہرہ انہ یجب علیہ متابعۃ الشافعی فی سجود الثانیۃ من سورۃ الحج لوجود الشرکۃ بخلاف
خارج الصلوۃ انتہی ہرگاہ یہ معلوم ہوا کہ مقتدی حنفی سجدہ کو نہ خارج نماز ادا کر سکتا ہے
اور نہ نماز میں بوجہ متابعت امام کے پس بالضرورت یہ سجدہ مقتدی سے ساقط ہو جاوے گا
باقی رہا ادا ہونا اوسکا ضمن میں رکوع یا سجود نماز کے پس نزدیک حنفیہ کے سجدۂ تلاوت
رکوع میں ساتھ نیت کے اور سجود میں بدون نیت کے اور بعض کے نزدیک بشرط نیت کے
ادا ہو جاتا ہے بشرطیکہ رکوع اور سجود بعد قرأت آیت سجدہ کے فی الفور ہو اور فصل بمقدار
چار آیت یا تین آیت علی الاختلاف نہو بحر رائق میں ہے لو لم یرکع حتی طالت القراءۃ لم تجزہ وان
نواہ عن السجدۃ وکذا السجدۃ الصلاتیۃ لا ینوب عنہا اذا طالت القراءۃ واذا لم تطل القراءۃ
لا یحتاج الرکوع او السجدۃ الصلاتیۃ فی اقامتہا عن سجود التلاوۃ الی النیۃ ومن المشائخ
من قال یحتاج النیۃ واکثر المشائخ لم یقدروا طول القراءۃ بشیٔ وبعضہم قالوا ان قراءۃ
آیۃ او آیتین لم تطل وان قرأ ثلاثا طالت والظاہر ان الثلث لا یعدم الفور انتہی ملخصا اور
بھی اوسمیں شرح قول کنز ولم یقض الصلاتیۃ خارجہا میں ہے محل سقوطہا ما اذا لم یرکع لصلاتہ
ولم یسجد صلاتیۃ فانہ ینوب عنہا اذا کان علی الفور انتہی اور در مختار میں ہے لو نواہا
الامام فی رکوعہ ولم ینوہا المؤتم لم تجزہ ویسجد اذا سلم الامام ویعید القعدۃ ولو ترکہا فسدت
صلاتہ کذا فی القنیۃ وینبغی حملہ علی الجہریۃ نعم لو رکع وسجد لہا فورا ناب بلا نیۃ انتہی
اور حواشی طحطاوی میں ہے قولہ نعم استدراک علی قولہ لم تجزہ یعنی ان عدم
الاجزاء للمؤتم فیما اذا نواہا الامام فی الرکوع اما اذا لم ینوہا فیہ بان نواہا فی السجود او لم
ینوا اصلا فلا شیٔ علی المؤتم نواہا او لم ینوہا بشیٔ انتہی اور رد المحتار میں ہے قولہ
نعم لو رکع وسجد لہا ای للصلوۃ فورا وان لم ینو والظاہر ان المقصود بہذا الاستدراک
التنبیہ علی انہ ینبغی للامام ان لا ینویہا فی الرکوع لانہ اذا لم ینوہا فی الرکوع ونواہا فی
السجود او لم ینوہا اصلا لا شیٔ علی المؤتم لان السجود ہو الاصل فیہا انتہی ان عبارات سے

٥ یعنے سورۂ حج کے سجدہ دومین مقتدی حنفی کو متابعت امام شافعی کی ضروری ہے

بین الحرفین الا بمشقۃ کالضاد مع الظاء الخ ضرور تہا کہ جہان کہین حرف ضاد ہو اگر اوسکے بدلے
ظا پڑھ لیا جاوے تو مفسد صلوۃ نہو حالانکہ یہہ حکم مطلقاً راست نہین آتا ہی کیونکہ اوسی
فتاوی مین موجود ہی وکذا لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلاتہ پس عمومیت
اس قاعدہ کی باطل ہوئی دوم ذخیرہ کہ کتب معتبرہ اور مستنداو مین الناس سے ہی اوسمین لکہا ہی
کہ اگر دو حرف ایسے ہون کہ درمیان اون دونون حرفون کے نہ اتحاد مخرج ہو اور نہ قرب اومکا مگر
یہ کہ بیچ ابدال ایک کے بجاے دوسرے کے بلوی عام ہو جیسے لانا زای محض کا بجای ذال معجمہ کے
یا ظای معجمہ کو بجای ضاد معجمہ کے پس اس صورت مین نزدیک بعض مشائخ کے نماز فاسد نہوگی انتہی ترجمۃ
ہذا فی المنیۃ اور فتاوی قاضیخان مین اسکے برخلاف لکہا ہی کیونکہ مذہب ابدال ظای معجمہ بجا ضاد معجمہ
و بالعکس اوسکے منسوب باکثر فقہا کیا ہی اور قول فساد صلوۃ کو اس صورت مین منسوب بہ بعض کیا ہی
جیسا کہ ملاحظہ عبارت مرقوم الصدر وان کان الخ سے ظاہر ہوتا ہی اور صاحب درمختار نے بہی
اس قول مین موافقت قاضیخان کی کی ہی چنانچہ عبارت درمختار یہ ہی کالضاد مع الظاء فاکثرہم علی انہ لم
تفسد ہا پس یا ان دونون عبارت یعنی قاضیخان وذخیرہ مین تطبیق دیجاوے یا کوئی قول ان دونون سے
غلط قرار دیا جاوے ورنہ اجتماع النقیضین لازم آتا ہی اور ہر دو روایات مین تعارض واقع ہوتا ہی اور
اصول کا مسئلہ ہی اذا تعارضا تساقطا سیوم بعض لوگ اس عبارت فتاوی قاضیخان سے استدلال
کرتے ہین اس بات پر کہ ضالین کو ساتہ دال کے پڑہنا مفسد صلوۃ ہی اور ظا و ذال سے پڑہنا مفسد
نماز نہین ہی وعبارتہ ہکذا ولو قرء الظالین بالظاء او بالذال لا تفسد صلاتہ ولو قرء الدالین بالدال
تفسد صلاتہ الا اس عبارت سے استدلال کرنا اس بات پر مخدوش ہی کیونکہ جس
لفظ ولا الضالین مین یہ بحث ہی وہ صرف ضاد ہی اور صاحب فتاوی مذکورنے یہ حکم
اوس لفظ ولا الضالین مین بیان کیا ہی جو حرف بدلہ ظا سے ہی جیسا کہ ملاحظہ عبارت
فتاوی مذکور مطبوعہ قدیم کلکتہ سے ظاہر ہوتا ہی پس دلیل دعوی پر منطبق نہوئی اور اگر
یہ تاویل اسکی کیجاوے کہ یہ زلۃ قلم ناسخ سے ہی تو جب بہی خدشہ باقی ہی اولا اسکی کیا دلیل
کہ یہ زلۃ قلم ناسخ ہی اور بر تقدیر صحیح ہونے اور تسلیم کر لینے اس بات کی کہ یہ بیشک ناسخ سے
سہو ہوا تاہم مفید مدعا و مستدل نہین کیونکہ طحطاوی مین تحت قول صاحب درمختار
باب ما یفسد الصلوۃ

دان کلام الٰہی یا بندۂ رموزات احادیث مصطفوی امام العلما قدوۃ الفضلا مولانا و اولانا مولوی حافظ محمد عبدالحی صاحب قبلہ ادام اللہ تعالے فیوضاتکم۔ بعد التماس آداب تسلیم واضح رای شریف ہووے کہ عنایت نامۂ والا مع فتوی حسب خواہش مسکینان ۲۹ شعبان روز پنجشنبہ وصول مسرت شمول ہو کر جمیع احناف کو عموماً و خصوصاً آنکھونکو نور دلونکو سرور بخشا جزاکم اللہ۔ غرض یکم ماہ رمضان شریف بروز جمعہ بعد نماز جمعہ اکثر عمائدین شہر اور اکثر شافعیہ مسجد امیر الامرا مین جمع ہو کر فتوی جناب کو پڑھکر سنانے سے سب لوگون نے قبول کیا اور رفع فساد مطلق ہو گیا حنفیہ اور شافعیہ مین جو مناقشہ درباب اداے سجدۂ صاد حنفیہ امام کو بجہر ادا کر کے یک ترویحہ کے ضمن مین سجدۂ صاد ادا کرانے پر کچھہ قباحت اور تحقیر امام شافعی کی ثابت نہین کر کے کل شافعیہ او حنفیہ سے رفع شک ہو گیا چنانچہ سورۂ صاد پر حنفی امام ہو کر اداے سجدہ کرا دیا بائیس ۲۲ سال کا قضیہ جناب عالی کی تحریر سے مطلق دفع ہو جانے سے جمیع ساکنین ترچناپلی دست بستہ شکریہ ادا کر کے حق تعالی کے سے مناجات کرتے ہین کہ یا اللہ یا کریم مولانا ے موصوف کو خلعت مجدد دین محمدی کا جلد عنایت فرما آمین ثم آمین۔ مولانا یہان کے دو تین شافعی مذہب والے مسئلۂ مرقومۃ الصدر مین از راہ تعصب مذہبی فتوی مرسلہ مین خوض کر کے دیکھکر بولتے ہین کہ جناب عالی نے حنفی مذہب ہونے سے مضبوطی احناف کی کر دی مگر لاعلم شافعیہ کو ورغلاتے ہین امید کہ ترچناپلی سے کوئی شخص فتوی مرسلہ طلب کرے تو نقل حقیقی کیطرف رجوع کرا دیوین۔ مردم خانہ فقیر مع فرزند صغیر بدرد دار فانی و متوجہ ملک جاودانی ہو جانے سے جواب کے لکھنے سے مقصر ہا معاف فرمانا دعاے مغفرت فرمانا۔ زیادہ آرزوے السلام مہین چہ نگارد۔ شاہ محمد فضل اللہ عفی عنہ۔ ۱۰ شوال روز سہ شنبہ ۱۲۹۵ھ ہجرے

استفتا ۱۵۱ کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین بہ نسبت اس مسئلہ کے یہ جو عوام کہتے ہین کہ لفظ ولا الضالین کے حرف ضاد کو اگر بصورت ظا یا ذال یا زا پڑھا تو مفسد نماز ہی اور اگر بصورت دال پڑھا تو مفسد صلوٰۃ نہین ہی اور دلیل اس دعوی پر چند وجوہ ذیل لاتے ہین اول ضاد ظا کا مشتبہ الصوت و قریب المخرج نہین ہو اور نہ متحد المخرج ہے اور یہی حال ذال و زا کا بھی ہی بلکہ اگر اشتباہ الصوت یا قریب المخرج یا اتحاد مخرج ہی تو ضاد و دال مین البتہ ہی اسواسطے کہ اگر ضاد و ظا مین اشتباہ الصوت فی الواقع ہوتا تو اکثر و عمومیت عبارات فتاوی قاضیخان ان کان لا یمکن الفصل

فی کتاب الصلوٰۃ
از مقام راے بریلی
کوٹھی محمد نظیر خان
مرسلہ مولوی عبدالرحمن
بن منشی مرزا علی خان
صاحب مرحوم در شعبان
سنہ ۹۵ بارہ سو ہجری

ماز فاسد نہوگی لعموم البلوی اور بعض متاخرین کے نزدیک اگر دونوں حرف قریب المخرج ہیں تو فساد نہوگا اور
اگر نہیں تو فاسد ہوگا غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی میں ہے ان الخطأ فی القرآن اما ان یکون فی الاعراب
ای الحرکات والسکون ویدخل فیہ تخفیف المشدد وقصر الممدود وعکسہا او فی الحرف بوضع حرف
مکان اٰخر او لم یکن الا ما کان من تبدیل الجمل مفصولا بوقف تام والا لم یکن التغیر کذلک فان
الاصل فیہ انہ ان لم یکن مثلہ فی القرآن والمعنی بعید من معنی لفظ القرآن متغیر
تغیرا فاحشا قویا بحیث لا مناسبۃ بین المعنیین اصلا تفسد کما اذا قرأ ہذا الغبار مکان ہذا الغراب
وکذا اذا لم یکن مثلہ فی القرآن ولا معنی لہ کما اذا قرأ یوم تبلی السرائل مکان السرائر وان کان
مثلہ فی القرآن ومعنی اللفظ الذی قرأہ بعید من معنی اللفظ المراد ولم یکن تغیرا فاحشا تفسد ایضاً
عند ابی حنیفۃ ومحمد وہو الاحوط وقال بعض المشائخ لا تفسد لعموم البلوی وہو قول ابی یوسف
وان لم یکن مثلہ فی القرآن ولکن لم یتغیر بہ المعنی نحو قیامین مکان قوامین فالخلاف علی العکس
فالمعتبر فی عدم الفساد عند تغیر المعنی کثیرا وجود المثل فی القرآن عندہ والموافقۃ فی المعنی عندہما
فہذہ قواعد المتقدمین واما المتاخرون کمحمد بن مقاتل ومحمد بن سلام واسمٰعیل الزاہد وابی بکر
بن سعید البلخی والہندوانی والحلوانی فاتفقوا علی ان الخطأ ان کان فی الاعراب لا تفسد مطلقا
وان کان مما اعتقادہ کفر لان اکثر الناس لا یمیزون بین وجوہ الاعراب وان کان الخطأ
بابدال حرف بحرف فان امکن الفصل بین الحرفین بلا کلفۃ کالصاد مکان الطاء فاتفقوا علی انہ
مفسد وان لم یکن الا بمشقۃ کالظاء مکان الضاد والصاد مکان السین والطاء مع التاء فاکثرہم
علی عدم الفساد لعموم البلوی وعن ابن مقاتل یعتبر قریب المخرج وعدمہ انتہی ملخصاً اور فتاوی
بزازیہ میں ہے ان تغیر المعنی ولیس مثلہ فی القرآن فسد ولا عبرۃ لقرب المخرج وانما العبرۃ
لاتفاق المعنی عندہما ولوجود المثل فی القرآن عندہ والاصل فیہ انہ ان امکن الفصل بین
الحرفین بلا کلفۃ کالصاد مع الطاء بان قرأ الطالحات مکان الصالحات فسد عند الکل وان لم یمکن
الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین والطاء مع التاء فالاکثر علی انہ لا یفسد لعموم البلوی
واطلق البعض الفساد ان تغیر المعنی وقال القاضی ابو الحسن وابو عاصم ان تعمد فسد وان
جری علی لسانہ لو کان لا یعرف التمیز لا یفسد وہو اعدل الاقاویل وہو المختار انتہی اور

الا ان یشق تمییزہ بزازیہ سے نقل کیا ہی کہ غیر المغضوب کو ظا سے پڑہنا اور ضالین کو دال سے
یا ذال سے پڑہنا موجب فساد صلوۃ نہین ہی بلکہ پڑہنا درست ہی اور اسی پر فتوی اکثر مشائخ ہے
اور فتاوی حجۃ مین بھی یہی لکھا ہوا ہی پس روایت صاحب قاضی خان اور طحطاوی و
بزازیہ و فتاوی حجۃ مین تعارض واقع ہو گیا و اذا تعارضا تساقطا جیسا رسم تمامی علما و قرا عرب
و عجم ولا الضالین کو ساتھ دال کے پڑہتے ہین پس فعل جمہور علما کیونکر بغیر وجہ موجب غلط
قرار دیا جاوے پس مستفتی مستدعی ہی کہ جواب شافی استفتای ہذا کا مع جمیع شکوک مندرجہ اور باقی
اور جو کچھ کہ پیدا ہوتے ہین موافق مذہب مفتی بہ ملت حنفیہ کے مع نقل عبارات کتب معتبرہ
فقہیہ و تفسیر و قرأت و حدیث کے حوالہ قلم اعجاز رقم ہووے تاکہ تحقیق وافی کہ جسمین مجال چون
و چرا پھر باقی نرہے ہو جاوے اور زاویہ نشینان ضلالت کے حق مین ہدایت ہووے بینوا
تفصیلاً توجروا کثیراً فقط ہو المصوب مخفی نرہے کہ درباب زلۃ قاری کے ساتھ ابدال ایک
حرف کے دوسرے حرف کے ساتھ اختلاف متقدمین و متاخرین مین واقع ہی متقدمین کی رای
یہ ہی کہ اگر ایسا تغیر ہو جس سے بوجہ فساد معنی کے کفر لازم آتا ہی تو نماز فاسد ہو جاویگی اور اگر ایسا تغیر نہو
پس اگر بعد تغیر کے ایسی لفظ پڑہی کہ مثل اوسکا کہین کلام اللہ مین موجود نہو اور معنی اوس لفظ کے
اصل لفظ قرآن کے معنے سے بعید ہو جیسے عذاب کی جگہ عتاب پڑہنا تو بھی نماز فاسد ہو جاویگی اور
ایسی اگر اوس لفظ کے کہ بعد تغیر کے پیدا ہوئی ہی کچھہ معنی نہون جیسے سرائر کی جگہ سرائل پڑہنا اور
اگر مثل اوسکا قرآن مین موجود ہو اور معنی اوسکے بعید ہون لیکن متغیر بہ تغیر فاحش نہون تو بھی
نماز فاسد ہوگی امام ابو حنیفہ و محمد کے نزدیک نہ ابو یوسف کے نزدیک اور اگر مثل اوسکا قرآن مین نہو لیکن
معنے متغیر نہون جیسے قوامین کی جگہ قیامین پڑہنا اس صورت مین ابو یوسف کے نزدیک نماز
فاسد ہوگی نہ نزدیک ابو حنیفہ و محمد کے اور یہ تفصیل قدما کے نزدیک ہر صورت تغیر مین ہی خواہ بوجہ اعراب کے
ہو یا بوجہ ابدال حرف کے یا غیر ذلک اور متاخرین کی رای یہ ہی کہ اگر تغیر بوجہ خطا فی الاعراب کے ہو تو نماز نہ فاسد
ہوگی تغیر معنی ہو یا نہو اور اگر خطا تبدیل حرف ہو پس اگر دونو حرف مین بغیر مشقت فصل و امتیاز ممکن ہی تو نماز
فاسد ہوگی باتفاق المتاخرین جیسے صالحات کی جگہ طالحات اور اگر اون دونو حرف مین بمشقت امتیاز
ہوتی ہو جیسے ظاے معجمہ مکان ضاد معجمہ و صاد مہملہ مکان سین مہملہ اور طا مکان تا پس نزدیک اکثر متاخرین کے

اگرچہ قرب مخرج واتحاد مخرج نہو اور معنے بھی متغیر ہوویے سب اقوال متاخرین کے ہین ہرگاہ
یہ امر ممہد ہوا پس سمجھنا چاہیے کہ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ مین بنا بر قول متقدمین کے
فتاوے قاضی خان مین مرقوم ہی لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلاتہ ولو قرء
الضالین بالظاء او بالذال لا تفسد ولو قرء الدالین بالدال تفسد انتہی اور غنیۃ المستملی مین ہے
غیر المغضوب بالظاء والذال المعجمتین تفسد اذ لیس لہما معنے واما الضالین بالظاء المعجمۃ او الدال
المہملۃ لا تفسد لوجود لفظہما فی القرآن وقرب المعنے لصحۃ تقدیر ولا الظالین اے المتمرین فی
الظلال والدالین اے القائلین ہل ندلکم علے رجل الآیۃ ولو قرء بالذال المعجمۃ تفسد لبعد
معناہ لانہ اسم فاعل من ذل النخلۃ اذا وضع غدقہا علے الجریدۃ لتحملہ ولیس من الذلۃ اذ لم
یستعمل الوصف منہا علے فاعل بل فعیل انتہی اور بنا بر مذہب اکثر مشائخ کے ظا اور ذال
ساتھ پڑھنے سے نماز نہ فاسد ہوگی بوجہ تعسر امتیاز درمیان ض معجمہ اور ظا معجمہ اور ذال معجمہ کے
بخلاف دال مہملہ کے کہ اسمین اور ضاد معجمہ مین امتیاز بے مشقت نہین ہی اور ایسا ہی بنا بر
مذہب مختار کے در صورت عدم تعمد کے جیسا کہ عبارت خزانۃ الروایۃ وغیرہ سے
واضح ہی پس لازم ہی کہ ض معجمہ اپنے مخرج سے کہ ممتاز ہی مخارج تمام حروف سے اخراج
کیا جاوے اور بقصد ادائے ضاد معجمہ کے اگر ظاء معجمہ یا ذال معجمہ ادا ہوگا تو نماز بمذہب
مختار صحیح رہیگی اور اگر دال مہملہ ادا ہوگی نماز فاسد ہوگی ہذا ہو خلاصۃ الحکم فی ہذا الباب
واللہ اعلم بالصواب **جواب سوال اول** جو شخص کہتا ہے کہ حرف ضاد کو اگر
بصورت ظاء یا زاء پڑھا تو مفسد ہی اور بصورت دال مفسد نہین ہے اوسکا قول نہ
موافق مختار اکثر مشائخ کے ہی کیونکہ اونکے نزدیک ظاء اور زاء سے نماز نہین فاسد
ہوتی ہی اور نہ موافق متقدمین کے کیونکہ اونکی راے پر بھی ظاء ولا الضالین مین مفسد
نہین ہے جیسا کہ عبارت قاضی خان وغنیہ سے ظاہر ہی بلکہ موافق عبارت قاضیخان کی
ذال معجمہ بھی ولا الضالین مین مفسد نہین اور دال مہملہ مفسد اور عبارت غنیہ اسکے عکس پر
دال ہی اور دلیل اوس شخص کی بھی قابل التفات نہین کیونکہ تمام کتب فقہیہ وغیرہ مین
مذکور ہی کہ ضاد اور ظاء مشتبہ الصوت ومتعسر الامتیاز ہین اور بربنا اس قاعدہ

ردالمحتار مین ہی قال فی الخانیۃ والخلاصۃ الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنے ان امکن الفصل بینہما بلا مشقۃ تفسد وان کان لایمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المہملتین والطاء مع التاء قال اکثرہم لاتفسد وفی خزانۃ الاکمل قال القاضی ابو عاصم ان تعمد ذلک تفسد وان جرے علے لسانہ ولایعرف التمیز لاتفسد وہو المختار حلیۃ انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہی فی التہذیب لو قرء الضاد مکان الظاء او علے العکس تفسد عند ابی حنیفۃ ومحمد وعند عامۃ المشائخ کابی مطیع ومحمد بن سلمۃ لالان للعجم بلوی عاما وفی الغیاثیۃ ان قرء اللہ السمد مکان الصمد او السیف مکان الصیف لو السالحین مکان الصالحین او قرء غیر المغضوب بالظاء والضالین بالظاء او بالذال قال بعضہم لاتفسد لانہ بلوے عام فان العوام لایمیزون ولایعرفون مخارج الحرف منہم ابو القاسم ومحمد بن سلمۃ وکثیر من المشائخ افتوا بہ وبعضہم قالوا ان تغیر المعنے تفسد صلاتہ منہم ابو مطیع وقال القاضی الامام ابو الحسن والقاضی الامام ابو عاصم ان تعمد فی ذلک تفسد وان جری علے لسانہ او لا یعرف التمیز لاتفسد وہذا اعدل الاقاویل وہو المختار وفی الذخیرۃ ان الحرفین اذا کانا من مخرج واحد او کان بینہما قرب المخرج واحدہما یبدل بالآخر کان ذکر ہذا الحرف کذکر ہذا الحرف فلا یوجب فساد الصلوۃ وکذا اذا لم یکن بین الحرفین اتحاد المخرج ولا قربہ الا ان فیہ بلوے العامۃ نحو ان یاتی بالذال مکان الضاد وان یاتی بالزاء المحض مکان الذال والظاء مکان الضاد لاتفسد عند بعض المشائخ انتہی اور خزانۃ المفتیین مین نقلا عن الخلاصۃ مرقوم ہی ان ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنے فان امکن الفصل بین الحرفین کالطاء مکان الصاد تفسد صلاتہ وان کان لایمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والطاء مع التاء والصاد مع السین فالاکثر علے انہ لاتفسد انتہی ان عبارات سے یہ معلوم ہوا کہ مفتی بہ اور اکثر مشائخ کا قول یہی کہ مدار فساد و عدم فساد حصول امتیاز بین الحرفین بمشقت و بلا مشقت ہی اور بعض کے نزدیک بر تقدیر تغیر معنے کے صورت مشقت مین تعمد موجب فساد ہی اور عدم تعمد عفو ہی اور بعض کے نزدیک اعتبار قرب مخرج و بعد مخرج کا ہی اگر تغیر قریب المخرج کے ساتھ ہووے نماز نہ فاسد ہوگی ورنہ ہوگی اور بعض کے نزدیک اگر بلوے عام ہو نماز نہ فاسد ہوگی

مہملہ مین جواز غنیہ مین مذکور ہی جیسا کہ عبارت سابقہ سے واضح ہی لیکن ظاہر یہ ہی کہ صاحب غنیہ سے اس مقام پر عبارت فتاوی قاضیخان کے سمجھنے مین غلطی واقع ہوگئی ذال معجمہ کو مہملہ اور مہملہ کو معجمہ سمجھنے سے حکم صاحب غنیہ کا عکس حکم قاضیخان ہو گیا ہی **جواب سوال چہارم** قراء عرب و عجم کا ولا الضالین کو دال مہملہ سے پڑھنا غلط محض ہی کیونکہ جسکو امتیاز مخرج ضاد اور دال مین نہین اور دونون مین امتیاز پر قدرت نہین وہ قاری نہین اور علمای عرب اور عجم بھی جو فن قرأت سے واقف ہین اور مسائل فقہیہ پر مطلع ہین وہ دال مہملہ نہین پڑہتے ہین اور جو ایسے نہین وہ حکم عوام مین ہین اونکا اعتبار نہین واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ (مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات)

۱۵۲ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین ان صورتون مین کسی ہندو بیدین بت پرست نے اپنے کسی تہوار یا تقریب شادی یا غمی مین کسی مسلمان دیندار پرہیزگار یا مسلمان بے نماز زناکار شراب خوار بدعتی کی دعوت کی اور اون مسلمانون نے اوسکی دعوت قبول کی اور کوئی چیز مثل کہانے کے کہلائے یا کہانے کا سامان یا نقد روپیہ لیا اور اوسے اپنے ہاتھ سے پکایا اور رکھا یا تو اسطرحکا ہندؤن کا کہانا اور دعوت لینا درست ہی یا نہین فقط ۲- اگر اسطرحکا کہانا ہندؤن کا درست ہو تو فبہا ورنہ اون کہانے والون کی کیا سزا ہی فقط ۳- مسلمان مبتدع شیعہ و سود خوار و رشوت خوار و شراب خوار کے گھر مسلمان دیندار کو کہانا اور نوکری کرنا درست ہی یا نہین باوجودیکہ اوسکے گھر کہیتی بہی ہوتی ہی اور مال حلال بہی ہی فقط ۴- ایک شخص کبہی نماز پڑہتا ہی اور کبہی غفلت سے نہین پڑہتا ہی اور ایک شخص مقیم ہمیشہ نماز پڑہتا ہی اور مسائل دانی اور قرأت اور عمر مین برابر پس ان دونون مین کسکی امامت جائز ہی اور کون کسکے پیچھے نماز پڑہ سکتا ہی ۵- ایک شخص معذور جب کہ غسل کرنے سے عاجز اور احتمال بیماری بڑہنے کا ہی اور وضو کرنے مین کچھہ ضرر بہی نہین پس وہ شخص وضو کرکے نماز ادا کرے یا تیمم کرکے فقط ۶- ایک شخص نے اپنی زوجہ اور لڑکے کو سوای ظلم کے کبہی شفقت شوہرانہ اور پدرانہ سے نہین دیکھا اور نہ پرورش کیا اسلیے وہ زوجہ اور لڑکا اوس سے دور ہو گیا اور اب کسیطرح پرورش پاکر ہوشیار ہوا چونکہ شوہر و پدر واجب الاطاعۃ ہین اور یہ دونون بسبب بےمہری اوسکی اطاعت سے محروم رہی پس اسمین گناہگار کون ہی اور کون کسکو واسطے پوچھا جائیگا

کتاب الحظر والاباحۃ
ماہ شعبان ۱۳۰۴ ہجری از ضلع ... مولوی فضل الرحمن صاحب

متاخرین کے حرف ضاد جہان ہو اوسکے بدلے اگر ظاء پڑھ لیا جاوے نماز نہ فاسد ہوگی اور
عبارت قاضیخان کی ولو قرء غیر المغضوب بالظاء اوالذال تفسد متفرع طریقۂ قدماء پر بلحاظ
تغیر معنے وعدم تغیر نہ طریقۂ مختار پر جیساکہ صاحب غنیہ بعد ذکر فروع مذکورۂ فتاوے قاضیخان کے
کہتے ہین ہذا ما ذکرہ قاضیخان من ابدال ہذہ الاحرف الثلثۃ بعضہا من بعض وکلہ مخرج علی قواعد
المتقدمین انتہی **جواب سوال دوم** جو قاعدہ فتاوے قاضیخان وغیرہ مین منسوب
بطرف اکثر مشائخ ہے اوسمین اعتبار فصل بمشقت وبلا مشقت وتعسر امتیاز وعدم تعسر امتیاز کیا
گیا ہی اور جو قاعدہ ذخیرہ مین منسوب بہ بعض مشائخ ہے اوسمین قطع نظر اسکے اعتبار بلوی عامہ کا
کیا گیا ہی پس دونون قاعدے جدا گانہ ہین اسیوجہ سے صاحب غنیہ شرح منیہ نے اولاً قاعدۂ
مذکورۂ فتاوے قاضیخان کو بطرف اکثر منسوب کرکے بمقام قاعدۂ ذخیرہ تحریر کیا ہذہ قاعدۃ
اخرے لبعض المتاخرین اعتبروا فیہ البلوی العامۃ انتہی **جواب سوال سوم** عبارت
مذکورۂ قاضیخان مین ولا الظالین نسخ مطبوعہ مین زلت ناسخ ہے اسوجہ سے کہ اس فرع کو
اوسنے بعد ذکر المغضوب کے لکھا ہی پس ظاہر یہ ہی کہ یہ اوس ضالین کا ذکر ہے جو اوسکے ساتھ
متصل ہی اور وہ نہین ہی مگر ساتھ ضاد معجمہ کے اور بھی اسوجہ سے کہ اگر ظالین ظاء معجمہ سے ہو
تو لفظ بالظاء کے اوسکے کلام مین لغو ہوئی جاتی ہی اور بھی اسوجہ سے کہ اور کتب فقہیہ مین
مسألہ ولا الظالین کا مذکور ہی پس یہ عبارت ولا الضالین بالضاد المعجمۃ مین متفرع اوپر قول
مشائخ متقدمین کے ہی اور جو طحطاوی وبزازیہ وغیرہ مین مذکور ہے کہ ذال معجمہ اور ظاء
معجمہ ولا الظالین مین مفسد نہین ہی وہ متفرع ہے مذہب مختار متاخرین پر فلا تعارض
ولا التساقط عبارت طحطاوی یہ ہی فی البزازیۃ قال غیر المغضوب بالظاء اوالذالین بالذال
او الظاء قیل لا تفسد لعموم البلوی فان العوام لا یعرفون مخارج الحروف وکثیر من المشائخ افتوا بہ
انتہی اس عبارت مین کہین دال مہملہ کا ذکر نہین جیساکہ سائل نے ذکر کیا ہی شاید اوسنے
معجمہ کو مہملہ سمجھا اور یہی مسئلہ اور کتب مین بھی اسیطور سے مذکور ہی کہین دال مہملہ کا نشان
نہین ہی بلکہ ذال معجمہ اور ظاء معجمہ پر جواز کا ذکر ہی اور برطبق مذہب متاخرین دال مہملہ کے ساتھ جواز
ممکن بھی نہین کیونکہ ضاد معجمہ اور دال مہملہ مین تعسر امتیاز جو باعث جواز ہی نہین ہی البتہ برطبق مذہب متقدمین دال

ی حلالاً فلا باس بقبول ہدیتہ واکل مالہ مالم یتبین انہ من حرام وان کان غالب مالہ الحرام لا یقبلہا
یاکل الا اذا قال انہ حلال ورثہ او استقرضہ انتہے ۱۲ **جواب سوال چہارم** جو شخص ہمیشہ
پڑہتا ہی وہی قابل امامت ہی تنویر الابصار اور درمختار مین ہے الاحق بالامامۃ الاعلم باحکام
صلوۃ ثم الاحسن تلاوۃ وتجویدا للقراءۃ ثم الاورع اے الاکثر اتقاء للشبہات والتقوی اتقاء المحرمات
انتہے ملخصاً **جواب سوال پنجم** ہرگاہ وضو سے اوسکو عجز نہین چاہیے کہ تیمم جنابت کا
ے اور وضو کرکے نماز ادا کرے مدار اباحت تیمم عجز ہے اصل سے جیساکہ کتب فقہ مین مبسوط
و اذ لیس فلیس **جواب سوال ششم** ایسی صورت مین کہ نافرمانی کی ابتدا و زیادتی
سر زوجہ کی جانب سے ہو وہ ماخوذ ہونگے **جواب سوال ہفتم** اگر ایسے لڑکیکو
قتضاے محبت پدری رکھیگا تو بعد اسکے کہ وہ بقدر طاقت خود نصیحت کرتا جاتا ہے ماخوذ نہو گا
جواب سوال ہشتم یہ سب چیزین کہ مسکر ہین حرام ہین احادیث صحیحہ مین وارد ہی (مسلم وغیرہ ۱۲)
ل مسکر حرام اور یہی وارد ہی ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام اور فتاوے بزازیہ مین ہی قال محمد ما اسکر کثیرہ
فقلیلہ حرام وہو نجس ایضا قالوا وبقول محمد ناخذ انتہے (رواہ احمد وابن ماجہ والدارقطنی ۱۲) **جواب سوال نہم** ان صورتون مین عصبہ
بالغیر بوجہ قرب کے مقدم ہی اور عصبہ بنفسہ محجوب ہی فتاوی عالمگیریہ مین ہی العصبۃ مع غیرہا اذا کانت
اقرب الی المیت من العصبۃ بنفسہا کانت العصبۃ مع غیرہ اولی بیانہ اذا ہلک الرجل وترک بنتا واختا لاب
وام وابن اخ لاب فنصف المیراث للبنت والنصف للاخت ولا شئی لابن الاخ لان الاخت صارت عصبۃ
مع البنت وہی اولی الی المیت من ابن الاخ وکذلک اذا کان مکان ابن الاخ اخا لاب لا شئی للاخ کذا فی المحیط
انتہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن
ذنبہ الجلی والخفی ۵ (محمد عبد الحی ابو الحسنات) **استفتا** ۱۵۳ **سوال** خطبہ آخر جمعہ رمضان مین
الوداع یا الفراق پڑہنا درست ہی یا نہین **سوال** مردے کو قبر مین جمال مبارک آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کا دکھلایا جاتا ہے یا نہین ۵ **ہو المصوب** الوداع یا الفراق کا
خطبہ آخر رمضان مین پڑہنا اور کلمات حسرت و رخصت کے ادا کرنا فی نفسہ امر مباح ہی
بلکہ اگر یہ کلمات باعث ندامت و توبہ سامعان ہوسے تو امید ثواب ہے مگر اس طریقے کا
ثبوت قرون ثلثہ مین نہین ہی البتہ آخر شعبان مین خطبہ استقبال رمضان احادیث مین وارد ہی

باوجودیکہ زوجہ اور لڑکا اپنی خواہش سے طاعت سے محروم نہیں ہی فقط ۲ ایک شخص بارہا اپنے لڑکے کو نماز کے لیے تاکید کرتا ہی لیکن وہ نہیں سنتا ہی پس ایسے لڑکے کو حسب شرع دور کرنا چاہیے یا بسبب محبت کے رکھنا چاہیے اور بسبب پیار کے رکھے بھی تو وہ شخص اپنے لڑکے بے نمازی کے لیے ماخوذ ہوگا یا نہیں ۳ افیون اور گانجا اور مدک کہانا پینا حرام ہی یا نہیں مع تارڑی فقط ۴ عصبہ بنفسہ اور عصبہ بالغیر مین کسکو ترجیح ہی امثال۔ ام بنت اخت ابن الاخ۔ زوجہ۔ ام بنت اخت ابن الاخ۔ زوج۔ ام بنت اخت۔ ابن الاخ بینوا توجروا

هو المصوب جواب سوال اول

ہندو کے تہوار کے دن ہدیہ یا دعوت لینا مسلمان کو نہیں درست ہی جیساکہ فتاوی ذخیرہ مین ہی لاینبغی للمومن ان یقبل ہدیۃ الکافر فی یوم عیدہم ولو قبل لا یرسل الیہم شیئا انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہی فی الفصول والتاتارخانیۃ من المحیط ما یاتی المجوس فی یوم نیروزہم من الاطعمۃ الی الاکابر والسادات من کانت بینہ وبینہم معرفۃ وذہاب ومجی فقد قیل من اخذ ذلک علی وجہ الموافقۃ یضرہ ذلک بدینہ انتہی باقی تقریب شادی اور غمی مین اگر ہندو دعوت کرے تو اوسکا قبول کرنا درست ہی بعض فقہا کے نزدیک اور بعض کے نزدیک مکروہ ہی جیساکہ خزانۃ الروایات مین ہی فی مفید المستفید من الواقعات لاباس بالذہاب الی ضیافۃ اہل الذمۃ ہکذا ذکر محمد لکن المذکور فی النوازل یخالف ہذا فانہ کرہ فیہ الاجابۃ انتہی اور برتقدیر جواز قبول ضیافت وہ مشروط ساتھ اس امر کے ہی کہ مجلس دعوت غنا و مزامیر و بت پرستی و شراب خواری واطوار کفر و شرک و محرمات سے خالی ہو اور اگر اوس مجلس مین ایسے امور ہون تو جانا نہیں درست ہے جیساکہ درمختار مین ہے دعی الی

کتاب الحظر والاباحۃ ۱۲

ولیمۃ وثمہ لعب او غناء قعد واکل والمنکر فی المنزل فلو علی المائدۃ لاینبغی ان یقعد بل یخرج فان قدر علی المنع فعل والا اصبر وان علم اولا باللعب لایحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی بہ اولا انتہی ملخصا

جواب سوال دوم

جس شخص نے دعوت ہندو کے تہوار کی قبول کی یا ضیافت تقریب مین باوجود موجود ہونے منکرات شرعیہ کے گیا اوسپر توبہ و استغفار لازم ہے

جواب سوال سوم

اگر مال حلال غالب ہے تو اوسکے یہان کہانا کھانا اور نوکری کرنا درست ہی اور اگر حرام غالب ہے تو نہیں درست ہے جب تک یہہ معلوم ہو کہ یہہ کہانا یا یہہ تنخواہ مال حلال سے ہے اشباہ مین ہے اذا کان غالب

مسئلتی الی یوم القیامۃ فہی لکم ولمن شہد ان لا الہ الا اللہ والطبرانی باسانید احدہا جیدا خبرکم بما
خیرنی ربی آنفا قلنا بلی یا رسول اللہ قال خیرنی بین ان یدخل ثلثی امتی فی الجنۃ بغیر حساب ولا
عذاب وبین الشفاعۃ قلنا یا رسول اللہ ما اخترت قال الشفاعۃ انتہی ملخصا از ین روایات
ثابت شد کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم را حق جلشانہ اذن شفاعت دادہ و وعدہ
مقام محمود فرمودہ وپر ظاہر کہ در وعدہ آلہی و اذن آلہی خلف وکذب محال است وآیۃ من ذا الذی
یشفع عندہ الا باذنہ وغیرہ موافق این احادیث اند چہ از ین آیات ہمین قدر مستفاد ست کہ
صورت شفاعت احدی بدون اذن آلہی نمی تواند شد نہ برانیکہ اذن ہمان روز خواہد شد از قبل
نشدہ است واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین نسبت طعام ہنود کے تر وخشک
مین کچھ فرق ہی یا نہین لیکن تر مثل خشکہ وخشک مثل نان وحلوا وغیرہ کے بینوا توجروا
ہو المصوب کچھ فرق نہین نصاب الاحتساب مین ہی ما ابتلینا بہ من شرا السمن والخل واللبن
والجبن وسائر المائعات من الہنود علی احتمال تلوث اوانیہم فان نساہم لا یتوقین من السرقین
فعلی المحتسب ان لم یجد بدا منہم ان یستوثق علیہم ان یجتنبوا من السرقین والمیتۃ فان شق علیہم
یامرہم ان یاتوا وانیہم مسلما لیغسلہا او یغسلوا ایدیہم برای من المسلم والا فالاباحۃ فتوی والتحرز
تقوی وکذا لا باس بطعام المجوس کلہ الا الذبیحۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس
مسئلہ مین چھوا ہنود کا طعام پختہ ہنود جو کہ باحتیاط پکایا گیا ہے مسلمان کو کھانا جائز ہی یا نہین
بفحوای ہذہ العبارۃ فی الفتاوی الغرائبیۃ لا یکرہ للمسلمین ان یعزی الکافرین ویعود مرضاہم
ویاکل طعامہم وفی السراجیۃ لا باس بطعام المجوسی الا الذبیحۃ انتہی فقط **ہو المصوب** جائز ہے
جیساکہ خزانۃ الروایات مین ہے فی متفرقات دستور القضاۃ عن الینابیع لا باس بعیادۃ
اہل الذمۃ وحضور جنائزہم واکل طعامہم والمعاملۃ معہم وفی المضمرات لا یکرہ للمسلمین ان
یعزیہم ویعود مرضاہم ویاکل من طعامہم انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین

جیساکہ درمنثور مین ہی اخرج العقیلی وضعفہ وابن خزیمۃ والبیہقی والخطیب والاصبہانی عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللہ صلعم فی آخر یوم من شعبان فقال الحدیث بطولہ اور شاید جنہنے اس طریقے کا ایجاد کیا اونسے خطبۂ آخر رمضان کو خطبۂ استقبال پر قیاس کیا لیکن اہتمام کرنا خطبۂ وداع کا جیساکہ اس زمانہ مین مروج ہے اور اوسکو حد التزام تک پونہچانا خالی ابتداع سے نہین علماے معتمدین کو لازم ہے کہ اس طریقے کے التزام کو چھوڑین تا عوام اعتقاد استحباب وسنیت بلکہ ضروری ہونے اس طریقۂ خاص سے نجات پاوین اور مردے کو قبر مین جمال مبارک کا دیکھنا نہین ثابت ہی جلال الدین سیوطی کے رسالہ شرح الصدور مین مرقوم ہے سئل الحافظ ابن حجر ہل یکشف للمیت حتی یری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجاب بانہ لم یرد ہذا فی حدیث وانما ادعاہ بعض من لا یحتج بغیر مستند سوی قولہ فی ہذا الرجل ولا حجۃ فیہ لان الاشارۃ الی الحاضر فی الذہن انتہی واللہ اعلم ؎ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ کسے نابکار باوجود نیت حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشفاعت امت باستدلال آیۂ کریمہ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ جم غفیر مسلمانان را از شفیع المذنبین بودن آن سرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در شک اندازد در حق این چنین کس چہ باید گفت ونسبت حضرت خاتم الانبیاء والمرسلین بشفاعت امت چہ در دنیا وچہ در آخرت از روے قرآن مجید وحدیث ثابت ست یا نہ بینوا توجروا **ہو المصوب** آنکسیکہ در شفیع بودن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شک اندازد یا معاند وملحد ست یا زندیق ومنکر از آیات کثیرہ مثل وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وآیۂ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وآیۂ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى وغیر ذلک واز احادیث مشہورہ کہ در صحاح ستہ وغیرہ ماثور اند ثبوت شفاعت محمدیہ بوجہ احسن شدہ است ودر ماذون بودن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم برای شفاعت روایات صحیحہ وارد شدہ اند ابن حجر مکی در زواجر عن اقتراف الکبائر مے آرد اخرج البیہقی وصححہ رأیت ما تلقی امتی بعدی وسفک بعضہم دم بعض فسألتہ ان یولینی فیہم شفاعۃ ففعل ملخصاً واحمد بسند صحیح انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لقد اعطیت اللیلۃ خمسا ما اعطیہن احد قبلی الی ان قال والخامسۃ ہی ما قیل لی سل فان کل نبی قد سأل فاخترت

وہ ثواب پاوے گا کیونکہ حدیث مین وارد ہی الصلوۃ خیر موضوع فمن شاء فلیقلل ومن شاء
فلیکثر البتہ ان اوقات مین نفل دو رکعت کھڑے ہو کے پڑھنا چاہیے نہ بیٹھکے جیسا کہ اکثر
عوام کی عادت ہے اسوجہ سے کہ صحیح مسلم و موطاء مالک وغیرہ کتب معتبرہ مین مروی
ہی صلوۃ الرجل قاعدا نصف صلاتہ قائما واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین
ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ اکثر کتب فقہ مین دیکہا جاتا ہی کہ جھوٹا آدمی کا مسلم ہو یا کافر
پاک ہے آیا اس قیاس پر اگر کوئی ہنود حقہ یا ظروف مسلمان کا سہوا یا قصدا جھوٹا کر دیوے
اور پھر مسلمان اوس چیز کو سہوا یا قصدا دہو کر یا بدون اسکے اپنے استعمال مین لاوے
تو کچھ ضرر اسلام مین ہے یا نہین بینوا توجروا ۵ ہو المصوب فی الواقع جھوٹا کافر کا
اور تھوک اوسکا پاک ہے پس حقہ جھوٹا اوسکا پینا یا جھوٹے برتن مین اوسکے کہانا کھانا
بغیر دھونے کے درست ہی جب تک کہ کسی نجاست کا اختلاط معلوم نہو ہان اگر کافر نے
شراب پی اور فی الفور کسی چیز کے ساتھ اوسکا تھوک لگیا یا حقہ اوسکے منہ مین فی الفور
دیا گیا ایسی صورت مین حکم نجاست کا دیا جاوے گا کنز الدقائق اور اوسکی شرح بحر الرائق
مین ہے سور الآدمی والفرس وما یوکل لحمہ طاہر اما الآدمی فلان لعابہ متولد من لحم طاہر
ولا فرق بین الجنب والطاہر والحائض والنفساء والصغیر والکبیر والمسلم والکافر والذکر
والانثی کذا ذکرہ الزیلعی یعنی ان الکل طاہر طہور من غیر کراہۃ وفی الخلاصۃ والتجنیس رجل شرب
الخمر ان تردد فی فیہ من البزاق بحیث لو کان الخمر علی ثوب طہرہا فذلک البزاق لا نجس والکراہۃ انما ہو
فی الشرب من ساعتہ فان سورہ نجس لا لنجاسۃ لحمہ بل لنجاسۃ فمہ ولو مکث قدر ما یغسل فمہ بلعابہ ثم
شرب لا نجس انتہی ملخصا حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی
والخفی ۵ استفتا نیکو آگاہان علم دین و خوب تردانندگان شرع متین چہ زبان میفرمایند و
چہ سخن می سنجند اندرین معنی کہ سگ کہ پلید تر اعنی نجس العین است پروردنش چہ مایہ گناہ تر دامنی
برمی افرازد و فرو ریختن موانستش بخانہ فرشتگان رحمت را سنگ راہ می شود بیانی بینوا توجروا ہو المصوب
پروردن سگ اگر برای شکار کنانیدن یا برای حفاظت زراعت یا جانوران یا پاسبانی بوقت ضرورت باشد

اس مسئلہ مین کہ مثلاً ایک حافظ نے ایک مسجد مین بعر صدہ دس روز کے ختم تراویح ساتھ ایک قوم کے
پڑہا بعد ازان حافظ موصوف نے دوسری مسجد مین ساتھ دوسری قوم یعنے مقتدی کے
ختم تراویح پڑہا تو آیا تراویح سنت بختم مذکورہ واسطے اون قومون کے ادا ہوگی یا نہین
وثواب یاوینگے یا نہین بینوا توجروا ﮦ **ہوالمصوب** ادا ہوگی خزانۃ الروایات مین ہی

قد روے بعض اہل العلم عن کنز الفتاوی رجل أمّ قوما فے التراویح وختم فیہا ثم أمّ قوما آخرین
لہ ثواب الفضیلۃ ولہم ثواب الختم انتہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ﮦ **استفتا** [۱۸۱] کیا فرماتے ہین علمای دین اس
مسئلہ مین کہ بعض کہتے ہین کہ فرمایا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی تمسے احتراز کرے
تم بھی اوس سے احتراز کرو آیا یہ احتراز صرف اکل وشرب مین ہے یا ہمہ امورات
مثل موانست ومشاورت وغیرہا مین فقط بینوا توجروا **ہوالمصوب** جملہ امور موانست
اور محبت مین کفار سے احتراز اولی ہی۔ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ﮦ **استفتا** [۱۸۲] کیا فرماتے ہین علماے دین
اس مسئلہ مین کہ نفل نماز بعد دو رکعت سنت نماز ظہر ومغرب وعشا کی اکثر عوام پڑہتے ہین آیا
اصل اسکی سنت واجماع وقیاس سے ثابت ہی یا نہین وپڑہنا اسکا موجب ثواب ہی یا سر
بدعت قابل عذاب ہی بینوا توجروا ﮦ **ہوالمصوب** آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے
بعد وتر کے دو رکعت نفل بیٹھ کے پڑہنا ثابت ہی جیسا کہ صحیح مسلم مین مروی ہی سالت

عایشۃ عن صلوۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فقالت کان یصلے ثلث عشر رکعات ثم یصلے
ثمان رکعات ثم یوتر ثم یصلے رکعتین وہو جالس فاذا اراد ان یرکع قام فرکع ثم یصلے رکعتین
بین النداء والاقامۃ من صلوۃ الصبح نووی شرح صحیح مسلم مین لکھتے ہین الصواب ان ہاتین

الرکعتین فعلہما رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بعد الوتر جالسا لبیان جواز الصلوۃ بعد الوتر
وبیان جواز النفل جالسا ولم یواظب علے ذلک بل فعلہ مرۃ او مرتین او مرات قلیلۃ انتہے
اور بعد دو رکعت سنت ظہر ومغرب وعشا کے دو رکعت نفل پڑہنا آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم کا ابتک نظر سے نہین گذرا لیکن جو شخص بقصد ثواب بدون اعتقاد سنیت پڑہیگا

نس علیہ یعنی فی المحل اخت انبہ و بنتہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

استفتاء [۱۶۳] ما یقول العلماء فی ہذہ المسئلة ذکر فی کتب الاحناف فاطبة لا یقضی سنة الفجر الا اذا فاتت مع الفجر فیقضیہا تبعا لقضائہ قبل الزوال واما اذا فاتت وحدہ فلا تقضی قبل طلوع الشمس بالاجماع لکراہة النفل بعد الصبح والاصل فیہ قولہ علیہ السلام لا صلوة بعد الصبح حتی تطلع الشمس ولا صلوة بعد العصر حتی تغرب الشمس رواہ ابو داؤد ولکن یعارضہ ما روی عن قیس بن عمر رأی رسول اللہ ؐ رجلا یصلی بعد صلوة الصبح رکعتین فقال صلوة الصبح رکعتین فقال الرجل انی لم اکن صلیت الرکعتین اللتین قبلہما فصلیتہما الآن فسکت رسول اللہ ؐ رواہ ابو داؤد فما وجہ التوفیق ودفع التعارض بینوا توجروا

ہو المصوب لا شک فی صحة الاحادیث التی وردت بالمنع عن الصلوة بعد طلوع الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب من التطوعات علی ما فی الصحیحین وغیرہما وکذا لا شبہة فی کون الحدیث الدال علی جواز اداء سنة الفجر بعد صلوة الفجر قبل طلوع الشمس محتجا بہ الا ان اصحابنا لما ثبتوا فی الاصول ان النص المبیح والمحرم اذا تعارضا یقدم المحرم وان القول مقدم علی الفعل والتقریر حکموا ہنا بالمنع عملا باحادیث النہی لعامة القولیة المحرمة وکذا قال العینی فی البنایة شرح الہدایة بعد ذکر المتعارضین ان المبیح والحاظر اذا تعارضا جعل الحاظر متاخرا وقد ورد النہی فی کثیر من الاحادیث انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

استفتاء [۱۶۴] چہ میفرمایند علماء دین دریں مسئلہ اگر زن تابعداری شوہر نکند وسخن او نشنود باوجودیکہ با وفہمایش تا چنانکہ باید کردہ شد پس شوہر او را چہ لازم خواہد بود وہم تابعداری والدین از تابعداری شوہر مقدم وارد وواند - اگر کسے کلام مجید باواز بلند خواند وکسانیکہ ہر چہار جانب شخص خوانندہ نشستہ اند بوجہ چند گوش نہ دارند یا بوجہ درپیش کارہائے دنیاوی بہ شنیدن آن میل نہ کنند ہمچون حالت شخص خوانندہ را لازم خواہد بود یا نہ کہ آہستہ بخواند اگر نخواند دران حالت مسئلہ چہ میگوید ۵

ہو المصوب تابعداری شوہر بر زن مقدم ست از تابعداری والدین وزنے کہ در خلاف مرضی شوہر سرگرم ماند اولا شوہرش نصیحت لسانی سازد واگر موثر نہ گردد زجرا

درست ست وبدون این امور وبغیر ضرورت پرورش ناجائز وباعث حرمان ثواب اعمال
صالحہ است در موطا امام محمد ست اخبرنا مالک اخبرنا یزید بن خصیفۃ ان السائب بن یزید اخبرہ
انہ سمع سفیان بن ابی زہیر یحدث اناسا معہ وہو عند باب المسجد قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم یقول من اقتنی کلبا لا یغنی بہ زرعا ولا ضرعا نقص من عملہ کل یوم قیراط قال محمد یکرہ
اقتناء الکلب لغیر منفعۃ فاما کلب الزرع او الضرع او الصید او الحرس فلا باس اخبرنا مالک
عن عبد الملک بن میسرۃ عن ابراہیم النخعی قال رخص رسول اللہ لاہل البیت القاصی
فی الکلب یتخذونہ قال محمد فہذا للحرس اخبرنا مالک اخبرنا عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر
قال من اقتنی کلبا الا کلبا ماشیۃ او ضاریا نقص من عملہ کل یوم قیراطان انتہی ملخصا وقد ثبت باحادیث
صحیحہ وارد ست کہ پرورش سگ وبودنش در مکان سد راہ نزول ملائکہ رحمت مے گردد
وسیوطی در رسالہ خود الحبائک فی اخبار الملائک مے آرد اخرج ابن ماجہ عن علی قال قال
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان الملائکۃ لا تدخل بیتا فیہ کلب ولا صورۃ واخرج احمد ومسلم
وابوداؤد والترمذی عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تصحب الملائکۃ
رفقۃ فیہا کلب ولا جرس واخرج ابوداؤد والنسائی والحاکم عن علی قال قال رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولا جنب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ **استفتا** اہل اسلام کو
ہنود اور یہود ونصاریٰ سے اور مجوس سے سود لینا جائز ہے یا نہیں ۲ زید کی دختر صالحہ کو ہندہ
زوجہ برادر ماموں زاد زید نے دودھ پلایا خالدہ دختر ہندہ سے برادر حقیقی زید کو عقد
کرنا جائز ہے یا نہیں اور خالدہ ہمشیرہ رضاعی صالحہ ہے یا نہیں اور زید پر حرام ہے یا نہیں ۵
ہو المصوب جواب اول دار الحرب میں اہل اسلام کو کفار سے ہنود ہوں
یا یہود یا نصاریٰ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک سود لینا جائز ہے جیسا کہ ہدایہ وغیرہ میں ہے
لا ربوا بین المسلم والکافر فی دار الحرب لیکن بلاد ہند جو قبضہ نصاریٰ میں ہیں دار الحرب
نہیں ہیں انہیں کافر سے سود لینا نہیں جائز ہے **جواب دوم** خالدہ ہمشیرہ رضاعی
صالحہ ہوئی لیکن نہ وہ زید پر حرام ہے نہ اوسکے برادر پر جیسا کہ درمختار وغیرہ میں مصرح

کتاب النکاح

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات] استفتا [۱۶۵] کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ تعریف صحیح مصر کی کیا ہی اگر یہ ہی کہ اوس جگہ کے رہنے والون سے اکبر مساجد بھر جاوے تو رہنے والون مین بعض لوگ ایسے ہین کہ اونپر جمعہ واجب نہین مثل صبی اور مرأۃ اور راسے عمے اور کافر وغیرہ کے ان لوگون کا اعتبار ہوگا یا نہین بینوا بالتفصیل بحوالۃ الکتاب توجروا من اللہ الجلیل نعم الثواب ہو المصوب مصر کی تعریف مین فقہا کا اختلاف واقع ہی اور مختار اکثر فقہا اور مفتی بہ نزدیک جمہور متأخرین کے تعریف مصر مین یہی ہی کہ اوس جگہ کے رہنے والون کو اکبر مساجد اوس جگہ کے کافی نہو اور مراد اون لوگون سے وہ لوگ ہین جنپر جمعہ فرض ہے اور صبی اور کافر وغیرہ جو مکلف جمعہ کے ساتھ نہین ہین خارج از بحث ہین برجندی شرح مختصر وقایہ مین لکھتے ہین وما لا یسع اکبر مساجدہ اہلہ مصر وہذا التفسیر مروی عن ابی یوسف رح والمراد باہلہ ہم الذین یجب علیہم الجمعۃ وعنہ ایضاً کل موضع فیہ یسکن عشرۃ آلاف رجل وعنہ ایضاً ان کل موضع لہ امیر وقاض ینفذ الاحکام ویقیم الحدود وہو اختیار الکرخی کذا فی الہدایۃ ثم الظاہر ان المراد باکبر المساجد ہو المسجد الجامع لکن فی الخزانۃ ان احسن ما قیل فی الباب انہم اذا کانوا بحال لو اجتمعوا فی اکبر مساجدہم لا یسعہم حتے احتاجوا الی بناء المسجد الجامع فہذا صریح فی ان المراد باکبر المساجد غیر المسجد الجامع وقد صرح فی فتاوی الزاہدی من ان المراد باکبر المساجد اکبر المساجد للصلوۃ الخمس وقال بعضہم ہو ان یعیش کل محترف بحرفتہ من سنۃ الی سنۃ من غیر ان یحتاج الی حرفۃ اخری وقال بعضہم ہو ان یکون بحال لو قصدہم عدو یمکنہم دفعہ وقال بعضہم ہو ان یولد فیہ کل یوم ویموت فیہ انسان وقال بعضہم ہو ان لا یعرف عدد اہلہ الا بکلفۃ ومشقۃ انتہے ملخصاً اور تنویر الابصار اور در مختار مین ہے ہو ما لا یسع اکبر مساجدہ اہلہ المکلفین بہا وعلیہ فتوے اکثر الفقہاء مجتبی انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ المکلفین بہا احترز بہ عن اصحاب الاعذار مثل النساء والصبیان والمسافرین لعن القہستانی قولہ وعلیہ فتوے اکثر الفقہاء وقال ابو شجاع ہذا احسن ما قیل

ازو ترک کلام و مجامعت سازد تا او را تنبیه حاصل شود اگر برین هم اثری نشود ضرب آن
بشرطیکه زائد تکلیف ده نگردد درست ست قال الله تعالی فی کتابه وَاللَّاتِي
تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا
تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا واخرج الحکیم الترمذی فی نوادر الاصول عن انس ان رجلا انطلق
غازیا واوصی لامرأته ان لا تنزل من فوق البیت وکان والدها فی اسفل البیت
فاشتکی ابوها فارسلت الی رسول الله صلی الله علیه وسلم تخبره وتستامره فارسل
الیها اتقی الله واطیعی زوجک ثم ان والدها توفی فارسلت الیه تستامره فارسل
الیها بمثل ذلک واخرج البزار والطبرانی فی الاوسط عن عائشة سالت رسول الله
صلی الله علیه وسلم ای الناس اعظم حقا علی المرأة قال زوجها قلت ای الناس
اعظم حقا علی الرجل قال امه واخرج ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیهقی
فی سننه عن ابن عباس فی قوله تعالی وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ قال تلک المرأة
تنشز وتستخف بحق زوجها ولا تطیع امره فامره الله ان یعظها ویذکرها بالله فان قبلت والا
یهجرها فی المضاجع ولا یکلمها من غیر ان یذر نکاحها فان رجعت والا ضربها ضربا غیر
مبرح ولا یکسر لها عظما ولا یجرح جرحا کذا فی الدر المنثور لجلال الدین السیوطی والله
اعلم **جواب سوال دوم** شنیدن قرآن شریف فرضی ست بر سامعین مگر سامعین
و حاضرین مشغول بکار باشند و توجه بسماعت نسازند درین صورت قاری را لازم
که آهسته بخواند و باعث گنهگار شدن حاضرین نشود علامه منقاری زاده در رسالهٔ
نمو الاتباع فی مسئلة الاستماع که در بحث سماعت قرآن تالیف ساخته و تفصیل
وے درین مسئله کرده مے نویسد فی المحیط یکره رفع الصوت بقراءة القرآن عند
المشتغلین لان فیه منع غیره عن شغله وفی شرح التحفة نقلا عن ظهیر الدین التمرتاشی
لا یقرء القرآن جهرا عند المشتغلین بالاعمال لما فیه من قطعهم عن الاعمال او ترک الاستماع
وفی القنیة امرأة تغزل فی البیت لیس لاحد ان یقرء القرآن عندها جهرا انتهی
ملخصا والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

الخروج من منزلہ بغیر اذنہ بعد ایفاء المہر وفی القنیۃ لہ امرأۃ فاسقۃ لاتنزجر بالزجر لایجب علیہ
تطلیقہا وفی الخانیۃ رجل لہ امرأۃ لاتصلی کان لہ ان یطلق انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؂ (محمد عبد الحی ابو الحسنات)

کتاب المفقود — مرسلہ غلام عباس از مقام ... بتاریخ ... ذیقعدہ ۱۲۹۶ ہجری

۱۶۷ استفتا زید ساٹھ برس کی عمر مین ایک زوجہ اور تین بیٹے اور دو بیٹیان چھوڑ کے
مفقود الخبر ہوگیا اب تقسیم ترکہ مین کب تک انتظار ہونا چاہیے اور اندر میعاد کے اوسکے
وارث کے درمیان مین اوسکے ترکہ کا نفع کیونکر متصور ہوگا اور اوسکے انتظام کی
کیا صورت ہوگی فقط ہو المصوب اوسکے تقسیم ترکہ مین تیس سال اور انتظار
چاہیے تا نوے برس اوسکی عمر کے پورے ہوجاوین بعد اوسکے جو ورثہ اوسوقت
موجود ہون گے اونپر وہ ترکہ تقسیم ہوگا اور اتنی مدت تک مال اوسکا اوسکے وکیل
اور امین کے قبضہ مین رہیگا اگر وہ کسیکو وکیل یا امین کرگیا ہو ورنہ حاکم کسی محافظ کو
مقرر کرے گا اور ورثہ اوسکے مال سے نفع نہین اوٹھا سکتے ہین درمختار (کتاب المفقود ص ۳۲۵) مین ہے
فی معروضات المفتی ابی السعود انہ لیس لامین بیت المال نزعہ من ید من بیدہ ممن امنہ
علیہ قبل ذہابہ انتہی اور تنویر الابصار مین ہے لایقسم مالہ ونصب القاضی من یاخذ حقہ و
یحفظ مالہ ویقوم علیہ عند الحاجۃ الی موت اقرانہ فی بلدہ علی المذہب انتہی ملخصاً اور رد المحتار (ص ۳۲۵) مین ہے
قولہ علی المذہب وقیل یقدر بتسعین سنۃ من حین ولادتہ واختارہ فی الکنز وہو الارفق ہدایہ وعلیہ
الفتوی ذخیرۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی ؂

در ذیقعدہ ۱۲۹۶ ہجری

۱۶۸ استفتا نیل یعنی وسمہ سیاہ کا موی ریش سفید مین خضاب
لگانا حرام محض ہے اور مرتکب اسکا صرف خاطی ہی یا مرتکب گناہ بینوا توجروا ؂ ہو المصوب
خضاب برنگ سیاہ خالص ممنوع و گناہ کبیرہ ہی ابن حجر مکی نے زواجر مین اسکو کبائر مین
شمار کیا ہی اسوجہ سے کہ حدیث مین وارد ہی یکون فی آخر الزمان قوم یخضبون بالسواد
کحواصل الحمام لایجدون رائحۃ الجنۃ رواہ ابوداؤد والنسائی یعنے آخر الزمان مین ایسے
لوگ ہونگے کہ سیاہ خضاب کرینگے مانند رنگ دانہ دان کبوتران کے وہ لوگ نہ پاوینگے
بو بھی جنت کو اور طبرانی نے روایت کیا ہی من خضب بالسواد سوّد اللہ وجہہ یوم القیامۃ یعنی

فیہ وفی الولوالجیۃ وہو صحیح بحر وعلیہ مشے فی الوقایۃ ومتن المختار وشرحہ وقدمہ فی
متن الدرر علے القول الآخر وظاہرہ ترجیحہ وایدہ صدر الشریعۃ بقولہ لظہور التوانی
فی احکام الشرع سیما فی اقامۃ الحدود فی الامصار انتہے اور بحر رائق مین ہی
فی المجتبے عن ابی یوسف انہ اذا اجتمعوا فی اکبر مساجدہم للصلوات الخمس لم یسعہم
وعلیہ الفتوے لاکثر الفقہاء وقال ابو شجاع ہذا احسن ماقیل انتہے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۂ | محمد عبد الحی ابو الحسنات |

١٦٦ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین
کہ زید اپنی زوجہ کو حکم ادا ے نماز پنجگانہ کرتا ہے زوجہ کبھی نماز پڑہتی ہے اور
کبھی قصداً قضا کرتی ہے اسوجہ سے زید منکوحۂ مذکورہ سے ناراض رہتا ہی
اس صورت مین شرع شریف کیا حکم کرتی ہی آیا زید اوس سے بخوابی ترک
کرے یا تنبیہاً اوسے مارے یا طلاق دیوے بینوا بالتفصیل بحوالۃ الکتاب توجروا
من اللہ الجلیل نعم الثواب ہوالمصوب اگر وہ عورت نصیحت زبانی نہین
مانتی ہی اوس سے بہ نیت تنبیہ اور زجر کے بخوابی ترک کرے اور تنبیہاً اوسکو
مارنا بھی درست ہی مگر نہ اسطرح پر کہ اوسکو زائد تکلیف ہو اور طلاق دیدینا بھی
درست ہی مگر ضروری نہین اور اگر وہ عورت کسیطرح سے نہ مانے اوسکو اپنی
زوجیت مین باقی رکھنا ممنوع نہین ہی کیونکہ ذمہ شوہر کا بوجہ نصیحت کے پاک ہوگیا
عدم قبول نصیحت کا وبال اوس عورت پر ہوگا اشباہ مین ہی للزوج ان یضرب
زوجتہ علی ترک الزینۃ بعد طلبہا وعلے عدم اجابتہا الے فراشہ وہی طاہرۃ من الحیض
والنفاس وعلے خروجہا من منزلہ بغیر حق وعلے ترک الصلوۃ فی روایۃ انتہی حموی
حواشی اشباہ مین لکھتے ہین قولہ وعلے ترک الصلوۃ فی روایۃ مشی علیہ فی الکنز تبعاً
للکثیرین وفی النہایۃ تبعاً لابی الحاکم انہ لایجوز لہ لان المنفعۃ لاتعود الیہ بل الیہا انتہے
اور خزانۃ الروایۃ مین ہی فی الخانیۃ لہ ان یضربہا علے اربعۃ منہا ترک الزینۃ اذا اراد
الزوج الزینۃ والثانیۃ ترک الغسل من الحیض والنفاس والجنابۃ والثالثۃ ترک الصلوۃ والرابعۃ

باب الصلوۃ

کل مال ہبہ کرے جو وارث شرعی نہین ہو کہ اُس سے حرمان وارث لازم آوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی **استفتا** مالش کرنا چربی شیر کا دواءً جائز ہے یا نہین اور بغیر دہوئے ہوئے اُسکی نماز درست ہے یا نہین **ھو المصوب** چربی شیر کی حرام اور نجس ہے اور تداوی بالمحرم مین اختلاف فقہا کا ہے بعض مطلقاً ممنوع کہتے ہین اور بعض بشرط ضرورت اس طرح پر کہ باخبار طبیب حاذق مسلم یہ معلوم ہو کہ اُس مرض کی کوئی اور دوا نہین ہے اور اسمین شفا مظنون ہے جائز رکھتے ہین جیسا کہ درمختار مین ہے اختلف فی التداوی بالمحرم وظاہر المذہب المنع کما فی رضاع البحر لکن نقل المصنف عن الحاوی قیل یرخص اذا علم فیہ الشفاء ولم یعلم دواء آخر کما رخص الخمر للعطشان وعلیہ الفتوی انتہی و بر تقدیر استعمال بغیر دہوئے ہوئے کوئی نماز نہین جائز ہے۔ واللہ اعلم۔ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ رویت ہلال ایک ملک کی دوسرے ملک مین معتبر ہے یا نہین اور اگر معتبر ہے تو وہ دونون ملک کتنے بعد پر واقع ہون اور اختلاف مطالع کا کتنی مسافت زمین مین معتبر ہے کتب معتبرہ و حدیث صحیحہ سے مع عبارت و نام کتاب تحریر فرمائیے بینوا توجروا فقط **ھو المصوب** حنفیہ کا اس باب مین اختلاف ہے بعض کی راے یہ ہے کہ اختلاف مطالع کا مطلقاً اعتبار نہین ہے حتی کہ اہل مشرق پر رویت ہلال مغرب جب خبر وہان کی بطور شرعی پونہچ جاوے روزہ واجب ہے اور بعض کی یہ راے ہے کہ جسقدر مسافت مین بحسب قواعد مبرہنہ علم ہیأت اختلاف مطالع ہوتا ہے اور ایک شہر مین رویت ہو سکتی ہے دوسرے مین نہین اسقدر مین اختلاف مطالع معتبر ہے اور اس سے کم مین نہین اور ادنی مسافت اختلاف مطالع کا بمقدار ایک مہینہ کی راہ ہے پس جب ایک شہر مین مثلاً لکھنؤ یا اُسکے اطراف مین چاند رمضان کا دیکھا گیا پس جو شہر اُس سے ایک مہینہ کی یا زائد اس سے مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہ حکم لازم نہوگا اور جو شہر اس سے کم مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہ حکم لازم ہوگا اور یہی مذہب محدثین حنفیہ کا ہے اور موافق حدیث ابن عباس کے جو صحیح مسلم اور جامع ترمذی وغیرہ مین مروی ہے تاتارخانیہ مین ہے اہل بلدۃ اذا راى الهلال هل یلزم ذلك فی حق کل بلدة اختلف المشائخ فیہ فبعض قالوا لا یلزمہ وفی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ

جو شخص سیاہ خضاب کرے گا بروز قیامت حق تعالے اوسکو سیہ رو کرے گا اور ملا علی قاری شرح شمائل ترمذی مین لکھتے ہین ذہب اکثر العلماء الی کراہۃ الخضاب بالسواد وجنح النوری الی انہا کراہۃ تحریم وان من العلماء من رخص فیہ للجہاد ولم یرخص فیہ لغیرہ انتہی پس برگ نیل سے اگر سیاہ خضاب ہووے وہ ممنوع ہے مثل اسکے کہ پہلے بالونکو مہندی سے رنگین کرے اوسکے بعد استعمال نیل کا کرے اس صورت مین رنگ سیاہ ہوتا ہے اور اگر رنگ خالص سیاہ نہووے مثلاً نیل کے ساتھ مہندی وغیرہ شریک کیجاوے جس سے رنگ مائل بسرخی ہو تو درست ہے جیساکہ امام محمد موطا مین لکھتے ہین لا نری بالخضاب بالوسمۃ والحناء والصفرۃ باسا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

۱۶۹ **استفتا** سانڈ کا کہانا درست ہے یا نہین یعنے جب وہ کسی شخص خاص کے ملک نہین ہے تو بنام خدا ذبح کرکے کہانا جائز ہوگا یا نہین بینوا توجروا **ہو المصوب** نہین جائز ہوگا جب تک مالک اوسکا اجازت نہ دیوے اسوجہ سے کہ چھوڑ دینا کسی جانور کا بغیر اجازت اوس شخص کے جو یاوے ملک مالک سے اوسکو نہین نکالتا ہے جیساکہ رد المحتار مین ہے المختار فی الصید انہ لا یملکہ اذا لم یجہ وکذا فی الدابۃ اذا سیبہا کما بسطہ الشرنبلالی انتہی اور در مختار مین ہے ان کان مرسلا فہو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ زیلعی انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

۱۷۰ **استفتا** بکر برادرزادۂ ہندہ اور زید خواہرزادۂ ہندہ ہے اور ہندہ لاولد ہے اور زید کو اوسنے فرزندی مین لیکر پرورش کیا ہے اسوجہ سے ہندہ نے کل جائداد اپنی زید کو ہبہ کردی تو اس ہبہ کرنے سے ہندہ مواخذہ دار عنداللہ وعندالرسول ہوگی یا نہین ۵ **ہو المصوب** اس ہبہ سے ہندہ گنہگار ہوگی کتب فقہ وحدیث مین تصریح اس امر کی ہے کہ اگر بعض اولاد کو ہبہ مین فضیلت دی بغیر وجہ شرعی کے تو گناہ لازم ہوتا ہے جیساکہ سراج منیر مین ہے لو اعطی لبعض ولدہ شیئا دون البعض لزیادۃ رشدہ لا باس بہ ولو کان سواء یجوز فی القضاء ولکن ہو آثم کما فی المختار انتہی پس جائیکہ ایسے شخص کو

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین او رمفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک قصبہ مین نماز جمعہ کی ایک مسجد مین بجماعت کثیر ہوتی تھی اور اُن نمازیون مین بعض بعض شخص آمین بالجہر و رفع یدین کرنے والے تھے اور برسون سے اسکا جھگڑا تھا اتفاقاً ایک جاہل نے عین نماز مین آمین بالجہر کرنیوالے کو مارا تو اس صورت مین اُس مسجد مین اذن عام ہی یا نہین در حال یہ کہ امام نے کسی کو منع نہین کیا کہ تم یہان نماز نہ پڑہو اور بسبب مارپیٹ کے عالم آمین بالجہر والے یہ فرماتے ہین کہ اس مسجد مین نماز جمعہ کی نہین ہوتی اور اُس مارپیٹ کو سبب عدم اذن عام قرار دیتے ہین تو اس صورت مین کیا حکم ہی آیا نماز جمعہ کی اُس مسجد مین ہوتی ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب آمین بالجہر کہنے والے کو کہ جس نے ایک فعل موافق احادیث صحیحہ اور مطابق ایک جماعت ائمہ مجتہدین و محدثین کے کیا مارنا حرام ہی مارنیوالا قابل مواخذہ کے ہی لیکن صرف اسقدر سے اذن عام مین تخلل نہین ہوتا اگر مسجد مین آنے سے جمعہ کے روز نمازیون کو ممانعت نہ کیجاوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ ایک قصبہ مین چند اشخاص آمین بالجہر کہتے ہین اور نہ کہنے والے کو بھلا برا کہتے ہین بلکہ بعض بعض جاہل آمین بالجہر کہنے والے نہ کہنے والے کو کافر بھی کہتے ہین بسبب ان کلمات ناشایستہ کے ایک جاہل نے آمین بالجہر و رفع یدین والے کو مارا اور قبل مارنے کے بہت فساد تھا بعد مارنے کے کل فساد دفع ہو گیا تو اس صورت مین وہ مارنے والا گنہگار ہوگا یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب برا کہنا آمین بالجہر نہ کہنے والے کو اور مارنا آمین بالجہر کہنے والے کو یہ دونون شرعاً گنہگار ہوے دونون پر توبہ لازم ہی فان اختلاف الائمۃ رحمۃ ولیس علے متبع احدہم کائنا من کان تعنۃ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا چہ می فرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ در بازار نرخ گندم فی خروار عشرہ مروج ست شخصے از سوقی صاحب الجلوب یک خروار بمہلت شش ماہ مقابل قیمت عشرہ می فروشد یعنے از راہ تاجیل در ثمن پنج روپیہ اضافہ می کند ہنگام حلول اجل

وفی القدوری الکان بین البلدتین تفاوت لایختلف بہ المطالع یلزمہ وذکر شمس الائمۃ الحلوانی انہ الصحیح من مذہب اصحابنا انتہی اور طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح میں لکھتے ہیں یختلف باختلاف المطالع واختارہ صاحب التجرید وہو الاشبہ لان انفصال الہلال من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار وہذا اثبت فی علم الافلاک والہیأت واقل ما یختلف بہ المطالع مسیرۃ شہر کما فی بحر الجواہر انتہی اور زیلعی شرح کنز میں لکھتے ہیں اکثر المشائخ علے انہ لایعتبر اختلاف المطالع والاشبہ انہ یعتبر لان کل قوم مخاطبون بما عندہم وانفصال الہلال عن شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار والدلیل علے اعتبارہ ما روی عن کریب ان ام الفضل بعثتہ الے معاویۃ قال فقدمت الشام وقضیت حاجتہا واستہل شہر رمضان وانا بالشام فرأینا الہلال لیلۃ الجمعۃ ثم قدمت المدینۃ فی آخر الشہر الی ابن عباس وذکر الہلال فقال متی رأیتم الہلال فقلت لیلۃ الجمعۃ فقال انت رأیتہ قلت نعم ورآہ الناس وصاموا وصام معاویۃ فقال لکنا رأیناہ لیلۃ السبت فلا نزال نصوم حتی نکمل ثلاثین او نراہ فقلت اولا نکتفی برؤیۃ معاویۃ وصیامہ قال لا ہکذا امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فی المنتقی رواہ الجماعۃ الا البخاری وابن ماجۃ انتہی اور مختارات النوازل میں ہے اہل بلدۃ صاموا تسعۃ وعشرین یوماً بالرؤیۃ واہل بلدۃ اخری صاموا ثلثین بالرؤیۃ فعلی الاولین قضاء یوم اذا لم یختلف المطالع بینہما واما اذا اختلف لایجب القضاء انتہی اور یہ جو عوام میں مشہور ہے لکل اہل بلد رؤیتہم اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مطلقاً ایک جگہ کی رویت دوسرے مقام پر معتبر نہو ورنہ لازم آویگا کہ اگر ایک شہر میں رویت ہوا اور دوسرے شہر میں کہ اُس سے صرف دو ایک منزل یا دو چار کوس دور ہو رویت نہو تو وہ رویت اُن لوگوں کے حق میں معتبر نہو اور یہ امر کوئی عاقل کہ جسکو کتب حدیث سے ساتھ مہارت اور فن ہیأت کے ساتھ مناسبت ہے تجویز نہ کریگا بل لا یقول بہ الا جاہل غبی او غوی بلکہ مراد اُس سے یہی ہے کہ جن دو بلاد میں اختلاف مطالع ہوتا ہے اور یہ ممکن ہو کہ ایک جگہ ہلال دیکھا جاوے اور دوسری جگہ نہیں ایسے دو بلدوں میں ایک جگہ کا حکم دوسری جگہ لازم نہوگا اور اگر ایسا نہو جیسے دونوں شہروں میں مسافت ایک مہینہ سے کم ہو تو ضرور حکم ایک جگہ کا دوسری جگہ پر لازم ہوگا اور ایک روزہ قضا کرنا پڑیگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

نگشت سے زائد ہو اگرچہ طولاً زائد ہو جیسا کہ ردالمحتار میں ہے ہل المراد قدر اربع اصابع طولاً وعرضاً
بان لا یزید طول العلم وعرضہ علی ذلک او المراد عرضہا فقط وان زاد طولہ المتبادر من کلامہم الثانی
دوسرے یہ کہ اسقدر بوٹے کثرت سے قریب نہون کہ اصل کپڑا اُس سے چھپ جاوے اور متوسط
مقام سے بالکل کام معلوم ہو جیسا کہ درمختار مین ہے ظاہر المذہب عدم جمع المتفرق ولو فی عمامۃ
کما بسطہ فی القنیۃ انتہی ردالمحتار مین ہے ای الا اذا کان خط منہ قز وخط منہ غیرہ بحیث یری کلہ قزاً
فلا یجوز ومقتضاہ حل الثوب المنقوش بالحریر تطریزاً ونسجاً اذا لم تبلغ کل واحدۃ من نقوشہ اربع
اصابع وان زادت بالجمع مالم یر کلہ حریراً قال الطحطاوی وہل حکم المتفرق من الذہب والفضۃ
کذلک یحرر انتہی یعنے جس کپڑے میں ایسا کامدانی کا کام کثرت سے ہو کہ زمین کپڑے کی معدوم ہوگئی ہو یا کوئی بوٹا
چار انگشت سے زائد ہو وہ ناجائز ہے واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ﷺ صح الجواب
واللہ علیم حررہ ابو الاحیا محمد نعیم عفی عنہ ﷺ

استفتا ۱۷۷ چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ از روی مذہب حنفیہ صورتش اینکہ زید زوجہ خود مسماۃ ہندہ را در حالت غضب طلاق داد باین طور کہ سہ بار لفظ طلاق بر زبان آورد پس درین صورت بر ہندہ طلاق واقع شد یا نہ بر تقدیر اول چہ صورت ست کہ باز ہندہ را زید بنکاح آرد بسطوا الجواب ﷺ **ہو المصوب** بر ہندہ سہ طلاق واقع شد حالا بدون تحلیل نکاحش باز ید درست نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۷۸ چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ از روی شرع مثلاً ہندہ کی لڑکی نے سلیمہ کا دودھ پیا اُس حالت مین کہ جب اُس لڑکی کی عمر دو برس سے زائد تھی خواہ دو سہ ماہ خواہ ایک روز خواہ دو روز خواہ زیادہ اس سے لیکن بہر تقدیر چھ ماہ کی زیادتی نہ تھی تو اس صورت مین ہندہ کی لڑکی کا نکاح سلیمہ کے لڑکے کے ساتھ شرعاً ہو سکتا ہے یا نہ اور رضاعت رضیعت ثابت ہوئی یا نہین بینوا توجروا ﷺ **ہو المصوب** جو رضاعت بعد دو برس کے ہو اُس سے حرمت ثابت نہین ہوتی ہے اور شرعاً حکم رضاعت ورضیعت بھی نہین ہوتا ہے موطا امام محمد مین ہے لا یحرم الرضاع الا ما کان فی الحولین فما کان فیہما من الرضاع وان کان مصۃ واحدۃ فہی تحرم کما قال عبداللہ ابن عباس وسعید بن المسیب وعروۃ بن الزبیر وما کان بعد الحولین لم یحرم شیئاً لان اللہ عزوجل قال وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ فتمام الرضاعۃ

جملہ عسے خواہد کرد آیا این از زیادتی ثمن جائز است یا نہ ولو اخذ التمسک للجواز بقول صاحب الہدایۃ والکفایۃ والنہایۃ والشامی والطحطاوی ویزاد فی الثمن لاجل الاجل یصح ام لا قال فی حاشیۃ الچلپی یجوز ان یقدر الثمن فی المبیع بالمؤجل اکثر مما فی المعجل بحیث تقابل کثرۃ المؤجل تعجیل القلیل انتہی لکنہ یخالف ما فی صلح الہدایۃ ان الاعتیاض عن الاجل حرام فکذا الاجل وہذا لان حرمۃ الربوا النسا لیست الا لشبہۃ مبادلۃ المال بالمال فحقیقۃ لان یکون حراما اولی- بینوا توجروا

مقتدی ساقط شد چہ سنت در حق او صرف سماع قرآن بود من غیر تقیید کون القاری مفترضا و
مستنا فے القرأۃ واگر اشتباہ این امر شود کہ درین صورت یک رکن امام یعنے قراۃ ضعیف شد

المسجد لا ینبغی ان یصلی فیہا لان السور حق العامۃ فلا یخلص اللہ وصار کما لو بنی المسجد علی ارض الغصب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوال زیدنے بحالت صحت ذات وثبات عقل کے یہ وصیت نامہ لکھا اور عمرو اپنے بیٹے کو وصی مقرر کرکے قابض ودخیل اسپنے روبرو کل املاک اپنی پر کرادیا بعد اسکے زید مر گیا اسوقت مسماۃ ہندہ بنت زید نے بہ تسلیم وصیت نامہ قبضہ ودخل عمرو کا بحال رکھا اور عمرو مذکور قریب بیس سال کے قابض ودخیل رہکر مطابق وصیت نامہ کے عمل درآمد کرتا رہا اب عمرو مر گیا اور اسنے چھوٹا اصل موصی کی دختر ہندہ کو اور ہندہ کی بیٹون کو یعنے موصی کے نواسون کو اور تین بیٹے نابالغ اور تین لڑکیان نابالغہ اور مسماۃ صالحہ ایک بیٹی بالغہ اور مسمی بکر ایک بیٹے بالغ کو بعدہ مسمی بکر کہ سعید وصالح ہے اور بہ نسبت جملہ ورثہ کے لائق اہتمام امور وقف وغیرہ کی بذریعہ وصیت نامہ مذکور کے قابض املاک ہوا اور سابقہ امانت اور دیانت کے تعمیل امور مندرجہ وصیت نامہ کرتا ہی سوال اول بموجب وصیت نامہ کے وصی بہ نسبت چار آنہ کے اشخاص مذکورہ مین سے کون شخص ہوگا سوال دوسرا اور جو شخص وصی ہوگا بہ نسبت چار آنہ کے وہی شخص وصی ومنتظم بہ نسبت بارہ آنے کے بھی ہوگا سوال تیسرا درحالیکہ وہی شخص وصی ہو تو ورثاے موصی کو اختیار انتزاع قبضہ کا اس شخص سے نسبت چار آنے کے یا بارہ آنے بقیہ کے حاصل ہی بینوا توجروا الجواب ہو المصوب چونکہ دفعہ ۳ مین موصی نے تصریح کردی کہ امر انتظام وقف ہماری اولاد مین رہے گا اسوجہ سے موصی کے نواسون کو کچھ مداخلت نہین ہوسکتی ہی کیونکہ لفظ اولاد سے اولاد بنت بقول مفتی بہ خارج ہین تنقیح الفتاوی الحامدیہ کے صفحہ ۵۶ جلد اول چاپہ مصر مین مرقوم ہی قال الطرسوسی ما حاصلہ ان فی دخول اولاد البنات فی لفظ الاولاد اختلاف الروایۃ ففی روایۃ الخصاف والہلال یدخلون وفی ظاہر الروایۃ لا یدخلون وعلیہ الفتوی وذکر العلامۃ البیری انہ اختلف ہل یدخل ولد البنت فی قولہ علی ولدی وولد ولدی قال فی المحیط لا یدخلون فی ظاہر الروایۃ وعلیہ الفتوی لانہم منسوبون الی الاب دون الام واعتمدہ فی التجنیس وکذا اعتمدہ المتاخرون منہم الشیخ قاسم الحنفی وقال ہو الذی یفتی بہ انتہی ملخصا اور جو ورثہ بالغ نہین وہ جب تک بلوغ ولیاقت قابل وصایت وولایت نہین جیسا کہ بحر الرائق مین ہے فی الاسعاف لو اوصی الی صبی تبطل فی القیاس مطلقا وفی الاستحسان ہی باطلۃ مادام صغیرا انتہی باقی رہے اور ورثہ

والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ؎

استفتا (۱۳۴) سوال کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک یا دو مینگنی چوہے کی پلاؤ کی دیگ مین یا شیر برنج مین سے نکلے تو وہ کل نجس ہے یا کسیقدر اور کسی نے جو بلاعلمی سے کھایا تو کھلانے والا عاصی ہوگا یا نہین اور روٹی کا کیا حکم ہی جس روٹی مین مینگنی نکلے وہی نجس ہی یا کل روٹیان اُس آٹے کی صاف صاف بحوالہ کتب مع عبارت کے ملاحظہ فرماکے مزین بمہر ودستخط فرمائیے بینوا توجروا ؎ ہو المصوب جس روٹی مین مینگنی نکلے اگر وہ مینگنی سخت ہی وہ پھینک دیجاوے اور روٹی کھائی جاوے اور اگر بالکل مخلوط ہوگئی اور ریزہ ریزہ ہوکر ملگئی تو وہ روٹی نہ کھائی جاوے فتاوی سراجیہ مین ہی خبز وجد فی خلاله سرقین فارة فان کان علی صلابته یرمی ویوکل الخبز انتهی باقی صرف ایک روٹی مین نکلنے سے اور روٹی اُس آٹے کی کھانا منع نہین ہی اور شیر برنج وغیرہ مین اگر مینگنی سخت نکلے اور بالکل مخلوط نہوئی ہو تو بعض متاخرین نے فتوی دیا ہی کہ مینگنی پھینک دی جاوے اور وہ کھایا جاوے مگر مقتضاے احتیاط یہ ہے کہ نہ کھایا جاوے خزانة الروایات مین مذکور ہی فی العتابیة خرء الفارة نجس ومن المتاخرین من رخص فی الدهن وفی الطعام ان کان قلیل لا یفسده مالم یوجد ریحه او طعمه انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ؎

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا (۱۳۵) سوال کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ قطعہ اراضی مشترک کہ اسمین حصہ وملکیت ہنود ومسلمانان کی ہی اور اُس اراضی مشترک مین کہ وہ تاہنوز تقسیم نہین ہی کوئی شخص مسجد خواہ معبدگاہ اپنا ہنود سے بلا اجازت مسلمانان کے زبردستی زمین لیکر بنوالے تو ایسی مسجد بنائی ہوئی مین نماز پڑھنا عند الشرع شریعت درست ہی بلاکراہت یا بکراہت یا نہین بینوا بالکتاب توجروا بالثواب ؎ ہو المصوب شرائط وقف سے یہ ہی کہ شئی موقوف بوقت وقف ملک واقف ہووے جیسا کہ بحر الرائق وغیرہ مین ہے من شرائطه ملک الواقف عند الوقف انتهی پس وہ مسجد جو زمین مشترک مین بلا اذن شرکا بنائی گئی وہ شرعا مسجد نہوگی اور اُسمین نماز پڑھنے سے ثواب نماز مسجد کا نہ ملیگا بلکہ ایسے مقام پر نماز پڑھنا نہ چاہیے صدر شہید کتاب الواقعات مین لکھتے ہین مسجد بنی علی سور

کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً زید نے اپنی املاک موقوفہ
اور موصی بہا کا وصی اور منتظم اپنے پسر مسمی بکر کو کرکے املاک مذکورہ پر قابض ودخیل کرادیا اور یہ شرط
کی کہ بعد مسمی بکر کے ہمیشہ وہر زمانہ مین ایک شخص ہماری اولاد مین سے کہ سعید ولائق ہو وصی ومنتظم
املاک مذکورہ کا ہوا کرے گا شرعاً یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہے یا نہین
بینوا توجروا ہو المصوب یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہی فتاوی عالمگیریہ
مین ہے فی فتاوی محمد بن الفضل سئل عمن شرط فی اصل الوقف الولایۃ لنفسہ ولاولادہ
قال یجوز بالاجماع انتہی اور بھی اسی مین ہے ان شرط ان یلیہ فلان بعد موتی ثم بعدہ یلیہ فلان
ثم بعدہ یلیہ فلان فہذا الشرط جائز کذا فی المحیط السرخسی انتہی اور فتاوی قاضی خان مین ہی لو شرط الواقف
فی الوقف ان یکون الولایۃ لہ ولاولادہ فی تولیۃ القیم وعزلہ والاستبدال بالوقف وما ہو من انواع
الولایۃ واخرجہ من یدہ الی المتولی جاز ذلک ذکرہ فی السیر انتہی اور اشباہ مین ہی شرط الواقف
کنص الشارع یجب اتباعہ انتہی اور طحطاوی حاشیہ درمختار مین لکھتے ہین شرائط الواقف معتبرۃ
کالنصوص فیراعی کالنصوص انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبدالحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبدالحی ابو الحسنات] سنہ ۱۳۰۳ استفتا سوال ایک عورت نے زنا اور
رقص کے ذریعہ سے روپیہ پیدا کیا اسمین سے خیرات کرکے اگر امیدوار ثواب کی ہو تو کافر
ہوجاویگی یا مسلمان رہیگی ۱؎ ایسی عورت کے ہاتھ کوئی چیز بیچکر اسکے روپیہ مین سے قیمت لینا
حلال ہی یا حرام ۲؎ کوئی ڈاکٹر یا طبیب عورت مذکورہ کا علاج کرے تو حق العلاج اسکے روپیہ مین
سے لینا درست ہی یا نہین ۳؎ عورت مذکورہ کو اپنے گھر مین کرایہ پر رکھکر اسکے روپیہ مین سے کرایہ
لینا کیسا ہے ۴؎ وہ عورت اگر کسی کو روپیہ نذر کرے تو اسکی نذر لینا حلال ہے یا حرام
۵؎ جو روپیہ اُسنے زنا کے ذریعہ سے پیدا کیا اور جو ناچ گا کے اِن دونون مین کچھ فرق ہے
یا حرمت مین برابر ہے اُسکے واسطے اور نذر لینے والے کے واسطے ۶؎ وہ عورت اگر دعوت
کرے یا کچھ تحفہ بھیجے تو اُسکو قبول کرنا درست ہے یا نہین ۷؎ وہ عورت جسکے پاس مال
حلال بالکل نہین فقط زنا اور رقص کی اجرت کا روپیہ ہے اگر وہ خیرات کرنا چاہے تو کیونکر
کرے ۸؎ اگر وہ عورت قرض لیکر خیرات کرے اور پھر اپنے روپیہ سے قرض ادا کردے تو ثواب

امین سے جو سعید صالح ولائق انجام امور وقف کے ہو وہ بحسب نص موصی امور وقف مین بابت
چار آنہ کے وصی و منتظم ہوگا اور اگرچند ورثہ سعادت ورشد مین برابر ہون تو جو عالم ہوگا اور امور
وقف کا اہتمام اچھی طرح سے ساتھ دیانت و امانت کے کرسکتا ہوگا وہ منتظم قرار دیا جاوے گا
تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین صفحہ ۱۸۲ مین ہے لو احدہما اورع والآخر اعلم بامور الوقف فہو اولی
اذا امن من خیانتہ ولو استویا رشدا وکان احدہما عالما فانہ یقدم انتہی اور جو سعید صالح لائق انجام
حسب نص موصی مہتمم امور وقف کا ہوگا وہی شخص بابت بارہ آنہ کے بھی وصی قرار دیا جاوے گا
فتاوی قاضی خان کے صفحہ ۱۴۲ جلد چہارم چھاپہ کلکتہ مین ہے لو قال الوقف انت وصی
فی امر الوقف خاصۃ قال ابو حنیفۃ ہو وصی فی الاشیاء کلہا انتہی اور بھی اسیکے صفحہ ۲۲۶ مین ہے
اذا اوصی الی رجل فی نوع کان وصیا فی الانواع کلہا انتہی اور بحر الرائق کی کتاب الوقف مین ہی
لو جعلہ وصیا فی امر الوقف فقط کان وصیا فی الاشیاء کلہا عند ابی حنیفۃ ومحمد انتہی اور جامع الرموز
کے صفحہ ۳۰۸ چھاپہ مصطفائی کتاب الوصایا مین ہی اطلاقہ مشعر بانہ لو جعل رجلا وصیا فی نوع
صار وصیا فی الانواع کلہا کما فی الذخیرۃ وغیرہ انتہی اور مجتبی شرح مختصر قدوری اور منح الغفار شرح
تنویر الابصار مین ہے لو خص لہ الوصیۃ فی مال لہ فہو وصی عند ابی حنیفۃ فی کلہ انتہی اور فتاوی
سراجیہ اور مجمع البرکات مین ہی الوصی فی نوع یکون وصیا فی الانواع کلہا انتہی اور عبارت دفعہ ۶
وصیت نامہ کی اور نہ نیلام سے حق و دخل مسمی عمرو خواہ اونکے جو قائم مقام ہون فتور نہ آویگا
الخ نص صریح اس امر پر ہی کہ بابت بارہ آنے کے وصایت بعد عمرو کے اونکے قائم مقام کی طرف
منتقل ہوگی اور ورثہ موصی کو یا حاکم کو اختیار نہین ہی کہ بدون ثبوت خیانت کے انتزاع قبضہ
وصی سے مقدار چار آنہ یا بارہ آنہ کو کرین جامع الرموز صفحہ ۲۹۰ مین ہے ویبقی وجوبا امین
عن الخیانۃ یقدر علی القیام بہا انتہی اور شرح مختصر وقایہ للشمنی مین ہے ویبقی وصی امین یقدر
علی التصرف ولیس للقاضی ان یخرجہ عن الوصایۃ انتہی اور ہدایہ کے باب الوصی مین ہے
لو کان قادرا علی التصرف امینا فیہ لیس للقاضی ان یخرجہ وکذا اذا شکی الورثۃ او بعضہم الوصی
الی القاضی فانہ لا ینبغی لہ ان یعزلہ حتی تبدو لہ منہ خیانۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (ابو الحسنات محمد عبد الحی) **استفتا سوال**

اداُسکا صدقہ اور ہدیہ لینا اور اجرت کرایہ مکان یا اجرت علاج وغیرہ لینا درست ہی بشرطیکہ یہ نہ معلوم ہو کہ یہ جو اُسنے دیا ہی عین مال حرام سے ہی اور اگر یہ معلوم ہو یا یہ کہ مال حرام غالب ہو تو کچھ نہین درست ہی اشباہ والنظائر مین ہے اذا کان غالب مال المهدی حلالاً فلا باس بقبول هدیته واکل ماله مالم یتبین انه من حرام وان کان غالب ماله الحرام لایقبلها ولا یاکل الا اذا قال انه حلال ورثه او استقرضه انتهى اور حفظ الاصغرین مین ہے فان قلت کیف ساغ للفقیر تناول ما فیه حیث قلت محله عدم علمه بحقیقة الحال وان علم به فهو کغیره لایحل له انتهى اور خزانۃ الروایات مین ہے فی الملتقط الناصری آکل الربا او کاسب حرام اهدی الیه او اضافه وغالب ماله حرام لایقبل ولا یاکل مالم یخبره ان ذلک المال حلال ورثه او استقرضه وان کان غالب ماله حلالاً لاباس بقبول هدیته والاکل منه انتهى اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اگر وہ شخص کہ کل مال اُسکا حرام ہے وہ اگر خیرات کرنا چاہے تو قرض لیکے کرے اور اپنے مال خبیث سے اُس قرض کو ادا کرے اور قرض لیکے جو دیگا اُسکا ثواب اُسکو ملیگا اور نذر و تحفہ وغیرہ اُس سے لینا بھی درست ہو گا حفظ الاصغرین مین ہے فی الخلاصة قال فی شرح حیل الخصاف لشمس الائمة ان الشیخ ابا القاسم کان ممن یاخذ جائزة السلطان وکان یستقرض جمیع حوائجه ویقضی دینه بما یاخذه من الجائزة انتهى واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۳۹] بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علماے دین ایسے موے مبارک کی زیارت کی نسبت اور نیز اُس محفل زیارت مین شرکت کی بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیجاتی ہے حالانکہ اُس مجلس زیارت مین بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہے یعنی شب زیارت کو کثرت سے چراغان روشن کیے جاتے ہین نوبت و شہنائی نوبت بہ نوبت بجائی جاتی ہی آتشبازی بھی چھوٹتی ہے راگ بھی مع مزامیر وغیرہ ہوتا ہی غرضکہ جملہ رسومات شادی اُس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب عیش و طرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو مالیدہ پر آنحضرت کی روح پر فتوح پر فاتحہ مروجہ کرنا بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہی اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موے مبارک اکثر نقد و جنس بطور نذر و نیاز کے موے مبارک پر چڑھاتے ہین اُسکا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیے

خیرات کا پاویگی یا نہین **س٭** اگر قرض لیکر وہ عورت کسیکو نذر دے تو وہ نذر قبول کرنا جائز ہی یا نہین
سوا زنا اور رقص کے صلے مین اسکی ایک رقم تنخواہ مقرر ہے اُسکے سوا بھی اور روپیہ وہ اپنی خوشی
سے دیتا ہی جسکی وہ نوکر ہے یہ دونون رقمین حرمت مین برابر ہین یا نہین **ہو المصوب**
زنا اور رقص اور غنا کے ذریعہ سے جو مال پیدا ہو وہ خبیث اور حرام ہے اور اس باب مین
زنا اور ناچ گانا سب برابر ہین اور ایسی ہی بذریعۂ اجرت کسی معصیت کے جو حاصل ہو وے
وہ خبیث ہی ہان وہ مال جو مغنیہ یا زانیہ کو کسی نے بغیر اجرت و بغیر شرط کے ابتداءً تبرع کیا وہ خبیث
نہین ہے اور مال خبیث کا حکم یہ ہے کہ کل مال واپس کر دینا اصل مالک کو اگر معلوم ہو واجب ہے
اور اگر معلوم نہو تو تصدق کل کا واجب ہے لیکن نہ بہ نیت طلب ثواب کے بلکہ بہ نیت فراغ ذمہ
کے اور اگر ایسے مال کے تصدق مین نیت طلب ثواب کی کیجاویگی پس اگر حرمت اُس مال کی
قطعی ہے جیسا کہ مال غصب وغیرہ تو وہ شخص کافر ہو جاویگا اور اگر قطعی نہین ہے یعنے دلائل
قطعیہ سے نہین ثابت ہے تو وہ کافر نہوگا جیسے مال زنا و رقص کہ اسکی حرمت دلائل ظنیہ سے
ثابت ہی مگر اس نیت سے وہ شخص قابل مواخذہ ہوگا اور صدقہ اُسکا مقبول نہوگا فان اللہ طیب
لایقبل الا الطیب رد المحتار حاشیۂ درمختار کے کتاب الاجارہ مین باب الاجارۃ الفاسدۃ مین ہے فی المنتقی امرأۃ
نائحۃ او صاحبۃ طبل او زمر اکتسبت مالا ردتہ علی اربابہ ان علموا والا تتصدق بہ وان من غیر شرط
فھو لھا قال الامام الاستاذ لا یطیب والمعروف کالمشروط انتہی قلت وہذا مما یتعین الاخذ بہ فی زماننا
لعلمہم انہم لا یذہبون الا باجر البتۃ طحطاوی انتہی اور درمختار کے کتاب الاجارہ کے باب الاجارۃ الفاسدۃ مین
ہے ولا تصح الاجارۃ لعسب التیس وہو نزوہ علی الاناث ولا لاجل المعاصی مثل الغناء والنوح
والملاھی ولو اخذ بلا شرط یباح انتہی اور بھی اُسمین کتاب الزکوۃ مین ہے فی شرح الوہبانیۃ
عن البزازیۃ انما یکفر اذا تصدق بالحرام القطعی انتہی رد المحتار مین ہے قولہ اذا تصدق بالحرام
القطعی اے مع رجاء الثواب الناشی عن استحلالہ اور شرنبلالی کے رسالۂ حفظ الاصغرین عن
اعتقاد ان الحرام لا یتعدی الی ذمتین مین ہے لا یقصد بہ ای بالتصدق من المال الخبیث
تحصیل الثواب بل تفریغ الذمۃ اور ایسی عورت جسکے پاس مال حرام ہے اگر اور مال حلال
بھی اُسکے پاس ہے اور وہ بہ نسبت حرام کے زائد ہی تو اُسکی نذر قبول کرنا اور اُسکی دعوت کھانا

دیکھا تو اوسمین چند بال تھے سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور جبہ مبارک
کی تعظیم اور اوس سے برکت حاصل کرنے کی نسبت حضرت اسماء بنت ابی بکر
ہمشیرۂ خاص حضرت عایشہ صدیقہ رض سے روایت ہی انہا اخرجت جبۃ طیالسۃ کسروانیۃ
لہا لبنۃ دیباج وفرجیہا مکفوفین بالدیباج وقالت ہذہ جبۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کانت عند عایشۃ فلما قبضت قبضتہا وکان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یلبسہا فنحن نغسلہا للمرضی
نستشفی بہا رواہ مسلم ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہی کہ اونہون نے نکالا ایک
جبہ طیلسان کا کسروانی کہ اوسمین گریبان پر ریشمی سنجاف تہی اور دونون چاکون پر اوسکے
ریشمی سنجاف تہی اور کہا کہ یہ جبہ ہی رسول اللہ صلعم کا حضرت عایشہ رض کے پاس
رکہا تہا پس جب عایشہ رض نے انتقال کیا تو یہ جبہ مینے لے لیا اوسکو آنحضرت صلعم پہنا کرتے
تھے اور اب ہم اوسکو دہو کر مریضونکو پلاتے ہین کہ اوسکی برکت سے شفا حاصل کرین روایت
کی اسکو مسلم نے اور اس سے بڑہکر یہ ثابت ہی کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے
دست مبارک سے اپنے آثار مبارک کو تبرکا اورون کو عطا فرمایا ہی اور بطریق تبرک
اوسکا استعمال کرایا ہی چنانچہ باب حجۃ الوداع مین حضرت انس سے مروی ہی قال ان النبی
صلے اللہ علیہ وسلم اتی منی فاتی الجمرۃ فاتاہا ثم اتی منزلہ بمنی ونحر نسکہ ثم دعا بالحلاق وناول
الحالق شقہ الایمن فحلقہ ثم دعا اباطلحۃ الانصاری فاعطاہ ایاہ ثم ناول الشق الایسر فقال
احلق فحلقہ فاعطاہ اباطلحۃ فقال اقسمہ بین الناس رواہ الشیخان ترجمہ حضرت انس سے
مروی ہی کہ آنحضرت صلعم آئے منا مین پس جمرہ کی جگہ آکر رمی کی پھر آپ نے اپنے قیامگاہ پر
مراجعت فرماکر قربانی کی پھر حجام کو بلاکر جانب یمین سر مبارک اوسکی طرف کی اوسنے حلق کیا
پھر ابوطلحہ انصاری کو بلاکر وہ موی مبارک دیدیے پھر حلاق کو دوسری شق یسار کی دی اور
فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اوسنے حلق کیا تو فرمایا ابوطلحہ کو دیکر کہ یہہ سبکو بانٹدے اور ایسہی مروی ہی حضرت
ام عطیہ سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے قصہ مین
انہا قالت فالقی حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے اپنا
تہبند ہماری طرف پہینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنی اوسکو

اور کسیقدر اراضی وغیرہ بطور اعانت عرس موی مبارک کے سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلی آتی ہی اوسپر خادمان موے مبارک کا متصرف ہونا اور اوسمین سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا نفقہ چلانا شرعاً کیسا ہی بینوا توجروا۔ الجواب جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین سیدنا ومولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہی خواہ وہ موے مبارک ہو خواہ جبہ مبارک ہو خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی چیز ہو کہ جسکو آنحضرت صلعم نے مس فرمایا ہو یا اور کسیطرح آنحضرت سے اوسکو علاقہ پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزون کی تعظیم کرنا اور اونسے برکت حاصل کرنا نشان کمال ایمانی اور دلیل غایت محبت نبوی ہی اور جملہ آثار محمدی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ علامت علامتہای اسلام سے ہی اس باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہی اور اسمین شبہہ نہین ہوسکتا کہ ایسے آثار ومشاہد کی تعظیم وتکریم اور اونسے برکت حاصل کرنا دراصل تعظیم وتکریم جناب احمدی کی ہی جو راس الایمان ہی اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابۂ کرام سے ہوتا ہی چنانچہ موے مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنے کی نسبت عثمان بن عبداللہ بن موہب سے روایت ہی ارسلنی اہلی الی ام سلمۃ بقدح من ماء وکان اذا اصاب الانسان عین اوشئی بعث الیہا مخضبۃ فاخرجت من شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانت تمسکہ فی جلجل من فضۃ فخضخضتہ لہ فشرب منہ قال فاطلعت فی الجلجل فرایت شعرات حمراء رواہ البخاری ترجمہ عثمان بن عبداللہ بن موہب فرماتے ہین کہ بہیجا مجکو میرے گہر والون نے حضرت ام سلمہ کے پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سبکی یہ تہی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگتی یا اور کچہہ بیماری ہوتی تو وہ حضرت ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ بہیجدیا کرتا پس ام سلمہ رسول اللہ صلعم کا موی مبارک نکالتین اور وہ اوسکو ایک چاندی کی ڈبیہ مین رکہا کرتی تہین پس اوسی موی مبارک کو اوسی پانی مین ڈالکر ہلا دیا کرتی تہین اور وہ اوسکو پی لیا کرتا تہا پس مینے جہانک کر ڈبیا مین

صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے کہ مروی ہی عبدالرحمن سلمی سے وہ
روایت کرتے ہین احمد بن فضلویہ زاہد سے اور وہ منجملہ غازیون تیرانداز کے تھے اونہون نے کہا کہ جب سے یہ
سنا کہ میری کمان کو آنحضرت نے دست مبارک سے چہوا اوسوقت سے مینے اوسکو کبھی بے وضو
نہین چہوا وایضا قال رآی ابن عمر واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا
علی جبہتہ الخ ترجمہ اور کہا قاضی نے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ
جہان آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تھے اوس جگہ ہاتھ لگا کر پیشانی پر
مس فرماتے تھے۔ پس ان تمام احادیث وروایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی
ثابت ہوتا ہی کہ جملہ آثار ومشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور اونکی تعظیم کرنا عمدہ
نعمای الٰہی سے ہی اور اس قسم کی برکت اور تعظیم کا ثبوت خود آنحضرت وصحابہ کرام کے
افعال مبارک سے ظاہر ہوتا ہی لیکن مسلمان کو چاہیے کہ وہ اسبات پر نظر کرے کہ جسطرح ان
احادیث سے آثار نبوی کی برکت وتعظیم کا ثبوت ہوتا ہی اسیطرح تعظیم وبرکت حاصل کرنیکا
طریقہ بہی انہین احادیث سے ثابت ہوتا ہی پس جسطرح وہ شخص جو منکر برکت آثار نبویہ
ہو بد دین اور گنہگار ہی اسیطرح وہ شخص جو خلاف طرق مرویۂ حدیث کے کوئی خاص
طریقہ تعظیم کا اپنی طرف سے اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت سمجھا جاوے گا
اسلیے کہ مخالفت سنت مین دونون برابر ہین اور یہ اوس صورت مین ہی جبکہ اوس
طریقہ مخترعہ مین کوئی امر خاص صریح منہیات شرعیہ اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو
اور اگر اوس طریقۂ مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بہی شامل کیا جاسے تو ایسی
حالت مین دو نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات
شرعیہ کا ارتکاب اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہی کہ انکا مرتکب غیر مستحل فاسق اور
مستحل کافر ہی دوسرے اس بات پر نظر رکہنی چاہیے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرت کے
آثار کے واسطے ثابت ہی وہ آنحضرت ہی کے آثار کے ساتھہ مخصوص ہی اور دوسرے کے
آثار کے ساتہہ وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار کے ساتھ مخصوص ہی حرام ہی پس
ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جبہ اور خاص لباس اور خاص مو کی نسبت یہ دعوی

بدن سے متصل رکھو اور یہ حدیث دلیل ہے برکت حاصل کرنے مین صلحاء کے آثار سے چنانچہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہے وہذا الحدیث اصل فی التبرک باثار الصالحین و لباسہم الخ۔ ترجمہ۔ صاحب لمعات نے افادہ فرمایا ہی کہ یہ حدیث اصل ہے بیچ حاصل کرنے برکت کے ساتھ آثار صلحا اور لباس اونکے سے اور اسیطرح جن چیزون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا اونکی برکت ثابت ہی چنانچہ حضرت کبشہ روایت فرماتے ہین قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشرب من فی قربۃ معلقۃ قائما فقمت الی فیہا فقطعتہا ترجمہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین کہ آن حضرت ہمارے گہر آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تہا اوسکے منہ سے منہ لگا کر آپنے پانی پیا پس مینے اوس مشکیزے کے دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا مین افادہ فرمایا ہی و من اعظامہ اعظام جمیع اسبابہ و اکرام مشاہدہ و امکنۃ من مکۃ والمدینۃ و معاہدہ و مالمسہ علیہ الصلوۃ والسلام وایضا قال کانت فی قلنسوۃ خالد بن الولید شعرات من شعرہ صلی اللہ علیہ وسلم فسقطت قلنسوتہ فی بعض حروبہ فشد علیہا شدۃ انکر علیہ اصحابہ لکثرۃ من قتل فیہا فقال لم افعلہا بسبب القلنسوۃ بل لما تضمنت من شعر النبی صلی اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتہا و تقع فی ایدی المشرکین الخ ترجمہ۔ اور قاضی عیاض نے کہا کہ منجملہ تعظیم آن حضرت کے تعظیم ہے آپ کے تمام اسباب کی اور بزرگی آپ کے تشریف رکہنے کے مقامات اور مکانون کی مکہ مین ہون یا مدینہ مین اور آپ کے عبادت کرنے کے مقامات اور جن چیزون کو آپنے ہاتہہ لگایا رحمت ہو حق اللہ کی آپ پر اور سلام اور نیز کہا عیاض نے کہ حضرت خالد کی ٹوپی مین چند موئے مبارک آنحضرت کے تہے پس گر گئی ٹوپی اونکی ایک لڑائی مین پس دوڑے اوس ٹوپی کیواسطے کہ اوس موقع پر اونکے ساتہیون نے ناپسند کیا اوس جگہہ کے قتل وقتال کے اندیشہ سے تو حضرت خالد نے فرمایا کہ مین کچہ اوس ٹوپی کے لیے نہین گہبرایا تہا بلکہ اسلیے کہ اوسمین آن حضرت کے موے مبارک تہے مجکو اندیشہ ہوا کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتہہ لگے اور مین اونکی برکت سے محروم ہوجاؤن وایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویۃ الزاہد وکان من الغزاۃ الرماۃ انہ قال ما مسست القوس بیدی الا علی طہارۃ منذ بلغنی ان رسول اللہ

صورت مین احتیاط کا مقتضا یہ ہی کہ جب کوئی شے آن حضرت کیطرف دعوے کے ساتھہ
منسوب کیجاوے تو قبل تحقیق کے جیسے انکا اقرار جائز نہین ہی انکار پر بھی اصرار نکرے
بلکہ سکوت کرے چنانچہ ایسی صورت مین حدیث نبوی سے بھی توقف ثابت ہوتا ہے
صاحب مرقاۃ نے اس حدیث کے تحت مین قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تصدقوا
اہل الکتاب ولا تکذبوہم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الینا الخ رواہ البخاری۔ ترجمہ مت تصدیق کرو
تم اہل کتاب کی اور نہ تکذیب کرو انکی اور کہو تم کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور اوس چیز پر
جو اوسنے ہم پر اوتاری روایت کیا اوسکو بخاری نے لکھا ہی لا تصدقوا اہل الکتاب ای فیما لم یتبین
لکم صدقہ لاحتمال ان یکون کذبا وہو الظاہر من احوالہم قولہ ولا تکذبوہم ای فیما حدثوہ من التوراۃ
والانجیل ولم یتبین لکم کذبہ لاحتمال ان یکون صدقا وان کان نادرا لان الکذوب قد یصدق وفیہ
اشارۃ الی التوقف فیما اشتکل من الامور والعلوم الخ غرض کہ اسیطرح ایسے مواقع پر بھی توقف کا
طریقہ اسلم ہی ترجمہ نہ تصدیق کرو اہل کتاب کی یعنی اوس بات مین جسکی تمکو بخوبی تصدیق
نہین ہوئی واسطے احتمال اسبات کے کہ شاید وہ جھوٹ ہو اسلیے کہ انکا ظاہر حال جھوٹہی
کو مقتضی ہی اور نہ تکذیب کرو انکی اون باتون مین جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے
ہین جب تک انکی تکذیب ظاہر نہو جاوے اسلیے کہ شاید سچے ہون گو سچ اونسے نادر رہے
اسواسطے کہ کبھی جھوٹا بھی سچ بول دیتا ہی اور اسمین اشارہ ہی اسبات کا کہ جو امور مشتبہ
ہون اعتقادی اور عملی معاملات مین سے تو انمین توقف چاہیے الخ پس یہ جب تمام امور
مرکوز خاطر ہوچکے تو اب سائل کو دیکھنا چاہیے کہ جو لوگ موے مبارک آنحضرت کی زیارت
طریقہ مذکورۂ سوال کے بموجب کراتے ہین بدعات اور مخترعات کے پابند ہین دیکھو روایت
مذکورۂ بالا کے بموجب جب موے مبارک کا پانی مریض کیواسطے حضرت ام سلمہ سے
طلب کیا تو اونھون نے ڈھول تاشے نہین بجوائے پنج آیت اور قرآن خوانی نہین
کرائی ترتیب مجلس اور تعیین وقت اور تاریخ نہین کیا غرضکہ کسی قسم کے تعینات خاصہ سے
اوسکو مقید نہین فرمایا بلکہ اوسکی برکت کو ہر حالت مین قابل استفادہ تصور فرمایا بخلاف
اس صورت کے جسکہ سائل نے بیان کیا ہی جسمین تعیین ماہ و یوم و تاریخ کو امر ضروری

کیا جاوے کہ یہ آنحضرت کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل کیا جاوے کہ یہ آثار فی الواقع آنحضرت کے آثار ہین یا دوسرے شخص کے ہین جنکو آنحضرت کیطرف کسی طمع سے منسوب کردیا ہی تاکہ اس یقین سے غیر کے آثار کے ساتھہ آنحضرت کے آثار کا سا برتاؤ لازم نہ آوے اور اس قسم کے یقین کا حصول ایسے امور کی نسبت بغیر اوس طریقہ کے متعذر ہی جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا ہی کیونکہ اثبات آثار نبوی بھی حدیث عن رسول اللہ صلعم ہی اور حدیث عن رسول اللہ صلعم مین یہی طریقہ مسلوک ہی آور یہ بات ظاہر ہی کہ جب ان آثار کا ثبوت ایسے طریق روایت پر موقوف ہو تو اوسکی صحت و عدم صحت بھی صحت اسناد اور عدم صحت اسناد پر موقوف ہوگی اور جس صورت مین اسکے واسطے سند ضعیف بھی میسر نہو تو صرف چند جاہلون کے محضر نامے کب اسکو ثابت کرسکتے ہین پس خلاصہ کلام یہ ہوا کہ بلاشبہہ تعظیم آثار نبوی علامات ایمانی مین سے ہی جسکا ثبوت احادیث صحیحہ سے ہوتا ہی لیکن وہ تعظیم اور تبرک منحصر ہی انہین طرق مین جو احادیث سے ثابت ہین اور یہ تعظیم فرع ہی اس بات کی کہ ان آثار و تبرکات کا انتساب آنحضرت کی ذات پاک کیطرف صحیح ہو اور صحت انتساب موقوف ہی صحت روایت پر پس جو آثار بصحت روایت ثابت ہین بلاشبہہ اونکی تعظیم صحابہ کرام کے طریقہ کے بموجب کرنی چاہیے اور اونسے برکت حاصل کرنے مین کوئی شبہہ نہین اور جو بصحت روایت ثابت نہین ہین اون کے ساتھہ بلاتحقیق وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار ثابتہ کے ساتھہ کرنا چاہیے ایسا ہی جیسا کہ بلاسند کے کلام کو حدیث کہنا اور اوسپر عمل کرنا جسکی نسبت سخت وعید وارد ہی قال ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ تم میری طرف کسی بات کے منسوب کرنے سے خوف خدا کرو اور بغیر تحقیق کے مجھسے کوئی روایت مت کرو کیونکہ جو مجھپر جھوٹ باندھے جان بوجھکر وہ اپنا ٹھکانا جہنم مین کرلے پس واجب ہی ہر مسلمان پر یہ بات کہ جب تک اوسکو بات کا علم نہو کہ جس امر کی نسبت آن حضرت کیطرف کیجاتی ہی وہ نسبت صحیح ہی یا نہین اوسوقت تک اوسکی روایت نکرے اور جب روایت جائز نہین تو عمل بطریق اولی جائز نہوگا البتہ ایسی

غرض سے مقرر کیے گئے ہین کہ وہ تمام بدعات ومنکرات جو سوال مین مذکور ہین اس وقف کے ذریعہ سے رائج کیے جاوین اور ایسے بدعات مین ان اوقاف سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہ وقف ہی باطل ہی اور انکا واقف گنہگار ہی کیونکہ منجملہ شرائط صحت وقف کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ کام جسکے لیے وقف کیا ہی فی نفسہ قربت اور عبادت معلوم فی الدین ہو اور ظاہر ہی کہ یہ امور نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین چنانچہ عالمگیریہ مین ہی ومنہا ای من شرائط صحتہ ان یکون قربۃ فی ذاتہ وعند التصرف الخ ترجمہ۔ اور منجملہ شرائط کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ اور اگر اوسنے صرف یہ نیت کی ہی کہ جو فقرا ومساکین یہان حاضر ہون اونپر صرف کیا جاوے اور جو شخص اوسکے متولی ہون وہ بھی بقدر حاجت اوسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہی اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا حلال ہی واللہ اعلم۔ کتبہ العبد الذلیل محمد اسمعیل۔ محمد اسمعیل ۱۲۹۲

اجاد من اجاب محمد لطف اللہ فی الواقع برکت لینا ایسی چیزون سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف بانتساب صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز ومستحسن ہی لیکن ایسی مجلس مین جانا جسکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال ان کے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر شریک ہونا نہین جائز ہی اور نہ ایسے آثار سے جنکا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہی برکت لینا جائز ہی اور جو اشیا عوام کالانعام موی مبارک پر چڑھاتے ہین اونکا لینا بوجہ منذور لغیر اللہ ہونیکے نہین جائز ہی وللہ در المجیب حیث اتی بتفصیل رائق وہو فیہ مصیب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی محمد عبد الحی ابو الحسنات

[illegible]

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ گاڑیان واسطے پہونچا دینے لٹھون کے گھاٹ دریا سے ایک مقام معین کو کرایہ کین اور لٹھے دریا کے اوس پار سے بذریعہ کشتی عبور ہو کر آتے گاڑی والون نے کہا کہ ان لٹھون کو کشتیون مین سے اسی جگہ یعنے ہماری گاڑیون کے متصل کھول دو ہم اپنے گاڑیون مین بھر لینگے اونسے کہا گیا کہ یہ جگہ اندیشہ کی ہی اس جگہ کھولنے سے لٹھے بہجاوینگے بجای امن انکو کھولینگے وہان سے تم بھر لینا گاڑی والون نے کہا کہ ہمارا آرام اسی جگہ ہی اور تم اس جگہ لٹھونکو کھول دو اگر یہان سے

اور موثر فی ازدیاد الثواب خیال کیا ہی جسکی سنت نبویہ مین کچھہ بھی اصل نہین ہی اور تداعی اور انعقاد محافل خاصہ کو لابد خیال کیا ہی اور اوسمین نوبت ونقارہ وجملہ مزامیر مہیا کیے جاتے ہین جو سراسر افعال شیاطین سے ہین مالیدہ موے مبارک بھی بطور نذر لغیر اللہ کیا جاتا ہے اور بطور تبرک کے تقسیم حال آنکہ اوس سے انتفاع حرام قطعی ہی غزلین گاتے ہین حالانکہ ایسے راگ بالاتفاق حرام ہین پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوتی ہی ایسے محرمات شرعیہ کے ارتکاب کی جن سے اجتناب واجب ہی اور ظاہر ہے کہ جس امر مستحب کے ارتکاب سے ترک واجب لازم آوے اوس مستحب کا ترک واجب ہے پس اس صورت مین ہرگز شریعت غرای محمدیہ اس بات کی اجازت نہین دیتی کہ ایسے بدعیات کے ساتھہ اس امر مستحب کا ارتکاب صحیح ہو اور نفس استحباب اسکا بھی اوس صورت مین مسلم ہی جبکہ یہ بخوبی ثابت ہو جاوے کہ فی الواقع یہ موی مبارک آنحضرت ہی کا ہی اور اگر یہ امر پایہ ثبوت کو نہ پونہچے تو ایسے جلسہ مین بقصد تبرک حاضر ہونا بھی جائز نہین ہی اور جو لوگ نذر مانتے ہین موی مبارک کی اور اوسپر چیز ہا اوا چڑہاتے ہین وہ حرام ہی کیونکہ نذر عبادت ہی اور عبادت لغیر اللہ حرام ہی اور ظاہر ہے کہ یہ نذر لغیر اللہ ہی پس یہ حرام ہی چنانچہ لکہا ہی صاحب بحر الرائق نے والنذر للمخلوق لایجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لایکون لمخلوق یعنے نذر مخلوق کی ناجائز ہی اسلیے کہ وہ عبادت ہی اور عبادت کسی مخلوق کے لیے نہین ہوتی الخ اور جسطرح یہ فعل حرام ہی اسیطرح اوس قسم کے چڑہاوے کا لینا اور اوسکا کہانا اور اپنے صرف مین لانا بھی حرام ہی اور ایسی نذر منعقد نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا ادا واجب نہین ہوتا چنانچہ اسی بحر الرائق مین ہے الاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد ولا یشتغل الذمۃ بہ وانہ حرام بل سحت ولا یجوز لخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ الخ ترجمہ یعنے اس بات پر اجماع ہی کہ نذر مخلوق کی حرام ہی اور وہ نذر منعقد بھی نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا وجوب نہین ہوتا اور مجاورون کو اوسکا لینا اور کہانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز نہین ہی اور جو اوقاف موی مبارک کے خدام کیواسطے مقرر ہین اگر وہ اوقاف اس

ترجیح عدم جبر کو ہی کما فی العالمگیریۃ وبعضہم افتوا بالصلح عملاً بالقولین والشیخ الامام ظہیر الدین
المرغینانی یفتی بقول ابی حنیفۃ رح قال صاحب العدۃ فقلت لہ یوماً من قال منہم یفتی
بالصلح ہل یجبر الخصم لو امتنع قال کنت افتی بالصلح فی الابتداء فرجعت لہذا انتہی جواب
دوسرے سوال کا یہ ہی کہ عورتونکو ایسا زیور پہنا جو حرکت پاکر خود آواز کرے یا ایک
دوسرے سے لگ کر بجے جسکی آواز سے اظہار مخفی زینت کا ہو اور جانا جاوے
کہ عورت فلان زیور والی ہی منع ہی اسواسطے کہ علم بآواز زیور مورث میل وخواہش کا
ہوتا ہی مردونکو کما فی البیضاوی ولا یضربن بارجلہن لیعلم ما یخفین من زینتہن لیتقعقع
خلخالہا فیعلم انہا ذات خلخال فان ذلک یورث میلاً فی الرجال وہو ابلغ من النہی عن اظہار
الزینۃ وادل علی المنع من رفع الصوت انتہی اور یہ معلوم ہی کہ جس مرد پر غلبہ شہوت
عورتون کا ہوتا ہی جب اونکے زیور کی آواز سنتا ہی ہو جاتا ہی یہ سبب زیادتی خواہش کا
اونکے دیکھنے مین کما فی التفسیر الکبیر اما قولہ تعالی ولا یضربن بارجلہن لیعلم ما یخفین من زینتہن
فقال ابن عباس وقتادۃ کانت المرأۃ تمر بالناس وتضرب برجلہا لیسمع قعقعۃ خلخالہا ومعلوم
ان الرجل الذی یغلب علیہ شہوۃ النساء اذا سمع صوت الخلخال یصیر ذلک داعیۃ لہ زائدۃ فی
مشاہدتہن وقد علل تعالی ذلک بان قال لیعلم ما یخفین من زینتہن من الحلی وغیرہ انتہی
اور حدیثون سے ایسا ظاہر ہی کہ لڑکیونکو بھی ایسا زیور پہنا منع ہی کما فی المشکوۃ وعن ابن
الزبیر ان مولاۃ لہم ذہب بابنۃ الزبیر الی عمر بن الخطاب وفی رجلہا اجراس فقطعہا عمر و
قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مع کل جرس شیطان رواہ ابوداؤد وعن
بنانۃ مولاۃ عبدالرحمن بن حیان الانصاری کانت عند عائشۃ اذ دخلت علیہا بجاریۃ
وعلیہا جلاجل یصوتن فقالت لا تدخلنہا علی الا ان تقطعن جلاجلہا سمعت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم یقول لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ جرس رواہ ابوداؤد انتہی واللہ اعلم بالصواب نمقہ
شجاعت علی عفی عنہ فی الواقع ایسا زیور پہنا کہ آواز دیتا ہی نہین جائز ہی اور درباب
ضمان اجیر مشترک کے اگرچہ اوسپر ضمان شرط کیا ہو امام ابوحنیفہ کے نزدیک ضمان
نہین ہی اور صاحبین کے نزدیک ضمان ہی بشرطیکہ اوسکی قدرت مین رفع صورت ہلاک ہو

تلف ہو جاوینگے تو ہم دیوینگے چنانچہ لٹھای مذکور اوسی جگہ کھولکر گاڑی بانان کو شمار کر دیے
اور اونہون نے اوس روز گاڑیان نہین بھرین اوسی شب مین دو لٹھے اونمین سے بہ گئے
اور بعد تلاش بسیار کے ایک لٹھ ملا اور دوسرا نہین ملا اس صورت مین گم شدہ لٹھے کی قیمت کا
تاوان اور اوسکی تلاش کا صرف اور ملے ہوئے لٹھے کی تلاش کا صرف گاڑی بانان مذکور سے
وصول کرنا درست ہی یا نہین اور در صورت جواز وصول تاوان کے کیا قیمت لیجاویگی۔ دوسرے
یہ کہ عورتونکو اس قسم کا زیور نقرئی پہنا جو خود بجنے والا نہو مگر ایک دوسرے سے لگ کر بجے جیسے
کڑے چھڑے معمول اس دیار کے تین تین عدد پیرونمین پہنتے ہین اور وہ بروقت رفتار لگ کر
بجتے ہین یا گھونگرو اس قسم کے کہ جنکے اندر بجانیوالا دانہ نہو مگر وہ بھی آپسمین لگ کر بجتے ہون
جائز و درست ہی یا نہین بینوا توجروا فقط **الجواب** صورت مسئولہ مین گاڑی بان سے
تاوان لینا اگرچہ جائز نہین ہی بقول امام اعظم رح کے اسواسطے کہ گاڑی بان اجیر مشترک ہی
اور اجیر مشترک پر در صورت ہلاک ہونے مافی یدہ کے بغیر اوسکے عمل کے ضمان نہین اگرچہ
ضمان کی شرط اوسپر کی گئی ہو اسواسطے کہ جو مال اوسکے سپرد کیا وہ امانت ہی اور ضمان کی
شرط امانت مین باطل ہی مثل مودع کے اسی قول پر فتوی ہی ایسا ہی عامۂ کتب معتبرہ مین اور
اسی کا جزم کیا ہی اصحاب متون نے پس یہ ہی مذہب ٹھرا بخلاف روایت اشباہ کے
کما فی الدر المختار ولا یضمن ما ہلک فی یدہ وان شرط علیہ الضمان لان شرط الضمان فی الامانۃ
باطل کالمودع وبہ یفتی کما فی عامۃ المعتبرات وبہ جزم اصحاب المتون فکان ہو المذہب خلافا
لما فی الاشباہ انتہی وفی العالمگیریۃ وحکم الاجیر المشترک ان ما ہلک فی یدہ من غیر صنعہ فلا ضمان
علیہ فی قول ابی حنیفۃ رح وہو قول زفر والحسن وانہ قیاس سواء ہلک بامر یمکن التحرز عنہ کالسرقۃ
والغصب او بامر لا یمکن التحرز عنہ کالحرق الغالب والغارۃ الغالبۃ انتہی لیکن اس زمانے مین
صاحبین کے قول پر فتوی ہی یعنی ضمان لینا جائز ہی کما فی العالمگیریۃ وبقولہما یفتی الیوم
لتغیر احوال الناس وبہ یحصل صیانۃ اموالہم کذا فی التبیین انتہی اس صورت مین گاڑی
بانونسے تاوان لٹھ گم شدہ کا بقدر اوسکی قیمت اوس جگہ کی جہان گم ہوا اور صرف تلاش لٹھ
گم شدہ اور یافتہ کا وصول کرنا درست ہی لیکن بجبر وصول کرنے مین روایتین مختلف ہین

حکم ارتداد کا دیا جاوے گا اور اس ارتداد سے نکاح فی الفور فسخ ہو جاویگا جیسا کہ کنز وغیرہ
مین ہی وارتداد احدہما فسخ فی الحال انتہی اور چونکہ قبل اس ارتداد کے وہ دو مرتبہ طلاق دیچکا ہی
اور یہ فسخ حکم طلاق مین نہین ہی اور بعد اس ارتداد کے جو دو مرتبہ طلاق اوسنے کہا اوس کا
بوجہ نہ باقی رہنے نکاح کے اعتبار نہوا بناءً علیہ از سر نو اسلام لاکے وہ شخص تجدید نکاح
کر سکتا ہی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎ [محمد عبد الحی ابو الحسنات] استفتا ۲۴۲ ما قولکم رحمکم اللہ کیا
فرماتے ہین علماے دین اس صورت مین کہ ہندہ نامی ایک عورت کی دو دختر اور
دو پسر موجود تھے بعدہ پسر کلان کے ایک پسر پیدا ہوا اور خود ہندہ کے ایک تیسری
دختر پیدا ہوئی ہندہ نے پسر پسر مذکور کو دودہ پلایا کہ جس سے رضاعت ثابت ہی بعدہ
ہندہ کی دختر کلان کی ایک دختر پیدا ہوئی اب ما بین پسر پسر کلان مذکور جسکو ہندہ نے
دودہ پلایا ہی اور دختر دختر کلان مذکور کے عقد مناکحت از روے مذہب حنفیہ صحیح ہی
یا بوجہ اسکے کہ از جانب شیردہ ہمہ خویش شوند ان دونون مین حرمت رضاعت ثابت
ہو گی جواب مسئلہ ہذا از روے مذہب حنفیہ بروایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط
خود و دیگر علماے معتبرین ثبت فرمایا جاوے فقط **ہو المصوب** نکاح پسر پسر
مذکور کا ساتھہ دختر دختر مذکور کے بوجہ حرمت رضاعت کے نہین درست ہے
فتاوی عالمگیریہ مین ہی المرضعۃ لو ولدت من ہذا الرجل او غیرہ قبل ہذا الارضاع او
بعدہ فالکل اخوۃ الرضیع واخواتہ واولادہم اولاد اخوتہ واخواتہ انتہی - واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ
الجلی والخفی ؎ [محمد عبد الحی ابو الحسنات] استفتا ۲۴۳ **سوال اول** بعضے علما فرماتے
ہین کہ رسول اللہ صلعم نے گاہے سینہ پر اور گاہے زیر ناف نماز مین ہاتھہ باندھا ہی اور
اونکا رفع یدین اور آمین بالجہر کہنا بھی ثابت ہی پھر بعضے علما ان افعال سے کیون
منع کرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ طریقہ وہابی اور شافعیہ اور دوسرے فرقون کا ہی
اور کیا وجہ ہی کہ حنفیہ کے نزدیک ان اعمال کا کرنا جائز نہین ہوا اور دوسرے ائمہ کے بیان

رد المحتار مین ہی حاصل ما فی فتاوی الطوری عن المحیط ان ضمان المشترک ما تلف مقید بثلثۃ شرائط
ان یکون فی قدرتہ رفع ذلک فلو غرقت بموج او ریح او صدمۃ جبل لا یضمن الخ واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا ۲۴۱ ما قولکم رحمکم اللہ تعالے کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید نے
اپنی زوجہ کی خالہ سے بحالت غصہ جو بوجہ تکرار سابق ما بین زن وشوہر کے بھڑکا ہوا تھا
کہا کہ کہدو اوس سے یعنی زوجہ سے ہمنے اوسکو آجکی تاریخ سے طلاق دیا طلاق دیا تب
اوس زوجہ کی خالہ نے کہا کہ ایسی بات مُنہ سے مت نکالو یہ فتوی وحدیث کی بات ہی تب
اوس زوج یعنی زید نے کہا کہ فتوی وحدیث کو طاق پر رکھو ہمنے اوسکو طلاق دیا طلاق دیا بعد
ازان پاس زن وشوہر کے کچھہ گفتگو کھانے پینے کی رہا کی اب وہ زوج یعنی زید طلاق دینے سے
انکار کرتا ہی اور اوس طلاق کو اوسکی زوجہ اور اوسکی خالہ اور چند اشخاص زوجہ کے برادری
والون نے خود سنا تہا پس اولاً ازروے مذہب حنفیہ یہ قول مرد کا کہ طلاق نہین دیا ہی معتبر ہوگا
یا یہ قول عورت کا کہ طلاق دیا ہی معتبر ہوگا اور طلاق واقع ہوگا اور بصورت وقوع طلاق
کون قسم کا طلاق شمار کیا جاوے گا اور پھر اون دونون مین معاشرت کی کون سی صورت ہے
یا یہ کہنا مرد کا کہ فتوی وحدیث کو طاق پر رکھو کلمہ ارتداد سمجھا جاوے گا اور بدین وجہ وہ شخص
دائرۂ اسلام سے خارج سمجھا جاوے گا اور پھر ازسرنو اسلام لا کر اوسی زوجہ سے تجدید نکاح
کرسکتا ہی جواب اسکا ازروے مذہب حنفیہ مع روایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر ودستخط
خود ودیگر علمای معتبرین ثبت فرمایا جاوے فقط **هو المصوب** یہ قول کہ فتوے
اور حدیث کو طاق پر رکھو کہ مفید اہانت شریعت واستخفاف احکام شرعیہ سے
موجب ارتداد ہی ایسے الفاظ کے ساتھہ تکلم بحسب تصریحات فقہا باعث کفر ہے
کشف الوقایہ مین ہی اگر گوید من نماز را بطاق نہادم یکفر کذا فی خزانۃ المفتین انتہی ملخصا
اور بھی اوسیمین ہی لو قال شریعت را چہ کنم یکفر انتہی اور عالمگیریہ مین ہی لو قال بامن
شریعت این حیلہا سود ندارد او قال در پیش نرود او قال شریعت چہ کنم فہذا
کلہ کفر انتہی بنائً علیہ اوس شخص پر جسنے اس لفظ کے ساتھہ تکلم کیا بمجرد اس تکلم کے

ف کتاب الطلاق
ازآمدہ ضلع شاہ آباد ملکی محلہ مرسلہ شیخ امیر علی وکیل بماہ ذیحجہ ۱۲۹۶ہجری

اوسکا دیا اوس سائل اور حاضرین مجلس نے اوسپر عمل کیا اور حسب سماع اپنے روایت اوسکی کی تو دوسرے کسی صحابہ نے دوسرے وقت اوسی مسئلہ کا حکم دریافت کیا اور آنحضرت نے بوجہ اسکے کہ وہ حکم سابق منسوخ ہوگیا تھا یا بوجہ کسی مصلحت تیسیر و بیان جواز وغیرہ مصالح وقت کے دوسرے طور پر جواب اوسکا بیان فرمایا اس سائل نے اور حضار نے اس قول کو محفوظ رکھا اور روایت کیا بعد وفات آنحضرت صلعم کے جب صحابہ کرام بلاد و امصار مین متفرق ہو گئے اور مباشر امر افتاد وقضا ہوے جس شہر مین جو صحابہ پونہچے وہان اونہون نے حسب سماع و رویت اپنے حکم و فتوی دیا اور کبھی صحابہ نے جب تعارض بین الاحادیث پایا یا حدیث مسموع و استنباط مین اپنے تعارض پایا تو جس جانب ظن غالب ثبوت کا ہوا اوسپر عمل کیا اسوجہ سے بعضے احادیث کو متروک العمل کر دیا اور بعضی پر عمل لازم سمجہا جیساکہ حضرت ابوہریرہ نے بعد سننے اس امر کے ازواج مطہرات سے کہ صبح کرنا جنب کا بحالت جنابت مفسد صوم نہین ہے اپنے مذہب سابق سے رجوع کیا اور حدیث مسموعہ سابق کو متروک العمل کر دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث مروی فاطمہ بنت قیس کو بخصوص عدم وجوب نفقہ و سکنی مطلقہ ثلثہ کے بوجہ مخالفت نص قرآنی کے مردود فرمایا اور بعضی حدیثین جو کسی صحابہ کو نہ پونہچی تہین اور بوجہ درپیشی واقعہ جدیدہ کے حاجت پڑی اور تفحص ہوے اور بعد تفحص کے دوسرے صحابی سے سنا تو اوسپر عمل کر لیا اور باوصف کمال جلالت و کثرت محبت اپنے بہی احادیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مقصور اوپر علم اپنے کے نرکہا جیساکہ بخصوص نصیب جدہ حضرت ابوبکر رض نے قول حضرت مغیرہ بن شعبہ کو بہ تصدیق محمد بن سلمہ کے قبول فرمایا اور حسب روایت اونکی جدہ کو سدس مال دیا اور بعضے صحابہ کو جو بعضی احادیث نہ پونہچین تو وہ اوسکے عمل سے معذور رہے اور حسب استنباط اپنے فتوی دیتے رہے جیساکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ عورتونکو وقت غسل کے حکم کہولنے سب بالون کا اور پونہچانے پانی کا نیچے کل بالون کے فرماتے تھے بوجہ اسکے کہ اس مادہ مین جو رسول اللہ

مسنون ٹھہرا آیا یہ اعمال زمانہ نبوی مین پائے گئے یا نہین اور اگر حضرت نے ان افعال کو کیا اور ہونا اسکا زمانہ نبوی مین ثابت ہی تو پھر کیون ائمہ و علما باہم مختلف ہوئے کہ کوئی سنیت و جواز کا قائل ہوا اور کوئی ترک و ممنوعیت کا فتوے دینے لگا وجہ اختلاف علما سے آگہی بخشی جاوے اور ہم لوگ عوام حنفیہ کہ قدرت فہم اصول شرعیہ کی نہین رکھتے ایسے حال مین کیا کرین آیا حسب معمول سابق ترک رفع یدین اور آمین بالجہر کے عامل رہین اور ہاتھ زیر ناف باندھین یا کیا کرین اور جو لوگ رفع یدین اور آمین بالجہر کرتے ہین اور سینہ پر ہاتھ باندھتے ہین اونکو گمراہ اور مرتد اور کافر کہنا اور اونپر لعن کرنا روا ہی یا نہین جواب عام فہم ارشاد ہو سوال دوم جو لوگ شافعی یا حنبلی و مالکی ہون اور نماز مین رفع یدین اور آمین بالجہر اور دیگر امور خلاف مذہب حنفیہ کے کرتے ہون تو اونکی اقتدا کرنا حنفی المذہب کو درست ہی یا نہین اور ایسے لوگون کے پیچھے ہم لوگ حنفیونکو نماز پڑہنا مستمراً یا احیاناً جائز ہے یا نہین ھ

ہوالمصوب جواب سوال اول زمانہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مین مسائل جزئیہ مدون اور مدلل اور متفرع اوپر دلائل و براہین کے نہ تھی بلکہ عمل صحابہ کرام کا محض اوپر ظاہر قول و فعل آن حضرت کے تھا مثلاً ایک صحابہ نے آپ کو ایک وقت وضو مین جملہ اعضای وضو کو ایک ایک بار دہوتے دیکھا اوسپر اونہون نے عمل کیا اور دوسرے صحابہ نے دوسرے وقت دو دو بار ہر اعضا کو دہوتے دیکھا اونہون نے اوسکو اختیار کر لیا کسی صحابہ نے کسی وقت مین تین تین بار دہوتے مشاہدہ کیا وہ اوسکے آخذ اور عامل اور راوی ہوئے علیٰ ہذا کیفیت ادای نماز مین بھی عمل صحابہ کا مختلف رہا اور روایتین بھی مختلف ہوئین مثلاً ایک صحابی نے آپ کو رفع یدین کرتے دیکھا اوسکو مسنون سمجھا اور عمل اور روایت کیا بعضے صحابہ نے ترک اس عمل کو مشاہدہ کیا وہ سنیت عدم رفع کے قائل ہوے ایسہی کیفیت اختلاف صحابہ کے احادیث قولیہ مین ہوئی مثلاً ایک صحابی نے ایک وقت مین حکم کسی مسئلہ کا پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنظر مصلحت اوسوقت اور اوس شخص کے جو جواب

ترجیح رفع یدین اور آمین بالجہر کا ثبوت نہین ہوا بلکہ بوساطت بعضے صحابہ عدم رفع اور اسرار آمین کا
ثبوت پونہچا امام ہمام نے ترک رفع یدین اور آمین بالجہر کا حکم دیا دوسرے ائمہ کو آثار صحابہ و
احادیث نبویہ مثبتہ رفع یدین و آمین بالجہر پونہچین اور قوی معلوم ہوئین وہ لوگ اوسکی
سنیت کے قائل ہوے آب اس امر مین آرار علما مختلف ہین کہ تقلید شخصی ایک امام
خاص کی واجب ہی یا نہین آسمین دو قول ہین وجوب اور ضلالت اور ہر ایک ان دو
فریق سے اپنے اپنے اثبات مدعا کے لیے ادلہ شتے قائم کرتے ہین اور بہت سے رسائل
اس امر مین تصنیف کیے گئے سائلین سوال ہذا کو کہ عامی نا واقف از اصول شرعیہ ہین چاہیے
کہ اس منازعت سے برطرف رہین اور جیساکہ سابق سے کتب متداولہ حنفیہ کے مسائل پر
عامل ہین رہین رفع یدین او آمین بالجہر کے جھگڑے مین نہ پڑین باقی مقام ہاتھہ باندھنے
مین خود حنفیہ مختلف ہین اور بہ تحقیق اکثر محققین اس مادہ مین وسعت ہی چاہے زیر ناف
ہاتھہ باندھے چاہے بالاے صدر یا زیر صدر باقی جو لوگ آمین بالجہر اور رفع یدین کرین
اونپر طعن اور لعن ہرگز روا نہین اور مرتد کہنا اون لوگو نکو کسیطرح جائز نہین اس امر مین
سائلین سوال کو احتیاطا اور کف لسان ضرور ہی خود ضمانہ صحابہ مین یہ مسئلہ مختلف فیہ تھا اکثر
صحابہ رفع یدین کرتے تھے اور بعضے صحابہ نہین کرتے تھے علی ہذا آمین بالجہر مین طرق صحابہ مختلف
مروی ہین مگر ایک دوسرے پر طعن اور لعن نہین کرتے تھے نہ برا جانتے تھے یہ منازعت اس زمانہ مین بوجہ کم علمی
اور غلبہ جہل اور عدم وقوف کیفیت زمانہ نبوی و زمانہ صحابہ و تابعین واقع ہوئی ہی اللّٰہم
احفظنا من شرور انفسنا ومن سیات اعمالنا **جواب سوال دوم** اس مسئلہ مین علمای
مذاہب اربعہ مختلف ہین اور بعضے علما نے لکھا ہی کہ حاصل اختلافات مذہب اربعہ کا اس مسئلہ
مین راجع طرف چند قول کے ہی اول جواز اقتدا مطلقاً خواہ امام رعایت مذہب مقتدی کے
کرے یا نکرے دوم جواز اقتدا بشرطیکہ مقتدی یہ نہ جانے کہ امام طہارت و نماز مین کسی
ایسے فعل کا مباشر ہوا ہی جو بمذہب مقتدی مفسد نماز ہی سیوم جواز اقتدا بشرط رعایت
کرنے امام کے اون شروط کو کہ مذہب ماموم یعنے مقتدی مین وہ امور واجب المراعات
ہون چہارم عدم جواز اقتدا کو امام التزام رعایت مذہب مقتدی کا رکہتا ہو پنجم جواز اقتدا

صلعم نے نہ کہولنے چوٹیون کے عورتون کو رخصت دی تھی وہ اون تک نہ پونہچی تہی چنانچہ اس حال کو سنکر حضرت عایشہ نے انکار فرمایا تہا جیسا کہ صحیح مسلم مین مروی ہی اس قسم کے اختلاف درمیان صحابۂ کرام کے بہت تھے اور یہ اختلاف صحابہ منجر باختلاف تابعین ہوا اور اختلاف تابعین منجر باختلاف تبع تابعین ہوا اور بوجہ وقوع کثرت اختلاف اور وقائع کے نوبت تدوین کتب وترتیب ابواب فقہیہ اور تفریع مسائل علی الادلہ کے پونہچی اور ہر مجتہد نے بقدر وسع اپنے اصول وقواعد واسطے تطبیق بین الاحادیث المختلفہ والآثار المتعارضہ کے قائم کیے اور جسکو جسقدر حدیثین پونہچین اوسپر عمل کیا اور اوسی سے استنباط امور غیر منصوصہ کا کیا کیے اور فتوی دیا کیے بوجہ اسی اختلاف کے زمانۂ سلف مین تقلید کسی امام اور مجتہد خاص کی معمول نہ تہی جو شخص عامی ہوتا تہا اوسکو اختیار تہا کہ زمانۂ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور ائمۂ مجتہدین مین جس عالم سے چاہتے دریافت مسائل شرعیہ کرکے موافق فتوی اوسکے عمل کرتے کوئی اوسپر انکار نہین کرتا تہا اور اوسکی وجہ یہی تہی کہ یہ اختلاف ائمۂ مجتہدین مبنی تہا اوپر اختلاف صحابہ کے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم یعنی صحابہ ہمارے مثل ستارونکے منور بہ نور ایمان واسلام واحکام شرعیہ ہین پس جو شخص اون صحابہ سے کسی ایک کی اقتدا کرلے گا ہدایت پاوے گا بنا بر علیہ اتباع کسی صحابی کی خالی از اہتدا تو ہو نہین سکتی ہی لہذا زمانۂ سلف مین تخصیص تقلید کسی امام خاص کی نہ تہی اور نہ خود اختلاف ائمہ کا باہم باعث الزام کا ہو سکتا تہا اسواسطے کہ ہر ایک مقتدی آثار صحابہ کا تہا فراخور تفحص وتلاش اپنے الا بعد انقراض زمانۂ مجتہدین اور اندراس مذاہب مجتہدین کے اتفاق علما وصلحا کا اوپر انحصار مذہب اہل سنت کے درمیان ائمۂ اربعہ امام ابو حنیفہ ومالک وشافعی واحمد بن حنبل رحمہم اللہ کے ہوا اور فی زماننا یہی چار مذاہب شائع ہین اور جو مسائل درمیان ان ائمۂ اربعہ کے مختلف فیہا ہین کوئی بلا دلیل نہیں ہین بلکہ اون ہر ایک کے دلائل موجود ہین اور ہر ایک ان ائمۂ اربعہ کا متبع آثار صحابہ واحادیث نبویہ ہی لہذا ہر چار مہتدی اور مقتدی ہین کسی پر طعن اور تشنیع روا نہین چونکہ حضرت امام اعظم کے نزدیک

مقتدی ومانع جواز اقتدا نہین ہوسکتا ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو خالق العرش والفرش المدعو
محمد قادر بخش السہسرامی غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ فقط صح الجوابان ومن رام زیادۃ التحقیق فی
امثال ہذہ المباحث فلیرجع الی الانصاف وایقاظ النیام وغیرہما من مؤلفات العلماء ذوی الشان واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁ محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۴۴ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک مسجد مین عید کے
روز باوجود کثرت مسجد کے جماعت اثنا عشریہ وجماعت اہل تسنن ہر دو مجتمع ہوئین پہلے نماز
اثنا عشری نے عید کی پڑہی بعد اونکے اہل تسنن کی جماعت نے پڑہا اب ایسی صورت مین نماز
اہل تسنن کی ہوئی یا نہین سوال دیگر یہ ہی کہ ایک مسجد مین دو مرتبہ جماعت نماز عید کی درست ہی
یا نہین مع تفصیل وحوالۂ عبارت کتاب کے تحریر فرمائیے فقط **ہو المصوب** ظاہر عبارات
فقہیہ سے معلوم ہوتا ہی کہ تعدد نماز عید مطلقاً جائز ہی خواہ دو موضع مین ہو خواہ ایک موضع
مین جیسا کہ طحطاوی حواشی مراقی الفلاح مین لکھتے ہین لو قدر بعد الفوات مع الامام علی ادراکہا مع غیرہ
فعل للاتفاق علی جواز تعددہا انتہی بنائً علیہ صورت مسئولہ مین نماز اہل تسنن کی ہوگئی واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁ محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۴۵ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جمعہ کے روز بعد فرض کے
چار رکعت آخر ظہر اس نیت سے پڑہے کہ یہ چار رکعت بھی فرض ہین اور جو کوئی اسکے پڑہنے
سے منع کرے یا فرض کہنے مین منع کرے تو اوس منع کرنیوالے کو گمراہ اور گمراہ اور لامذہب کہے تو
اوسکے لیے کچھ گناہ ہی یا نہین اب امید ہی علمای دین سے بدلیل قرآن وحدیث زبان اُردو مین صاف
صاف بیان فرماوین بینوا توجروا عند ربہم **ہو المصوب** اس باب مین فقہا مختلف ہین ایک جماعت
فقہا کی بعد ادای فرض جمعہ کے چار رکعت کو بہ نیت آخر ظہر ادرکت وقتہ ولم اصل بعد احتیاطاً مستحسن لکھتے
ہین اسوجہ سے کہ تعریف مصر مین جو شرائط وجوب جمعہ سے حنفیہ کے نزدیک ہین اختلاف کثیر واقع ہی اور
بعض امصار موافق بعض تعریفات کے مصر نہین ٹھرتے ہین اور بہی اسوجہ سے کہ ایک شہر مین تعدد
جمعہ مین اختلاف ہی اگرچہ صحیح جواز تعدد ہی خزانۃ الروایات مین ہی فی الکافی ثم فی کل موضع وقع الشک فی
جواز الجمعۃ لوقوع الشک فی المصر وغیرہ واقام اہلہ الجمعۃ ینبغی ان یصلوا بعدہ الجمعۃ اربع رکعات وینووا بہا

مع کراہت تنزیہی ہے مجملاً ان اقوال کے قول اول محقق ومختار محققین ہی چنانچہ ایقاظ النیام مین مسطور ہی قول اول جواز اقتدا بالمخالف علی الاطلاق اعنی امام مراعات مذہب ماموم بکند یا نکند ودرین قول رعایت مذہب امام اعتبار وارد نہ مذہب ماموم وبرین قول اند جمعی از محققان ہر مذہب بمنطوق ومفہوم وہمین ست مذہب منصور وہمین ست مختار راقم سطور انتہے اور یہی ایقاظ النیام مین مرقوم ہی آنانکہ از حنفیہ بر جواز مطلق رفتہ اند نیز بسیار اند منبع علوم دینی ومجمع معارف یقینی شیخ محی الدین بن یوسف الحنفی الرومی الابدینی قدس سرہ در رسالہ خود کہ در باب اقتدا بمخالف نوشتہ است نیز ذکر جواز اقتدا بمخالف علی الاطلاق گفتہ کہ شیخ ابو بکر رازی بہمین قول رفتہ ومحقق ابن الہمام از شیخ خود شیخ سراج الدین الشہیر بقاری الہدایہ نقل نمودہ کہ او معتقد قول شیخ رازی بود تا آنکہ وی انکار کرد کہ فساد نماز بسبب اقتدای مذکور از متقدمین مروی باشد ترجیح دادہ اند بعض فضلا قول شیخ رازی را وتبعیت کردہ اند شیخ سراج الدین را بنا بر قوت دلیل او ووضوح بیان او انتہی مختصراً اور شاہ ولی اللہ رح انصاف فی بیان سبب الاختلاف مین لکھتے ہین قد کان فی الصحابۃ والتابعین ومن بعدہم من یقرأ البسملۃ ومنہم من لا یقرأہا ومنہم من یجہر بہا ومنہم من لا یجہر بہا ومنہم من کان یقنت فی الفجر ومنہم من لا یقنت فی الفجر ومنہم من یتوضأ من الحجامۃ والرعاف والقیٔ ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومنہم من یتوضأ من لمس الذکر ومن لمس النساء بشہوۃ ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومنہم من یتوضأ مما مستہ النار ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومع ہذا کان بعضہم یصلی خلف بعض مثل ما کان ابو حنیفۃ واصحابہ والشافعی وغیرہم رضی اللہ عنہم یصلون خلف ائمۃ المدینۃ من المالکیۃ وغیرہم وان کانوا لا یقرؤن البسملۃ لا سرا ولا جہرا وصلی الرشید اماما وقد احتجم فصلی الامام ابو یوسف خلفہ ولم یعد وکان افتاہ الامام مالک بانہ لا وضوء علیہ وکان الامام احمد بن حنبل یری الوضوء من الرعاف والحجامۃ فقیل لہ فان کان الامام قد خرج منہ الدم ولم یتوضأ ہل تصلی خلفہ فقال کیف لا اصلی خلف الامام مالک وسعید ابن المسیب انتہے بقدر الحاجۃ عبارت انصاف سے بسند فعل صحابہ وتابعین وقول وفعل امام ابو حنیفہ وابو یوسف وامام شافعی واحمد بن حنبل وغیرہ ائمہ مجتہدین ثابت ہوا کہ اقتدا حنفی کی خلف شافعی ومالکی وحنبلی کی مطلقاً جائز ہی اور رفع یدین وآمین بالجہر کہنا امام کا مفسد نماز

ما تقول فی قولہ تعالیٰ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ کیف تقول قال حیث ما کنت فہو اقرب الیک وہو بائن من خلقہ انتہی اور ترجمہ مزنی مین لکھتے ہین قال محمد بن اسمعیل سمعت المزنی یقول لا یصح لاحد التوحید حتی یعلم ان اللہ علی عرشہ انتہی اور ترجمہ ابو حاتم رازی مین لکھتے ہین قال ابو حاتم مذہبنا واختیارنا اتباع رسول اللہ واصحابہ ونعتقد ان اللہ علی عرشہ لیس کمثلہ شئی وہو السمیع البصیر انتہی اور بھی ذہبی نے کتاب العرش مین اسی قسم کے اقوال کہ جنسے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حق جلشانہ فوق العرش ہے بلا کیف صدہا صحابہ و تابعین اور فقہا اور محدثین سے نقل کیے ہین اور احادیث نبویہ جو فوقیت رب پر دال ہین بھی ذکر کی ہین اور ابو شکور سالمی حنفی تمہید مین لکھتے ہین سئل رجل عن الامام مالک عن قولہ تعالے الرحمن علے العرش استوی کیف استوی فقال لہ الاستواء غیر مجہول والکیف غیر معقول والایمان بہ واجب والسوال عنہ بدعۃ وما اراک الا ضالا فامر بہ فاخرا

ہو جہم بن صفوان وقال ابو مطیع البلخی سئلت ابا حنیفۃ فیمن قال لا ادری این اللہ فقال ابو حنیفۃ انہ یکفر لانہ یخالف النص واللہ یقول الرَّحْمَٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَىٰ اقروہا وآمنوا بہ فقال ابو مطیع کیف استوی فقال آمنوا بہ کما جاء انتھے اور سراج الدین علی حنفی قصیدہ بدء الامالی مین کہتے ہین ؎ ورب العرش فوق العرش لکن * بلا وصف التمکن واتصال *

ملا علی قاری حنفی اوسکی شرح مین لکھتے ہین سئل الشافعی عن الاستواء فقال آمنت بہ بلا تشبیہ واتہمت نفسی فی الادراک وامسکت عن الخوض واجمع السلف علے ان استواءہ علے العرش صفۃ لہ بلا کیف نؤمن بہ ونکل العلم الے اللہ ومذہب الخلف تاویل الاستواء بالاستیلاء ومختار السلف عدم التاویل بل اعتقاد التنزیل مع وصف التنزیہ لہ عما یوجب التشبیہ کما قال مالک الاستواء معلوم والکیفیۃ مجہولۃ واختارہ امامنا الاعظم وکذا کل ما ورد من الآیات والاحادیث المتشابہات من ذکر الید والوجہ ونحوہ ومنہ لفظ فوق فلا یؤولونہ بالعظمۃ والرفعۃ کما قالہ الخلف انتہی اور ابن ہمام حنفی مؤلف فتح القدیر مسایرۃ فی العقائد المنجیۃ فی الآخرۃ مین لکھتے ہین نؤمن انہ تعالے مستو علے العرش مع الحکم بان استواءہ لیس کاستواء الاجساد من التمکن والمماسۃ والمحاذاۃ بل بمعنے یلیق بہ وہو اعلم بہ وحاصلہ وجوب

الظہر حتے لو لم تقع الجمعۃ موقعہا خرج من عہدۃ فرض الوقت بیقین انتہی اور رد المحتار میں ہی ہو الاحتیاط
بمعنے الخروج عن العہدۃ بیقین لان جواز التعدد وان کان ارجح واقوی دلیلا لکن فیہ شبہۃ قویۃ انتہے
اور ایک جماعت فقہا کی بدین خیال کہ ظہر ادا کرنے میں عوام کا وہم عدم فرضیت جمعہ وفرضیت
ظہر کیطرف جاویگا منع کرتی ہی بحر رائق شرح کنز الدقائق میں ہی لیس الاحتیاط فی فعلہا مع الزم من فعلہا
فی زماننا من المفسدۃ العظیمۃ وہو اعتقاد الجہلۃ ان الجمعۃ لیست بفرض مما یشاہدون من صلوۃ الظہر
فیظنون انہا الفرض وان الجمعۃ لیست بفرض فکان الاحتیاط فی ترکہا وعلے تقدیر فعلہا ممن لا یخاف
علیہ مفسدۃ منہا فالاولی ان تکون فی بیتہ خفیۃ خوفا من مفسدۃ فعلہا انتہی ان عبارات سے معلوم
ہوا کہ جنہوں نے اجازت دی ہی صرف احتیاطا خروجا عن الخلاف اجازت دی نہ اس لحاظ سے
کہ جمعہ فرض نہیں یا یہ چار رکعت فرض ہیں بلاد ہندوستان اور ایسے ہی بلاد بنگالہ وغیرہ میں
جمعہ کے فرض ہونے میں اور اوسکے ادا ہو جانے میں بمذہب صحیح کوئی شبہہ نہیں ہی مگر بوجہ
وقوع خلاف کے تعریفات مصر اور تعدد جمعہ میں اگر احتیاطا یہ چار رکعت ادا کیجاویں تو کچھ
حرج نہیں مگر بشرطیکہ خیال انکی فرضیت کا اور عدم فرضیت یا عدم جواز جمعہ کا نہ آنے پاوے
اور اگر یہ خیال آوے تو انکو نہ پڑھنا چاہیے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۲۴۴ کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں کہ درباب آیات صفات مثل استوی
علی العرش وید اللہ وغیرہ مسلک تاویل حق ہی یا اور کوئی مسلک بینوا توجروا ہو المصوب اس
باب میں علما کے چند مسلک ہیں ایک مسلک تاویل کہ استوا بمعنے استیلا اور ید بمعنے قدرت ووجہ بمعنی ذات ہی
وعلی ہذا القیاس اور یہی مختار اکثر متاخرین متکلمین کا ہی دوسرا مسلک تشابہ فی المعنے وفی الکیفیۃ تیسرا مسلک
معلوم المعنے متشابہۃ الکیفیۃ اور حق ان میں مسلک ثالث ہی اور یہی مذہب صحابہ وتابعین وائمہ
مجتہدین ومحدثین وفقہا واصولیین محققین ہی شیخ الاسلام ذہبی سیر النبلاء میں ترجمہ قتیبہ بن سعید
میں لکھتے ہیں روی غیر واحد عن ابی العباس السراج فقال سمعت قتیبۃ یقول ہذا قول الائمۃ الاسلام
واہل السنۃ والجماعۃ ان ربنا عزوجل علی العرش انتہی اور ترجمہ علی بن المدینی میں لکھتے ہیں قال اکثر
العلماء ان اللہ علی العرش انتہی اور ترجمہ اسحق بن راہویہ میں لکھتے ہیں قال حرب الکرمانی قلت لاسحاق

کتاب الصلوٰۃ [illegible]

الحاصل آیات فوقیت واستوا و ید و وجہ وغیرہ سب معانی ظاہرہ پر محمول ہین اور کیفیات
ان سب کی مجہول ہین اور اسمین تجسم بھی لازم نہین آتا ہی کیونکہ جب کیفیت مجہول کہی گئی اور
خیال لیس کمثلہ شیئ کا بھی رہا اور تنزیہ تام کی گئی تجسم کسیطرح سے لازم نہ آویگا واللہ اعلم وعلمہ احکم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۴۷ **استفتا** زید بالاوا سے نماز عشا سو گیا اور فجر کو ایسے سویرے اوٹھا کہ پہلے اوسنے
نماز عشا و وتر قضا کی پس ازان نماز فجر ادا کی بعد ازان قریب نو بجے دن کو اوسنے پائجامہ پر دھبہ
منی کا دیکھا حالانکہ اوسکو احتلام یاد نہین اور وہ نہین کہہ سکتا کہ وہ دھبہ بوجہ احتلام شب کے ہی
یا پیشتر کا ہی ایسی صورت مین اون نمازونکا اعادہ کیا جاویگا یا نہین بینوا توجروا **ہو المصوب**
اس صورت مین وہ احتلام اوسی شب کا قرار دیا جاویگا نہ قبل کا اور اعادہ نماز فجر کا اور عشا اور
وتر کا بہ نیت قضا بعد غسل کے واجب ہوگا لو رأی فی ثوبہ نجاسۃ وقد صلی فیہ ولا یدری متی
اصابہ یعیدہا من آخر حدث احدثہ والمنی آخر رقدۃ ویلزمہ الغسل فی الثانیۃ عند ابی حنیفۃ و
محمد وان لم یتذکر احتلاما انتہی اشباہ والنظائر واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب البیوع [illegible]

۲۴۸ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای
دین اس مسئلہ مین کہ تجارت تماکو خوردنی و نوشیدنی بہ غرض حصول منفعت و فراغت
معاش درست ہی یا نہین بینوا توجروا **ہو المصوب** درست ہی علامہ ابراہیم بن حسین
الشہیر بہ بیری زادہ حنفی کی اپنے رسالہ رفع الاشتباک فی حکم تعاطی شجرۃ التنباک مین لکھتے
ہین اما بیعہا وشراؤہا فیجوز لامکان الانتفاع بہا فی غیر الشرب بدلیل تقیید الاصحاب عدم
الجواز فی مثلہا بما لا ینتفع بہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب الصلوٰۃ [illegible]

۲۴۹ **استفتا مشتمل بر چار سوال**

سوال اول نماز تہجد و وتر یک نماز ست یا علحدہ علحدہ بینوا توجروا **ہو المصوب** از مطالعۂ
احادیث مختلفہ واضح میشود کہ اطلاق وتر گاہی بر نماز تہجد و قیام لیل کہ طاق باشد می آید واین فی ترعین
تہجد ست چنانکہ در حدیث ابی امامہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بتسع رکعات اخرجہ
احمد والطبرانی وغیرہما وحدیث ابی ہریرہ قال رسول اللہ صلعم اوتروا بخمس او بسبع او بتسع او احدی

الایمان بانہ استوی علی العرش مع نفی التشبیہ فاما کون المراد بہ استیلاء العرش فامر جائز الارادۃ لکن لا دلیل علیہ عیناً فالواجب علینا ما ذکرناہ وکذا کل ما ورد بہ ما ظاہرہ الجسمیۃ کالاصبع والقدم والید فیجب الایمان بہ فان الید والاصبع صفۃ لہ لا بمعنی الجارحۃ بل بمعنی یلیق بہ وقد اول الید والاصبع بالقدرۃ والقہر لصرف العامۃ من فہم الجسمیۃ وہو ممکن ان یراد ولا یجزم بارادتہ انتہی اور عبد العزیز بخاری حنفی کشف الاسرار شرح اصول بزدوی میں لکھتے ہیں اثبات الرؤیۃ واثبات الوجہ والید للہ حق عندنا خلافاً لقول من قال انہ لا یوصف اللہ بالوجہ والید بل المراد بالوجہ الرضا والذات ومن الید القدرۃ او القوۃ او النعمۃ فقال المصنف بل اللہ یوصف بصفۃ الوجہ والید مع تنزیہہ عن الصورۃ والجارحۃ لان الوجہ والید من صفات الکمال فی الشاہد لان من لا وجہ لہ ولا ید لہ یعد ناقصاً وہو موصوف بصفات الکمال فیوصف بہما ایضاً الا ان اثبات الکیفیۃ مستحیل فیتشابہ وصفہ فیجب تسلیمہ علی اعتقاد حقیتہ من غیر اشتغال بالتاویل انتہی اور ابو شکور تمہید میں لکھتے ہیں قال بعضہم ان اللہ موجود فی کل مکان وہم صنف من الجہمیہ واحتجوا بقولہ تعالی ہُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَاءِ اِلٰہٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰہٌ وقولہ وَہُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الْاَرْضِ وقولہ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وقولہ مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ہُوَ رَابِعُہُمْ والجواب ان معنی الآیۃ الاولی انہ الہ اہل السماء واہل الارض وفی الآیۃ الثانیۃ تدبیرہ فی السموات والارض ومعنی الآیۃ الثالثۃ انہ معہم بالنصرۃ ومعنی الرابعۃ انہ سمیع بمقالتہم بصیر بافعالہم ونحن نقول ان اللہ لو کان فی کل مکان یؤدی ان یکون فی افواہ الدواب وافراج النساء والآبار وہذا کفر قبیح انتہی

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ مذہب صحابہ وغیر صحابہ ائمہ وغیر ائمہ حنفیہ وغیر حنفیہ سب کا یہہ ہی کہ حق جل شانہ کی فوقیت عرش پر وید ووجہ وغیرہ صفات بلا کیف ہیں اور تاویل کرنا ان سب کی صحیح نہیں ہی منشا تاویل کا صرف اسیقدر ہی کہ جب مجسمہ نے اس قسم کی آیات واحادیث سے خیال تجسم کا کیا علماء نے اونکے الزام واسکات کے واسطے تاویل کرنا شروع کیا نہ اس غرض سے کہ یہہ معنی ماول مراد ہیں بلکہ اس غرض سے کہ شبہہ تجسم دفع ہو جاوے

ثابت گشتہ و در اسانید آنہا کلامی ست یسیر کما بسطہ الحافظ فی تخریج احادیث الرافعی وحدیث الوتر حق
فمن لم یوتر فلیس منا اخرجہ ابوداؤد والحاکم وصححہ من حدیث بریدۃ مرفوعاً و امثال این روایات
بسیاری از روایات صحاح ستہ وغیر آنہا اند کہ دلالت میکنند بر مغایرت فیما بین وتر و تہجد و بر آنکہ
وتر نمازی ست مستقل واجب باشد یا سنت از انجملہ حدیث کان ابوبکر یوتر ثم ینام ثم یقوم یتہجد
وعمر کان ینام قبل ان یوتر ثم یقوم ویصلی ویوتر فقال النبی صلے اللہ علیہ وسلم لابی بکر اخذت
بالحزم وقال لعمر اخذت بالقوۃ اخرجہ ابوداؤد وابن خزیمۃ والطبرانی فی الکبیر والحاکم من حدیث
ابی قتادۃ قال ابن القطان رجالہ ثقات والبزار وابن ماجۃ وابن حبان من حدیث ابن عمر و
طرق این حدیث وشواہد آن در تلخیص الحبیر وغیرہ بسوط اند و از انجملہ حدیث من خاف منکم ان
لا یستیقظ من آخر اللیل فلیوتر من اول اللیل ومن طمع منکم ان یستیقظ فلیوتر من آخر اللیل فان
صلوۃ آخر اللیل مشہودۃ وذلک افضل اخرجہ مسلم واحمد من حدیث جابر مرفوعاً و از انجملہ حدیث
عائشۃ من کل اللیل قد اوتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اول اللیل واوسطہ وآخرہ وانتہی
وترہ الی السحر اخرجہ البخاری ومسلم وغیرہما وہمچنین احادیث قنوت وترکہ در کتب سنن وغیرہ
مروی اند دلالت بر مغایرت دارند واللہ اعلم وعلمہ احکم **سوال دوم** نماز تراویح و تہجد یک
نماز ست یا علیحدہ و چون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع وتر تراویح باول شب خواندے
بعد ازان برائے تہجد برخاستن ازان حضرت صلے اللہ علیہ وسلم قولاً یا فعلاً ثابت ست
یا نہ **ہو المصوب** ازان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ادا کردن قیام رمضان کہ معروف
بتراویح است بدو طریق مرویست یکی مقدار بست رکعت بدون جماعت قال ابن عباس
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلے فی رمضان فی غیر جماعۃ عشرین رکعۃ
والوتر اخرجہ ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید والبغوی فی معجمہ والطبرانی والبیہقی لیکن
سند این روایات ضعیف ست چنانچہ تفصیل آن مع مالہ وما علیہ در رسالہ تحفۃ الاخیار
فی احیاء سنۃ سید الابرار ساختہ ام زیلعی در تخریج احادیث ہدایہ می نویسد ہو معلول بابی
شیبۃ ابراہیم بن عثمان جد الامام ابی بکر بن ابی شیبۃ وہو متفق علی ضعفہ انتہی دوم
مقدار ہشت رکعت وسہ رکعت وتر با جماعت و این طریق از آنحضرت صلی اللہ علیہ

عشرۃ اخرجہ الدارقطنی وابن حبان والحاکم بزیادۃ ولا توتر واثلاث ولا تشبھوا بصلوۃ المغرب
ابن حجر عسقلانی در تلخیص الحبیر تخریج احادیث شرح الرافعی الکبیر میگوید رجالہ کلھم ثقات ولا یضر وقف
من وقفہ انتھے وحدیث عائشہ رض کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر باربع وثلاث وثنتین و
ثلاث وثمان وثلاث وعشر وثلاث اخرجہ ابوداؤد وحدیث ام سلمہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یوتر بثلاث عشرۃ فلما کبر وضعف اوتر بسبع اخرجہ احمد والترمذی والنسائی والحاکم وصححہ
وحدیث ابی ہریرہ قال رسول اللہ صلعم اوتروا بخمس او بسبع او تسع او باحدی عشرۃ او باکثر من
ذلک اخرجہ ابن حبان وابن المنذر والحاکم ونظائر این احادیث در کتب صحاح بسیار اند
کہ دران اطلاق وتر بر مجموع صلوۃ تہجد کہ معدود بعدد وتر باشد واقع شدہ است ابن ہمام
در فتح القدیر در باب الوتر بعد ذکر حدیث انہ صلی اللہ علیہ وسلم قام بہم فے رمضان فصلی ثمان
رکعات واوتر ثم انتظروہ من القابلۃ فلم یخرج الیہم فسألوہ فقال خشیۃ ان یکتب علیکم الوتر اخرجہ
ابن حبان بینویسد المراد مجموع صلوۃ اللیل المختتمۃ بوتر وذلک انہم کانوا یطلقون علی صلوۃ
اللیل کذلک لان المجموع فرد وذلک وتر لاشفع انتھے وگاہے اطلاق وتر بر نماز مستقل
غیر تہجد میشود وائمہ کہ در وجوب وسنیت وتر واستنان قنوت در وتر در جمیع ایام یا عدم
آن ودر عدد رکعاتش کہ سہ است بیک سلام یا بدو سلام یا یک ست اختلاف کردہ اند مورد
اختلاف ایشان ہمین وتر ست کہ نمازی مستقل ست غیر تہجد ووقت آن بعد صلوۃ عشاتا
طلوع صبح ست چنانکہ در حدیث ان اللہ امدکم بصلوۃ ہی خیر لکم من حمر النعم وہی الوتر جعلہا اللہ
لکم فیما بین صلوۃ العشاء الی ان یطلع الفجر اخرجہ احمد وابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ والدارقطنی
والحاکم من حدیث خارجۃ مرفوعاً وحدیث ابن عباس خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
مستبشرا فقال ان اللہ قد زادکم صلوۃ وہی الوتر اخرجہ الطبرانی والدارقطنی وحدیث ابی سعید
مرفوعاً ان اللہ زادکم صلوۃ وہی الوتر واسنادہ حسن قال الحافظ ابن حجر فے تخریج احادیث
الہدایۃ ومثل این روایات بروایت معاذ بن جبل در مسند احمد وعمرو بن العاص
وعقبۃ بن عامر در معجم طبرانی وابی بصرہ غفاری نزد احمد وحاکم وطحاوی وابن
عباس نزد دارقطنی وابن عمر نزد ابن حبان وعبداللہ بن عمرو نزد احمد ودارقطنی

نماز مغایر تہجد نبوده چہ ہشت رکعت وسہ رکعت وتر مقدار تہجد نبوی بوده چنانچہ از قول عائشہ معلوم میشود ماکان رسول اللہ صلعم یزید فی رمضان ولا فی غیره علی احدی عشرة رکعة یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن ثم یصلی ثلاثا اخرجہ مالک والبخاری ومسلم وغیرہم وعلما مختلف اند درینکہ بنیت تہجد وقیام لیل بمطلق نماز شب اگرچہ قبل از نوم باشد ادا مے شود یا نہ بعضے گفتہ اند ادا میشود چنانچہ در بحر رائق شرح کنز الدقائق مے گوید روی الطبرانی مرفوعا لابد من صلوة بلیل ولو حلب شاة وما کان بعد صلوة العشاء فهو من اللیل وهو یفید ان هذه السنة تحصل بالتنفل بعد صلوة العشاء قبل النوم انتہے پس بر راے این طائفہ در بودن آن عین تہجد مضائقہ نخواہد بود و بعضے تہجد را مقید بما بعد النوم مے سازند در تلخیص الحبیر ست قولہ لان الرافعی التہجد یقع علی الصلوة بعد النوم واما الصلوة قبل النوم فلا یسمی تہجدا رواه ابن خزیمة من طریق الاعرج عن کثیر عن الحجاج بن عمرو قال یحسب احدکم اذا قام من اللیل یصلی حتی یصبح انہ قد تہجد انما التہجد المرء ان یصلی الصلوة بعد رقدة ثم الصلوة بعد رقدة وتلک کانت صلوة رسول اللہ صلعم اسناده حسن وفیہ ابو صالح کاتب اللیث وفیہ لین ورواه الطبرانی وفی اسناده ابن لهیعة انتہے پس برین تقدیر نماز مذکور را کہ قبل نوم بوده از تہجد شمار کردن محل تامل خواہد بود و بہر تقدیر در شبہاے مذکوره کہ آن حضرت صلعم دران تراویح بجماعت ادا کرده اند ادا کردن نماز تہجد سواے آن از آنحضرت مروی نشده و ممکن ست کہ در شب اول و دوم بعد قدرے از نوم ادا فرموده باشند و در شب سیوم نماز تراویح را آن قدر طول فرمودند کہ وقت انقضاء سحر رسیده واللہ اعلم و علمہ اتم ٥ **سوال سوم** اگر کسے بعد اداے تراویح و وتر باول شب چنانکہ عادت این دیار ست بآخر شب تہجد بخواند مخالف سنت خواہد شد یا نہ ہو المصوب اگرچہ از آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تطویل تراویح تا ثلث و نصف و تا وقت سحر ثابت شده و دران شبہا ثبوت تہجد مغایر مروی نگشتہ لیکن معہذا عدم آن ہم خصوصا بشب اول و دوم مروی نگشتہ درین صورت ہیچ کس کہ بعد اداے تراویح و وتر باول شب تہجد بآخر شب ادا سازد مخالف سنت گفتہ نخواہد شد بلکہ اگر باول شب تراویح بست رکعت ادا ساختہ بآخر شب تہجد ہشت رکعت ادا خواہد کرد

وسلم بجز سہ شب در شبے دیگر منقول نگشتہ و بسبب خوف افتراض قیام لیل بر امت بنظر شفقت اہتمام آن نفرمودہ عن عائشۃ رضؓ ان رسول اللہ صؐ خرج من جوف اللیل فصلے فی المسجد فصلے بصلاتہ ناس فاصبح الناس یتحدثون بذلک فاجتمع اکثر منہم فخرج فی اللیلۃ الثانیۃ فصلوا بصلاتہ فاصبح الناس یذکرون فکثر اہل المسجد فی الثالثۃ فخرج فصلوا بصلاتہ فلما کانت اللیلۃ الرابعۃ عجز المسجد عن اہلہ فلم یخرج الیہم حتے خرج لصلوۃ الفجر فلما قضے الفجر اقبل علے الناس ثم تشہد فقال اما بعد فانہ لم یخف علے شانکم اللیلۃ لکنی خشیت ان تفرض علیکم صلوۃ اللیل فتعجزوا عنہا اخرجہ مسلم وعن ابی ذر صمنا مع رسول اللہ صؐ فلم یقم بنا شیئا من الشہر حتے بقی سبع فقام بنا حتے ذہب ثلث اللیل فلما کانت السادسۃ لم یقم بنا فلما کانت الخامسۃ قام بنا حتے ذہب شطر اللیل فقلت یا رسول اللہ لو نفلتنا قیام ہذہ اللیلۃ فقال ان الرجل اذا صلے مع الامام حتی ینصرف حسب لہ قیام اللیلۃ فلما کانت الرابعۃ لم یقم فلما کانت الثالثۃ جمع اہلہ ونساءہ فقام بنا حتے خشینا ان یفوتنا الفلاح ای السحور اخرجہ ابوداؤد واللفظ لہ والنسائی والترمذی وغیرہم وکذلک اخرجہ النسائی من حدیث النعمان بن بشیر وابن حجر مکی ہیتمی در شرح مشکوۃ می نویسد قول بعض ائمتنا انہ صلے اللہ علیہ وسلم صلے بالناس عشرین رکعۃ لعلہ اخذہ مما فی مصنف ابن ابی شیبۃ انہ کان یصلے فی رمضان عشرین رکعۃ ومما رواہ البیہقے انہ صلے بہم عشرین رکعۃ بعشر تسلیمات لکن الروایتین ضعیفتان وفی صحیحے ابن خزیمۃ وابن حبان انہ صلے بہم ثمان رکعۃ والوتر لکن اجمع الصحابۃ علے ان التراویح عشرون رکعۃ انتہے وابن حجر عسقلانی در تلخیص الحبیر بعد ذکر روایت مذکور میگوید واما العدد فروی ابن حبان فی صحیحہ من حدیث جابر انہ صلے بہم ثمان رکعات ثم اوتر انتہے اما طریق اول پس در روایات آن تصریح این امر وارد نشدہ کہ آن بست رکعت در اول شب بودند یا در آخر واما طریق دوم پس روایات آن دال اند برینکہ آن قیام از اول شب بعد عشا بود تا ثلث شب باول مرتبہ ونصف شب بمرتبۂ دوم وتا وقت سحر بشب سوم واما این امر کہ این از نماز تہجد بود یا غیر آن پس مقدار شش مخبر ازان ست کہ این

واستحقاق اپنا اوس سے اوٹھا لیا اور اوس دستاویز مین ولی کو اختیار وصول زر مذکور کا
اور اوسکے محاصل مین پرورش و تعلیم نابالغ کا دیا اور یہ بھی لکھا کہ اگر پسر مذکور فوت ہوجاوے
تو فیما بین دختران ہمارے کے جو اوسوقت زندہ و قائم ہون زر مذکور بحصہ مساوی تقسیم ہو تو
اس صورت مین دستاویز مذکور ہبہ متصور ہوگی یا وصیت اگر ہبہ نامہ متصور ہو تو ایسے
ہبہ سے واہبہ کو اختیار فسخ کا ہوگا یا نہین اور ولایت قوم غیر ایک مسلمان نابالغ کے لیے
جائز ہی یا نہین **ھو المصوب** چونکہ وصیت عبارت ہی اوس تملیک سے جو مضاف
بما بعد الموت ہو جیسا کہ تنویر الابصار مین ہی ہی تملیک مضاف الے ما بعد الموت انتہی اور عبارت
ہبہ نامہ مین صاف لفظ ہبہ و اعطار بغیر اضافت بعد موت کے موجود ہی بنا رعلیہ یہ تحریر
ہبہ نامہ متصور ہوگی لیکن یہ تملیک دین غیر مدیون کو ایسے ہبہ سے اختیار رجوع و فسخ ہبہ کا
ہوگا جبتک کہ موہوب لہ اوس دین پر قابض نہووے درمختار مین ہی واما تملیک الدین من
غیر من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الے ہبۃ العین انتہی ردالمحتار مین ہی وہذا لا یلزم الا
اذا قبض ولہ الرجوع قبلہ فلہ منعہ حیث کان بحکم النیابۃ عن القبض انتہی اور ولایت غیر مسلم کی
نابالغ مسلمان کے لیے ناجائز ہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ ٥ **استفتا سوال**
شیخ محدث دہلوی در مدارج میفرماید کہ بہ بست و ششم ماہ صفر روز دوشنبہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم اسامہ را بر جنگ رومیان گماشت و بست و ہشتم روز چارشنبہ طبع
مبارکش دردمند شدہ انتہی و باز میفرماید بہ یازدہم ربیع اول مرض بہ آن حضرت غلبہ کردہ
و بروز دوازدہم روز دوشنبہ بود وفات یافت انتہی و ہمچنین در روضۃ الاحباب وغیرہ نیز
مذکور است حالانکہ اگر ہر دو تاریخ صفر حساب کنند تاریخ دوازدہم بروز دوشنبہ نمی تواند
شد نہ بحساب بست و نہ و نہ بحساب سی روز بینوا توجروا ٥ **ھو المصوب** مخفی نماند کہ وفات
آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بروز دوشنبہ بماہ ربیع اول بود بالاتفاق اما آن روز کدام
تاریخ بود پس درین باب اختلاف ست آنچہ کہ بین الناس مشہور و در اکثر کتب مذکور ست
این ست کہ روز دوشنبہ دوازدہم ربیع اول بودہ لیکن این امر ممکن نیست بدین وجہ کہ غرۂ ذی حجہ
سنہ ہجری باتفاق ارباب سیر وغیرہ روز پنجشنبہ بود چہ حج نبوی کہ آن را حجۃ الوداع نامند بروز جمعہ

جامع فیض علیتی الاقتداء بالصحابة والاقتداء بالرسول صلعم خواهد شد و ادا کردن تهجد با آخر شب بعد ادا ے
وتر باول شب از ان حضرت و صحابه ثابت ست علی ما تدل علیه بعض الروایات السابقة
واللہ اعلم وعلمه اتم ۵ **سوال چہارم** نماز وتر خاص تم بسه رکعت از آنحضرت صلی اللہ
علیه وسلم بچه طور ثابت ست بعینه مثل نماز مغرب یا که شفعه جدا و یک رکعت جدا یا ہر سه
رکعت متصل بیک تشهد با آخر و تشهد میانه قولا یا فعلا ثابت ست یا نه بینوا توجروا
هو المصوب نماز وتر بسه رکعت با سانید معتبره از ان حضرت صلی اللہ علیه وسلم بدو طور
منقول ست یکی بفصل سلام ما بین رکعتین و رکعت ثالث قال ابن عمر کان النبی صلعم یفصل بین
الشفع والوتر اخرجه احمد وقواه و ابن حبان و ابن السکن فی صحیحهما والطبرانی کذا فی تلخیص الحبیر
دوم ہر سه رکعت بیک تشهد در آخر قالت عائشة کان رسول اللہ صلعم یوتر بثلاث لا یجلس الا فی آخر
ہن اخرجه احمد والنسائی والبیهقی والحاکم ولفظ احمد کان یوتر بثلاث لا یفصل بینهن ولفظ الحاکم لا یقعد
الا فی آخرہن و طریقہ سوم یعنے سه رکعت بدو قعده و یک سلام مثل نماز مغرب پس از ان حضرت
صلی اللہ علیه وسلم بسند غیر معتبر و از صحابه با سانید معتبره مروی گشته در تلخیص الحبیر و تخریج احادیث
هدایه نوشته حدیث وتر اللیل ثلاث کوتر النهار صلوة المغرب اخرجه الدارقطنی من طریق یحیی
ابن زکریا بن ابی الحواجب عن الاعمش عن مالک بن الحارث عن عبد الرحمن بن یزید عن
ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلعم وتر اللیل الخ قال الدارقطنی تفرد به یحیی وهو ضعیف
وقال البیهقی الصحیح وقفه علی ابن مسعود ورواه الدارقطنی ایضا من حدیث عائشة وفیه اسمعیل
بن مسلم المکی ضعیف انتهی و در فتح القدیر می نویسد صح عن ابن مسعود وتر اللیل ثلاث کوتر
النهار وانما ضعفوا رفعه انتهی واللہ اعلم حرره الاجوبة الاربعة لهذه الاسئلة الاربعة
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی ۵ (مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات)

استفتا ۲۵ کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں کہ ہندہ نے زر قرضہ
مندرجہ دستاویز جسمیں جائداد غیر منقولہ مستغرق ہی یا فتنی اپنا ز منہ زید وغیرہ اپنے
پسر نابالغ کے نام بتقرر ایک شخص سربراہ کارروائی کے اس عبارت سے ہبہ
بلا عوض کیا کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز کو ہبہ کرتی ہوں اور دیدیتی ہوں قبضہ

عشرۃ وقیل ثالث عشرۃ وقیل خامس عشرۃ والمشہور بین الناس انہ کان ثانی عشر ربیع الاول
وقد رد ذلک السہیلی وغیرہ بان وقفۃ حجۃ الوداع فی السنۃ العاشرۃ وکانت الجمعۃ وکان اول
ذی الحجۃ الخمیس ومتے کان کذلک لم یصح ان یکون یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول سواء حسبت
الشہور الثلثۃ اعنی ذا الحجۃ ومحرما وصفرا کلہا کاملۃ او ناقصۃ او بعضہا کاملۃ وبعضہا ناقصۃ واجیب
عن ہذا بجواب حسن وہو ان ابن اسحق ذکر انہ صلعم توفی لاثنتی عشرۃ لیلۃ من ربیع الاول وہذا یمکن
فان العرب تورخ باللیالی دون الایام ولکن لا تورخ الا بلیلۃ مضے یومہا فیکون الیوم تبعا للیلۃ وکل
لیلۃ لم یمض یومہا لم یعتد بہا وح فیوم الاثنین الذی توفے فیہ رسول اللہ صلعم کان ثالث عشر الشہر
لکن لما لم یکن یومہ قد مضے لم یورخ بلیلتہ انتہے وبعضے تاریخ دوم وبعضے غرہ وبعضے چہارم
را اختیار کردند ابو عبداللہ محمد الزرندی المدنی در کتاب الاعلام بسیرۃ النبی علیہ السلام مے نویسند
اتفق العلماء واہل السیر علے ان رسول اللہ صلعم توفے یوم الاثنین فے ربیع الاول غیر ان اکثرہم
قالوا فے الثانی عشر منہ ولا یصح ان یکون یوم الاثنین ثانی عشر لاجماع المسلمین علی ان وقفۃ
عرفۃ کانت فے حجۃ الوداع یوم الجمعۃ وہو تاسع ذی الحجۃ وکان اول ذی الحجۃ یوم الخمیس
وکان اول المحرم اما الجمعۃ واما السبت فان کان الجمعۃ فقد کان صفر اما السبت واما الاحد
فان کان السبت فقد کان الربیع اما الاحد واما الاثنین وکیف ما دارت الحال علے ہذا الحساب
فلا یکون یوم الاثنین الثانی عشر من الربیع بوجہ وذکر الطبری عن ابن الکلبی انہ توفے فے
الثانی من الربیع قال السہیلے ہذا وان کان خلاف الجمہور فانہ لا یبعد ان کانت الثلثۃ الاشہر التی
قبلہ من تسعۃ وعشرین ونقل الخوارزمی انہ توفی فی اول یوم من الربیع وہذا اقرب فی القیاس مما ذکرہ
الطبری ونقل الاستاذ ابو سعید عبدالملک الواعظ فی کتابہ شرف المصطفے انہ توفے یوم الاثنین
للنصف من ربیع الاول وہذا اقرب انتہے ودرینجا احتمالی دیگر ہست کہ در سنہ در مدینہ طیبہ
بسبب اختلاف مطالع یا امور آخر غرہ ذی حجہ بروز جمعہ شدہ باشد وبتکمیل ہر سہ ماہ غرہ ربیع در
سنہ بروز پنجشنبہ شدہ باشد برین تقدیر البتہ دوازدہم بروز دوشنبہ واقع خواہد شد لیکن برین تقدیر
لازم خواہد شد کہ چار ماہ متوالی بمدینہ کامل حساب کردہ شدہ باشند چہ در فتح الباری وارشاد الساری
وغیرہ شروح صحیح بخاری مصرح است کہ غرہ ذی قعدہ سنہ در مدینہ بروز چہار شنبہ بودہ

واقع گشتہ بالاتفاق پس روز جمعہ نہم ذیحجہ بود و این امر قطع نظر از تصریح ارباب سیر از روایات حدیث ہم ثابت ست و کسے را درین باب اختلافی نیست بنا بر علیہ ممکن نیست کہ دوازدھم ربیع اول سنہ ۱۱ ہجری بروز دوشنبہ واقع گردد چہ اگر ہر سہ ماہ یعنی ذیحجہ و محرم و صفر سی سی روز قرار دادہ شوند پس غرہ محرم بروز شنبہ و غرہ صفر بروز دوشنبہ و غرہ ربیع بروز چارشنبہ واقع خواہد شد برین تقدیر دوشنبہ اول ششم ربیع اول و دوشنبہ دوم سیزدہم خواہد شد و اگر ہر سہ ماہ بست و نہ روز قرار یابند غرہ محرم بروز جمعہ و غرہ صفر بروز دوشنبہ و غرہ ربیع اول بروز یکشنبہ خواہد شد و برین تقدیر دوشنبہ اول ربیع اول تاریخ دوم و دوشنبہ دوم نہم خواہد شد واگر ہر سہ ماہ مختلف باشند پس از دو حال خالی نیست یا غرہ محرم بروز جمعہ باشد یا بروز شنبہ بحساب نقصان ذیحجہ یا کمال آن چہ غرہ اش اتفاقا بروز پنجشنبہ بودہ پس اگر غرہ محرم جمعہ باشد از دو حال خالی نیست محرم کامل گرفتہ شود و صفر ناقص یا بالعکس بر تقدیر اول غرہ صفر یکشنبہ و غرہ ربیع دوشنبہ میشود و بر تقدیر دوم غرہ صفر شنبہ و غرہ ربیع دوشنبہ میشود دیگر دو تقدیر دوشنبہ اول ربیع غرہ و دوشنبہ دوم ہشتم خواہد شد و اگر غرہ محرم بروز شنبہ گرفتہ شود پس اگر محرم کامل و صفر ناقص گرفتہ شود غرہ صفر بروز دوشنبہ و غرہ ربیع بروز سہ شنبہ میشود و بعکس آن غرہ صفر بروز یکشنبہ و غرہ ربیع سہ شنبہ میشود دیگر دو تقدیر دوشنبہ اول ربیع ہفتم و دوشنبہ دوم چاردہم خواہد شد و سوای این احتمالات احتمالی در عالم وقوع نیست کہ بران بودن دوشنبہ دوازدہم ربیع اول سنہ ۱۱ ہجری کہ سال وفات نبوی ست مستقیم گردد و علمای محققین درین باب مختلف شدہ اند بعضے بر مجرد اشکال کفایت کردہ سکوت ساختند چنانچہ امام یافعی در تاریخ خود مرآۃ الجنان می نویسند قلت فیما قیل انہ توفی الثانی عشر منہ اشکال من اجل انہ صلے اللہ علیہ وسلم کانت وقفتہ بالجمعۃ فی السنۃ العاشرۃ اجماعاً فاذا کان کذلک لایتصور وقوع یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول من السنۃ التی بعدھا وذلک معلوم فی کل سنۃ یکون الوقفۃ قبلہ بالجمعۃ علے کل تقدیر من تمام الشھور ونقصانھا وتمام بعضھا ونقصان بعضھا نہ بعض تقدیر کمال ہر سہ ماہ اختیار کردہ تاریخ وفات سیزدہم را مرجح ساختہ چنانچہ ابن رجب دمشقی در لطائف المعارف می نویسد اختلفوا فی تعیین ذلک الیوم من الشھر فقیل کان اولہ وقیل کان ثانیہ وقیل ثانی

نکاح کرے یا نہین ونیز اگر نفوذ نکاح بحکم قرآن وحدیث ہے بہ تصریح تحریر فرمایئے اور اگر بموجب قول فقہا ہے تو اوس قول کے صحت کی دلیل مقنع نقل فرمایئے **سوال دیگر** ایک عورت سنیہ منسوب ہوئی ساتہہ مرد سپاہی شیعہ کے مگر بوقت ایجاب وقبول بوجہ تشیع ودیگر عیوب اوس مرد کی نہ زبانسی قبول کیا اور نہ دل سے مگر بوجہ غایت شرم وغیرت کے بوقت رخصت دم بخود رہی نبولی اس صورت مین نکاح صحیح ہوا یا نہین اس عورت سنیہ کا مگر بعد دو ایک مہینے کے نااتفاقی ظاہر ہوئی و تا زندگی قائم ہی اور بعد مرنے کے عورت نے قبل گذرنے ایام عدت کے اس خیال سے کہ مینے تو نکاح قبول ہی نہین کیا عدت کیا بیٹھون دوسرے مرد سے نکاح کرلیا تو نکاح صحیح ہوا یا نہین اب پہر تجدید نکاح کرے اور تجدید نکاح کرے تو اب از سر نو اوس مرد شیعہ کے مرنے کی عدت بیٹھے یا نہین حالانکہ مرے ہوے دو تین سال ہوئے یا اب عدت کے بیٹھنے کی ضرورت نہین ہی بلاعدت نکاح کرلے **سوال سوم** کسی شخص کی منکوحہ نے اگر شرک کیا خواہ کفر تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا نہین تقدیر ٹوٹ جانے کے توبہ کرنے سے مثل ایمان کے نکاح عود کر آتا ہے یا نہین عود کرتا تجدید نکاح کی ضرورت پڑتی ہی بینوا توجروا **ہوالمصوب جواب سوال اول** نکاح صحیح ہو گیا اور زید وطی کرنے سے بعد نکاح کے گنہگار نہین ہوا اور اب حاجت تجدید نکاح کی نہین ہی ردالمحتار مین ہے وصح نکاح حبلی من زنا عندہما وقال ابو یوسف لایصح والفتویٰ علی قولہما کما فی القہستانی انتہی اور درمختار مین ہے لو نکحہا الزانی حل لہ وطیہا اتفاقا انتہی **جواب سوال دوم** اوس عورت نے اگرچہ بوقت نکاح قبول نہ کیا لیکن جب شوہر کی مجامعت وخلوت پر بلا اکراہ راضی رہی وہ نکاح جائز ہو گیا بحرالرائق مین ہی لو خلا بہا برضاہا ہل یکون اجازۃ عندی ان ہذا اجازۃ انتہے اور ردالمحتار مین ہے التمکین من الوطے کالاقرار انتہے اور جب نکاح جائز ہوا بعد فوت شوہر کے اوسپر عدت واجب ہوئے اور قبل گذرنے ایام عدت کے جو اوسنے نکاح کرلیا وہ نکاح فاسد ہو گیا اب اس نکاح کا فسخ کرنا دونون پر اور شوہر ثانی کا ایسا لفظ کہنا جس سے مضمون ترک کا سمجھا جادے جیسے ترکتک یا خلیت سبیلک واجب ہی اور بعد اس فسخ کے عورت پر لازم ہے کہ عدت مثل عدت طلاق کے بیٹھے درمختار مین ہی ولکل واحد منہما فسخہ ودخل بہا اولا فی الاصح خروجا عن المعصیۃ بل یجب علے القاضے

وآنحضرت صلعم مع صحابہ براے حج بروز شنبہ تاریخ بست و پنجم ذیقعدہ از مدینہ روانہ شدند
ودر اثنای راہ ہلال ذی حجہ بتاریخ ۲۹ ذیقعدہ بروز چارشنبہ دیدہ شد پس اگر بحساب کمال
ذیقعدہ ہلال ذی حجہ بروز پنجشنبہ در مدینہ شدہ باشد غرہ بروز جمعہ قرار دادہ خواہد شد و بہ
تکمیل ذی حجہ غرۂ محرم بروز یکشنبہ و بہ تکمیل محرم غرہ صفر بروز سہ شنبہ و بہ تکمیل صفر غرہ ربیع
بروز پنجشنبہ خواہد شد وہذا وان کان نادر الوقوع لکنہ لیس بخارج عن حیز الامکان لیکن برین تقدیر
بروز چارشنبہ سلخ ام صفر خواہد بود نہ بست وہشتم صفر بالجملہ بودن بست وہشتم صفر روز چارشنبہ
وبودن دوازدہم ربیع روز دوشنبہ بوجہ من الوجوہ صحیح نمی تواند شد ودر تاریخ سعید محمد گازرونی
می نویسد ابتداء مرضہ فی اواخر صفر للیلتین بقیتا من صفر یوم الاربعاء وقیل للیلۃ وقیل فی
مفتتح الربیع الاول انتہے ودر تاریخ خمیس میگوید فی ہذہ السنۃ کانت سریۃ اسامۃ الی اہل ابنی
کانت یوم الاثنین لاربع لیال بقین من صفر فلما کان یوم الاربعاء بدا مرض رسول اللہ صلعم
وروی انہ ابتدأ بہ صداع فی اواخر صفر للیلتین بقیتا من صفر یوم الاربعاء وقیل للیلۃ وقیل
بل فی مفتتح الربیع الاول وفی الوفاء مرض لعشر بقین منہ وذکر الخطابی ان ابتداءہ یوم
الاثنین وقیل السبت وقیل الاربعاء قالہ الحاکم انتہے انتہی واختلافات برخدیا صفا ودع ما کدر عمل
کردن لازم ست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن
ذنبہ الجلی والخفی ؐ [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۵۲ استفتا مشتمل بر سہ سوال سوال اول

کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس صورت مین کہ زید سے ہندہ حاملہ ہوئی کہ بوجہ
حرام مگر چونکہ علم بالحمل زید کو نتھا لوگون کے پند ونصیحت سے دونون نے توبہ کرکے نکاح کر لیا پس
بحکم قرآن وحدیث خواہ قول مدلل فقہا نکاح صحیح ونافذ ہوا یا نہین یا صرف بموجب قول فقہا
صحیح ونافذ ہوا اور زید ہمیشہ بوجہ عدم علم بالحمل ہندہ سے جماع کرتا رہا اس صورت مین
زید صرف گنہگار رہا یا نکاح بھی باطل ہوگیا بر تقدیر صحت ونفوذ یا دونون امر ہوئے
یعنے گنہگار بھی ہوا اور نکاح بھی باطل ہوگیا اور یہ امر کہ حمل قبل نکاح کے وطی سے
مستقر ہوا بعد از وضع حمل شمار کرنے ایام سے معلوم ہوا او بر تقدیر علم بالحمل زید نے وطی کیا
تو کیا لازم آیا گناہ یا بطلان نکاح یا دونون بہر کیف اب زید ہندہ سے تجدید

[illegible]

اخرجتہ عن حیز الخیرۃ فہو فی ذلک معذور وغیر ملام و اما ارتکاب ہذہ الامور مع الاختیار فلا یجوزہ الشرع
ولا یرخص لہذہ الامور قال فی نصاب الاحتساب للسنامی الحنفی لا یجوز الرقص والسماع ومن اباحہ
من المشایخ فذلک للذین صارت حرکاتہ حرکات الارتعاش وانہ لیس لہ ایضاً فی الشرع رخصتہ
وذکر فی العوارف انہ لا یلیق بمنصب المشایخ الذین یقتدی بہم لانہ یشبہ اللہو انتہے وفی الامتاع
فی احکام السماع لجعفر بن ثعلب الادموی الشافعی ذہبت طائفۃ الی التفرقۃ بین ارباب
الاحوال الذین یقومون بوجد فیجوز لہم الرقص ویکرہ لغیرہم وہذا ما اوردہ الاستاذ ابو منصور
واشار الیہ القاضی حسین فی تعلیقہ والغزالی فی الاحیاء انتہے وفی تبعید الشیطان مختصر کتاب
ابن القیم الحنبلی المسمی باغاثۃ اللہفان عن مصائد الشیطان قال ابن عباس کانت قریش یطوفون
بالبیت عراۃ ویصفرون ویصفقون وقال مجاہد کانوا یعارضون النبی صلعم فی الطواف یصفرون
ویصفقون یخلطون علیہ طوافہ وصلاتہ فالمتقربون الی اللہ بالصفیر والتصفیق اشباہ النوع
الاول والمخلطون بہ علی اہل الصلوۃ والذکر والقراءۃ اشباہ النوع الثانی انتہے وفیہ ایضاً
لم یشرع اللہ التصفیق للرجال عند الحاجۃ فی الصلوۃ بل امروا بالعدول الی التسبیح فکیف اذا
فعلوہ لا لحاجۃ انتہے وفی الدرۃ المنیفۃ شرح الجواہر المنیفۃ والبزازیۃ ورد المحتار وغیرہا من کتب
الحنفیۃ الرقص والغناء الذی یفعلہ متصوفۃ زماننا عند الذکر حرام انتہے والکلام فی ہذا البحث
طویل مشروح فی کتب الفقہ والحدیث وفیما ذکرناہ کفایۃ لارباب البصیرۃ واللہ اعلم بالصواب
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبدالحی ابو الحسنات |

۲۵۵
استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین کہ ذات باری تعالے کو فقط عرش ہی پر سمجھے
یعنی موجود سمجھے یا مستقر سمجھے یا جو کچھ جانین اور ما سوا فوق العرش کوئی چیز کو مخلوقات
الٰہی سے بذات باری تعالے محیط نہ جاننا بلکہ یہ کہنا کہ فقط علم الٰہی ساری اشیا کو محیط ہے
اور ذات اوسکی فقط عرش ہی پر ہے اور دوسری جگہ نہین یہ عقیدہ اہل سنت کا ہی
یا نہین اور جو معتقد اس عقیدے کا ہو نماز پیچھے اوسکے ادا کرنا جائز ہی یا نہین و این ہم تحریر
فرمایند کہ ایشایان این عقیدہ را منسوب بحنابلہ می گویند فی الحقیقت عقائد حنابلہ ہمچنین ست
یا نہ **ہو المصوب** ذات پروردگار کو عرش پر سمجھنا بدون بیان کیفیت استوار اور اوسکے

التفریق بینهما وتجب العدة بعد الوطی لا الخلوة للطلاق لا للموت من وقت التفریق او متارکة الزوج انتہی

اور رد المحتار میں ہے تقدم فی باب المهر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدة وشمل له فی البحر بالتزوج بلا شهود ونکاح المعتدة انتہی ملخصا بعد تمام عدت کے پہر شوہر ثانی کو اختیار تجدید نکاح کا ہے اور عورت کو اب عدت موت شوہر اول کی بسبب تمادی ایام کے ضرورت نہین ہے جواب سوال سوم شرک وکفر منکوحہ سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے بعد توبہ وایمان کے تجدید نکاح لازم ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎ [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا سوال جو چیزین اپنی لڑکی کو جہیز مین دیتے ہین مستحق اونکا کون ہوگا شوہر یا اوسکے والدین -

ہو المصوب جس بلدہ مین یہہ عرف ہو کہ اشیا جہیز کی بطور تملیک کے دئے جاتے ہین نہ بطور عاریت کے جیسا کہ اکثر بلاد ہند مین وہان وہ چیزین ملک لڑکے کی ہونگی در مختار مین ہے

جهز ابنته ثم ادعی ان ما دفعه لها عارية وقالت هو تمليك او قال الزوج ذلك بعد موتها ليرث منه وقال الاب او ورثته بعد موته عارية فالمعتمد ان القول للزوج ولها اذا كان العرف مستمرا ان الاب يدفع مثله جهازا لا عارية انتہی پس اون چیزون کی مستحق وہ لڑکی ہوگی اور بعد وفات اوسکے جملہ ورثہ بر حسب حصص شرعیہ تقسیم ہوگی واللہ اعلم - حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتا سوال ما قولكم ايها العلماء المتورعون والمنصفون فی حق رجال عام او خاص يذكرون الله بارادة الوصول الی الحقيقة قياما وقعودا ويتواجدون ويهتزون ويرقصون فی حالة الذكر ويصفق رجل للاشارة او لتهييج الذكر هل يجوز هذا الفعل ام لا افتونا بالصواب واسقونا بالجواب توجروا بالاجرين وتكرموا فی الدارين

هو المصوب ذكر الله تعالی احسن علی كل حال وقد كان رسول الله صلی الله عليه وسلم يذكر الله فی كل احيانه اخرجه ابو داؤد وغيره وقال الله جل وعلا فی كتابه فی وصف اولی الالباب والمتفكرين فی خلق السموات والارض الذين يذكرون الله قياما وقعودا وعلی جنوبهم الآية لكن التواجد والاهتزاز والرقص مع التصفيق وامثال ذلك ان صدرت من الذاكر فی حالة الطرب والخروج عن حد الاختيار وغلبة الشوق فلا

باوجود عرش پر ہونے کے بذاتہ وعلمہ وقدرتہ سبکو محیط ہی اور سب سے قریب ہی اور سبکے ساتھ جیسا اوسکو لائق ہی بلاتشبیہ جیسا کہ آفتاب فلک چہارم پر ہی اور سبکے ساتھ ہی اور رب العالمین زمین وآسمان مین نہین ہو بلاتشبیہ جیسا کہ آفتاب زمین مین نہین ہی اور ساتھ ہی البتہ بعلمہ وقدرتہ سبکو ایک طرح برابر دیکھتا اور جانتا اور سنتا ہی اور جتنی صفتین اللہ تعالے کی کتاب وسنت مین ہین جیسے فوق العرش ہونا دیکھنا سننا جاننا اوترنا خوش ہونا غصہ ہاتھہ مونہہ نفس وغیرہ سب کے معنے معلوم اور کیفیت متشابہ ہے یعنے مثل فوقیت ویکھنے سننے جاننے اوترنے خوش ہونے غصہ ہونے ہاتہہ مونہہ نفس وغیرہ اوسکی مخلوقات کے نہین ہی بلکہ کیفیت اوسکی اللہ تعالی ہی جانتا ہی جیسے اللہ تعالے کی بیشک ایک ذات ہی مگر نہ مثل ذات مخلوقات کے اوسکے مناسب اوسکی سب صفتین ہین نہ مثل صفات مخلوقات کے اور جتنے صفات سے کتاب وسنت مین اللہ تعالے کی تنزیہ ہی اوس سے منزہ ہی غرض اثباتاً نفیاً پیروی کتاب وسنت کی ضرور ہی اور زیادتی وکمی موجب ضلالت ان دونون عقیدون مین موافقت اہل سنت والجماعت کے کس کا عقیدہ رکھتا ہی بینوا توجروا **ہو المصوب** اہل سنت کی راے اس باب مین مختلف ہی اگرچہ بعض مثل قول زید کے بہی لکہہ گئے ہین مگر صحیح ومذہب جمہور محققین وائمہ تبعین ومحدثین وغیرہم مثل قول عمرو کے ہی ابو شکور حنفی تمہید مین لکھتے ہین سئل مالک عن قولہ تعالے الرحمٰن علی العرش استوی کیف استوی فقال الاستواء غیر مجھول والکیف غیر معقول والایمان بہ واجب والسوال عنہ بدعۃ وما اراک الا ضالا فامر بہ فاخرجوہ فاذا ہو جہم بن صفوان وقال ابو مطیع البلخی سألت اباحنیفۃ فی من قال لا ادری این اللہ فقال ابو حنیفۃ انہ یکفر لانہ خالف النص واللہ یقول الرحمٰن علی العرش استوی اقروہا وآمنوا بہ فقال ابو مطیع کیف استوی قال آمنوا بہ کما جاء الجواب انتھے اور حکمت نبویہ مین ہی لہ ید ووجہ ونفس کما ذکر اللہ فی القرآن ولا یقال ان قدرتہ ہو یدہ لان فیہ ابطال الصفۃ وہو قول اہل القدر والاعتزال ولکن یدہ صفتہ بلا کیف انتھے اور سیر النبلاء مین ہی قال حرب الکرمانی قلت لاسحق بن راہویہ ما تقول فی قولہ تعالے ما یکون من نجوی ثلاثۃ الا ہو رابعہم کیف تقول فیہ قال حیث ما کنت فہو اقرب الیک من حبل الورید وہو بائن من خلقہ وابین شیٔ فی ذلک قولہ الرحمٰن علی العرش استوی انتھے اور بہی

علم کو محیط تمام عالم سمجھنا اور آیات معیت و قرب وغیرہ کو قرب و معیت علمی پر حمل کرنا مذہب اہل سنت کا ہی اور معتقد اس مذہب کے پیچھے نماز درست ہی بلا کراہت شرح حکمت نبویہ مین ہی نعتقد انہ علی العرش مستو علیہ استواء منزہا عن التمکن والاستقرار وانہ فوق العرش ومع ذلک ہو قریب من کل موجود وہو اقرب من حبل الورید ولا یماثل قربہ قرب الاجسام انتہے اور سیر النبلاء مین ہی قال اسحق ابن راہویہ اجمع اہل العلم علی انہ تعالی علی العرش استوی وہو یعلم کل شئ فی اسفل الارض السابعۃ انتہے اور جامع ترمذی مین بعد ذکر حدیث لو انکم دلیتم بحبل الی الارض السفلی لہبط علی اللہ ثم قرء رسول اللہ ﷺ ہُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاہِرُ وَالْبَاطِنُ وَہُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ مرقوم ہی قراۃ الآیۃ تدل علی انہ اراد لہبط علی اللہ علی علم اللہ وقدرتہ وسلطانہ وعلم اللہ فی کل مکان وہو علی العرش کما وصف نفسہ فی کتابہ انتہے اور یہ جو مشہور ہی کہ یہ مذہب حنابلہ کا ہی غلط ہے بلکہ یہ مذہب جمہور محققین حنفیہ و شافعیہ و حنابلہ و مالکیہ و محدثین وغیرہم کا ہی البتہ بعض حنابلہ استواء مع بیان الکیفیۃ کے قائل ہوگئے ہین اور استقرار پروردگار کو مثل استقرار مخلوقات کے سمجھتے ہین یہ مذہب مردود ہی والتفصیل یستدعی بسطا بسیطا وفیما ذکرناہ کفایۃ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

۲۵۹ **استفتا** زید کہتا ہی رب العالمین کی ذات پاک کو کسی جگہہ مین معین نہین کہہ سکتا کہ عرش پر ہی یا زمین پر یا آسمان مین اور اسکے خلاف عقیدہ کرنا خلاف عقیدہ اہل سنت ہی ذات پاک اوسکی بالکل مخلوقات کو اوسکے از عرش تا فرش محیط ہے اور یہی عقیدۂ اہل سنت ہی اور ہم نہین کہہ سکتے اس بات کو کہ رب العالمین یہان یا وہان کہان ہی کوئی جگہہ ہم اوسکی تعین نہین کہہ سکتے اور ہر مخلوقات کو از عرش تا فرش اور سب اشیا کو پروردگار کی ذات و علم کے ساتھہ نسبت واحد ہی البتہ کوئی سرفراز اور صفت سے اور کوئی دوسری صفت سے ممتاز ہی اتنا فرق ہی اور رب العالمین کی کوئی جہت معین ٹھہرا نہین سکتا اور احاطہ اور قرب اور معیت رب العالمین کی مین نہین کہہ سکتا کہ کیسی ہی اور اوسکے کیا معنے ہین اور کیا اوسکی مراد ہی فقط ایمان اسقدر ہے کہ جو کچھہ رب العالمین کا ارادہ ہی اوسی پر ایمان لائے اور یہی عقیدہ اہل سنت کا ہی اور عمرو یہ کہتا ہی ذات باری تعالے بلا کیفیت خاص کر عرش ہی پر ہو نہ مثل جسم کے اوپر جسم کے کیونکہ وہ جسم نہین ہے اور

باب العقائد

از آگرہ مرسلہ مولوی ابراہیم صاحب

جدا ہوگیا اور تفریق کرلی اور یون کہا ہندہ سے کہ یہ نکاح صحیح نہین ہوا بعد انقضای ایام عدت تجدید نکاح کرینگے تم سے جب حلال ہوگی تم ہم پر پھر اوسوقت سے تا گذرنے ایام عدت ہمیشہ جدا رہا عمرو نے ہندہ سے پھر جب ایام عدت کے گذر گئے تو تجدید نکاح کرلیا مگر عمرو کی تفریق کی عدت نہین بیٹھی ہندہ یہ نکاح صحیح ہوا یا نہین اور اس نکاح سے کئی لڑکے بھی ہین اب یہ لڑکے کیسے قرار دیے جاوینگے ولد الزنا یا غیر اسکے وبحکم قول حضرت علی رض فاذا انقضت عدتہا من الاول تزوجہا الآخران شاء معلوم ہوتا ہی کہ نکاح صحیح ہوگیا اور اولاد اوسکی ولد الزنا نہ قرار پاوے گی کیونکہ اس قول مین زوج ثانی کی تفریق کی عدت بیٹھنے کا حکم نہین ہی اور یہ قول خاص اسی مادہ مین ہی نقل کیا اسکو صاحب محلی شارح موطا نے ضمن مین شرح ثم لا یجتمعان الخ کے اور یہ عبارت متن موطا کی ہی اور قول حضرت عمر رض کا چنانچہ الفاظ عبارت متن و شرح کے بعینہ نقل کرکے ارسال خدمت کرتا ہون وہا ہذان قال عمر بن الخطاب ایما امرأۃ نکحت فی عدتہا فان کان زوجہا الذی تزوجہا لم یدخل بہا فرق بینہما ثم اعتدت بقیۃ عدتہا من زوجہا الاول ثم کان الآخر خاطبا من الخطاب وان کان دخل بہا فرق بینہما ثم اعتدت بقیۃ عدتہا من الاول ثم اعتدت من الآخر ثم لا یجتمعان ابدا قال وقال سعید بن المسیب لہا مہرہا بما استحل منہا انتہے عبارۃ المتن وعبارۃ المحلی ہکذا قولہ ثم لا یجتمعان ابدا زجرا لہ وسیاسۃ فی حقہما جزاء سرعۃ مبادرتہما الیہ قبل القضاء عدتہا وہذا مما تفرد بہ عمر وعامۃ اہل العلم علی انہ تحل لہ بعد الخروج عن العدۃ قال محمد وبلغنا ان عمر رجع عن ہذا القول الی قول علی ان الحسن بن عمارۃ عن الحکم بن عیینۃ عن مجاہد قال رجع عمر الی قول علی فی التی تزوج فی عدتہا وذلک ان عمر قال اذا دخل بہا فرق بینہما ولم یجتمعا ابدا واخذ صداقہا فجعلہا فی بیت المال فقال علی رض لہا صداقہا بما استحل من فرجہا فاذا انقضت عدتہا من الاول تزوجہا الآخران شاء فرجع عمر الی قول علی رض اب جو امر حضور کے نزدیک صاف صاف مدلل بہ برہان حق قرار پاوے ارشاد ہو کہ بموجب اوسکے تعمیل کیجاوے یعنی اگر یہ نکاح بھی ہندہ کا ساتھ عمرو کے جو بعد انقضای عدت کے شوہر اول سے بطور تجدید ہوا ہی صحیح ہو پھر اب تفریق کرائی جاوے اور اس تفریق کے عدت بیٹھے مثل طلاق کے بعد ازان تجدید نکاح کرائی جاوے اور صحیح ہوگئی ہو تجدید نکاح تو بدلائل ثابت فرماکر مع دستخط و مہر خود مرحمت فرمایئے کہ مین صاف صاف لوگون کو سمجھادون اور اس محنت کا اجر خدا سے لیجئے **ہو المصوب** عمرو کا متارکہ صحیح ہوگیا اور بعد گذرنے ایام عدت

اوسمین ہی قال السراج سمعت اسحق بن راہویہ یقول دخلت علی طاہر بن عبداللہ وعندہ منصور
ابن طلحہ فقال لی اتقول ان اللہ ینزل کل لیلۃ قلت نؤمن بہ اذا انت لاتؤمن ان لک ربا فی السماء
لاتحتاج ان تسالنی عن ہذا قلت ہذہ الصفات من الاستواء والنزول والاتیان قد صحت بالنصوص
ونقلہا الخلف عن السلف ولم یتعرضوا لہا بجحود لاتاویل بل انکروا علے من اول مع الاتفاق علے
انہا لاتشبہ نعوت المخلوقین وان اللہ لیس کمثلہ شئی انتہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁ [محمد عبدالحی ابوالحسنات] ۲۵۷ استفتا اطاعت
زوجہ کو شوہر کی کسقدر چاہیے اور اگر شوہر عورت کو منع کرے کہ تم اپنے پھوپھیرے
یا میرے بھائی کے سامنے نہو اور اوسکے والدین کہتے ہون کہ تم سبکے سامنے ہوا وسوقت
کسکی اطاعت کرے اور اگر زوجہ اپنے میکے گئی ہو اور وہان سے شوہر کے مکان پر آنی کا
قصد نکرے تو شوہر کو اختیار اوسکے لانے کا ہے یا نہین بینوا توجروا ؁ ہو المصوب
زوجہ کو اطاعت شوہر کی جمیع امور شرعیہ مین چاہیے شرح شرعۃ الاسلام مین ہے وعلیہا
ان تطیع زوجہا فے الامور الشرعیۃ ولو امرہا ان تنقل الحجر من جبل وان لاتخرج من بیتہ الا باذنہ
انتہے اور جب عورت میکے سے نہ آتی ہو تو اوسکو جبرا شوہر لاسکتا ہے اور شوہر کی
اطاعت درباب پردہ کے غیر محارم سے مقدم ہے رد المحتار مین ہے الذی ینبغی تحریرہ
ان یکون لہ منعہا عن کل عمل یؤدی الی تنقیص حقہ او ضررہ او الی خروجہا من بیتہ انتہی
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁
۲۵۸ استفتا ما قولکم مد ظلکم اندرین صورت کہ زید شوہر ہندہ نے وفات کیا ہندہ تین مہینے
کئی روز عدت مین رہی پھر کسی وجہ سے اوسی مدت عدت ہی مین ہندہ مذکورہ نے عمرو سے
عقد ثانی کر لیا عمرو بارہ تیرہ روز ساتھہ ہندہ کے خلوت مین رہا اور اوس سے وطی بھی واقع
ہوئی پس جب لوگ معترض ہوئے عمرو پر کہ تمنے اندر عدت کے نکاح کیا کیونکر صحیح ہوا ایسا نہ چاہیے
تفریق کر لو بعد گذرنے ایام عدت کے تجدید نکاح کر لینا پھر عمرو نے کسی اہل علم سے بھی دریافت
کیا تو یہی جواب دیا اوس اہل علم نے کہ تفریق کر لو بعد گذرنے مدت عدت کے تجدید نکاح ضرور
کر لینا پھر عمرو نے یہ بات سنتے ہی قاضی تو وہان نتہا کہ تفریق کراوے خود بخوف خدا ہندہ سے

فی کتاب الہبۃ

استفتا ۲۶۰ ہندہ واہبہ نے زر قرضہ مندرجہ دستاویز جسمین جائداد غیر منقولہ مستغرق ہے جو ذمگی زید و غیرہ چند دیونوں کے اوسکا یافتنی ہی بنام اپنے بیٹے بکر نابالغ مسلمان کے اس عبارت و مضمون سے ہبہ بلا عوض کیا کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز مذکورہ ہبہ کرتی ہون و دیدیتی ہون قبضہ اور استحقاق مالکانہ اپنا اوس جائداد سے اوٹھا لیا اور اپنی جانب سے ایک شخص غیر کو قوم ہنود سے سربراہ کار و ولی اوسکا مقرر کرکے اوسی دستاویز ہبہ نامہ مین ولی مذکور کو اختیار وصول زر مذکور کا اور اوسکے محاصل سے پرورش و تعلیم نابالغ کا دیا اور ہنوز زر مذکور وصول نہین ہے اور اوسی دستاویز مذکور مین یہ بھی لکھا کہ کاش پسر مذکور فوت ہو جاوے تو فیما بین چار دختران ہماری کے جو اوسوقت زندہ اور قائم رہین زر مذکور بحصۂ مساوی تقسیم ہوگا تو ایسی صورت مین دستاویز مذکور ہبہ نامہ متصور ہوگی یا وصیت نامہ اگر وصیت نامہ ہو تو وصیت بمقابلہ وارثکے جائز ہے یا ناجائز ہے اور اگر ہبہ نامہ ہو تو ایسے ہبہ سے واہبہ کو اختیار رجوع و عود کا حاصل ہو سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

الجواب وهو الموفق للصواب

جواب سے پہلے ایک امر کا گذارش کرنا ضرور ہی وہ یہ کہ چونکہ ہبہ شرعی عبارت ہی تملیک عین سے یعنی عین کا مالک کر دینا جیسا کہ تنویر الابصار مین ہے ہی تملیک العین مجاناً اور جیسا کہ درر مین ہے الہبۃ ہی تملیک العین بلا عوض علی ما نقلہ مولانا عبد الحی اللکنوی سلمہ اللہ العلی نے حاشیۃ الہدایۃ اور عین غیر دین ہی بنا برعلیہ تملیک دین قیاساً باطل اور ناجائز ہوگی لیکن اگر واہب دین موہوب لہ کو دین موہوب کے قبضہ کرنے پر مسلط کر دیوے اور موہوب لہ اوس دین پر قبضہ کر لیوے تو اس نظر سے کہ اب دین مذکور بعد قبضے کے عین ہو جاوے گا اور تملیک عین متحقق ہو جاوے گی تملیک مذکور استحساناً صحیح اور جائز ہو جاوے گی اور یہہ ایسا تصور کیا جاوے گا کہ گویا جب موہوب لہ نے دین مذکور پر قبضہ کر لیا اوسوقت واہبہ نے ہبہ کیا چنانچہ درمختار مین ہے واما تملیک الدین من غیر من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الی ہبۃ العین الخ اور رد المحتار مین ہے قولہ (واما تملیک الدین الخ) جواب عن سوال مقدر وہو ان تقییدہ بالعین مخرج لتملیک الدین من

شوہر اول کے جو اوسنے نکاح کر لیا قبل گذرنے ایام عدت تفریق کے وہ نکاح صحیح ہو گیا اسوجہ سے کہ عدت تفریق کی بہ نسبت دوسرے شخص کی واجب ہے نہ بہ نسبت اوسی شخص کے یعنے اگر بعد تفریق عمرو کے کوئی اور شخص چاہتا کہ اوس سے نکاح کرے اوسکو بدون گذرنے ایام عدت تفریق کے نکاح ناجائز تھا اور عمرو نے کہ صاحب تفریق ہی جب قبل گذرنے اون ایام کے نکاح کیا تو جائز ہو گیا اور اولاد اس نکاح کی اولاد حلال ہین ملا علی قاری شرح موطا امام محمد مین تحت قول حضرت علی رض کے فاذا انقضت عدتہا من الاول تزوجہا الآخر ان شاء کے لکھتے ہین اذ لا عدۃ ثانیۃ بالنسبۃ الیہ فان اراد ثالث ان یتزوجہا فلا یجوز حتے تخرج من عدۃ الثانی ایضا انتہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ ابو الحسنات محمد عبد الحی ۲۴۹

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ حجرہ مسجد جو صحن مین یعنی چبوترہ مسجد مین واقع ہی اور بہنگام نماز جماعت مصلے محاذی حجرہ مسجد کے کہڑی ہوتی ہی اوس حجرہ مین ایک شخص کاروبار تجارت کرتا ہی اور اکثر کفار و مشرک واسطے خرید و فروخت اسباب کے صحن مسجد مین ہو کر اوس حجرہ مین جایا کرتے ہین کیونکہ اوس حجرہ مین جانیکی اور کوئی راہ نہین علاوہ برین مسجد کا اسباب وغیرہ رکہنے کی سوای حجرہ کے اور کوئی جگہہ نہین ہی لہذا اسباب کی حفاظت بخوبی نہین ہو سکتی ہی یا کوئی مسافر خواہ طالب علم اوس مسجد مین آوے تو سوائے مسجد کے حجرہ مذکورہ مین بباعث رہنی اشیاء تجارت کے قیام نہین کر سکتا ہی پس ایسا فعل جائز ہی یا نہین ۔

ہو المصوب اگر وہ حجرہ داخل مسجد ہی تو اوسمین خرید و فروخت کرنا خصوصاً اسباب تجارت رکہنے کے ساتھہ مکروہ ہی در مختار مین ہی وکرہ کل عقد الا المعتکف بشرطہ انتہے رد المحتار مین ہی قولہ بشرطہ ہو ان لا یکون للتجارۃ بل یکون مایحتاجہ لنفسہ او عیالہ بدون احضار السلعۃ انتہے اور بہی در مختار مین باب الاعتکاف مین ہی وکرہ ای تحریما احضار مبیع فیہ کما کرہ فیہ مبایعۃ غیر المعتکف مطلقا للنہی انتہے رد المحتار مین ہے قولہ مطلقا ای سواء احتاج الیہ لنفسہ او عیالہ او کان للتجارۃ احضرہ او لا انتہے اور جامع ترمذی مین مروی ہی ان رسول اللہ صلعم نہی عن الشراء والبیع فے المسجد انتہے اور کفار کا مسجد مین داخل ہونا اگرچہ حنفیہ کے نزدیک درست ہی لیکن راستہ بنانا کسی جزء مسجد کو اور اوسمین آمد و رفت کرنا کاروبار دنیا کے واسطے نہین جائز ہی در مختار مین ہے وکرہ تحریما اتخاذہ طریقا لغیر عذر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

نقبضہ جازت الہبۃ استحسانا وان لم یاذن بالقبض لم یجز الخ اور محیط مین ہے واما ہبۃ ما علی الناس فہو ہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین وہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین اذا سلطہ علی القبض وقبض صحیحۃ استحسانا اور فصول عمادیہ مین ہی ذکر فی الصغری فی کتاب الہبۃ ہبۃ الدین من علیہ الدین لا یصح الا اذا وہبہ واذن لہ بالقبض فقبضہ جاز وذکر فی العدۃ وان لم یامر بالقبض لا یجوز ولو البنت لو وہبت مہرہا من ابیہا ان امرتہ بالقبض جاز الخ اور فتاوی قاضی خان مین ہے امرأۃ لہا مہر علی زوجہا وہبت المہر لابنہا الصغیر الذی من ہذا الزوج الصحیح انہ لا یصح ہذہ الہبۃ لان ہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین لا تجوز الا اذا وہبت وسلطت ولدہا علی القبض فتجوز ویصیر ملکا للولد اذا قبض الخ اگر یہہ کہا جاوے کہ واہب نے ایک شخص کو موہوب لہ یعنے بکر نابالغ کا ولی اپنی جانب سے مقرر کرکے اوس ولی کو دین موہوب کے قبضہ کرنے پر صراحۃً مسلط کیا اور حکم دیا ہی اور ولی مذکور کو قبضہ کرنے پر صراحۃً مسلط کرنا اور حکم دینا عین موہوب لہ یعنے نابالغ مذکور کو مسلط کرنا اور حکم دینا ہی پس شرط صحت وجواز ہبۂ مذکورہ کہ واہب کا موہوب لہ کو دین موہوب کے قبضہ کرنے پر مسلط کرنا ہی صورت مسئولہ مین متحقق ہوئی پس چاہیے کہ ہبۂ مذکورہ صحیح اور جائز ہو۔ تو جواب اوسکا اولا یہہ ہی کہ واہبہ نے جس شخص کو جن امور مین ولی نابالغ مذکور کا مقرر کیا ہی اون امور مین خود ہی ولایت نہین رکھتی ہی جیسا کہ آیندہ معلوم ہوگا تو اون امور مین دوسرے کو اپنی جانب سے کیونکر ولی مقرر کرسکتی ہی اور ثانیا یہہ کہ واہبہ نے جس شخص کو ولی موہوب لہ یعنے نابالغ مذکور کا مقرر کیا ہے وہ شخص ولی اوسکا نہین ہوسکتا دو وجہ سے ایک یہہ کہ وہ شخص قوم ہنود سے ہی اور ہندو شخص مسلمان لڑکے کا ولی نہین ہوسکتا اسلیے کہ کافر کو مسلمان پر ولایت نہین چنانچہ ہدایہ مین ہے ولا ولایۃ للکافر علی مسلم لقولہ تعالے وَلَن يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ولہذا لا تقبل شہادتہ ولا یتوارثان الخ اور نیز ہدایہ مین ہے لانہ لا شہادۃ للکافر علی المسلم الخ اور حاشیۂ مولانا آلہداد مین ہے قولہ لا شہادۃ للکافر الخ اذ لا ولایۃ لہ علیہ قال اللہ تعالے وَلَن يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا الخ اور نیز ہدایہ مین ہے وبخلاف شہادۃ الذمی علی المسلم لانہ لا ولایۃ لہ بالاضافۃ الیہ الخ اور فتاوی عالمگیری مین ہے ولا ولایۃ لصغیر ولا مجنون

غیر من علیہ الدین مع انہ ہبۃ فیخرج عن التعریف فاجاب بانہ یکون عیناً مآلاً فالمراد بالعین فی التعریف
ما کان عیناً حالاً او مآلاً الخ اور غایۃ الاوطار ترجمہ اردو درمختار مین ہے واما تملیک الدین من غیر
من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الی ہبۃ العین اور دین کی تملیک تو غیر
مدیون کو اگر صاحب دین نے اوسکو دین قبض کرنے کا امر کیا ہو تو ہبہ صحیح ہی بسبب
راجع ہونے ہبہ دین کے ہبہ عین کی طرف م یہہ جواب ہے اس سوال مقدر کا کہ ہبہ کی
تعریف مین تو تملیک عین داخل ہے تو چاہیے کہ دین مذکور کی تملیک کو ہبہ نکہیے اسکا
جواب شارح نے یون دیا کہ جب صاحب دین نے اوسکو قبض دین کا امر کیا اور اوسنے
دین پر قبضہ کیا تو دین عین ہو گیا تو تملیک عین متحقق ہو گئی آہ اور جب یہہ بات معلوم
ہو لی تو اب اصل سوال کا جواب لکھا جاتا ہی وھو ہذا ہبہ مذکورہ صورت مسئولہ مین
باطل اور ناجائز ہے اور دستاویز مذکور ہبہ نامہ نہین ہی اسلیے کہ ہبہ مذکورہ تملیک
دین ہی غیر مدیون کو اسواسطے کہ ہندہ واہبہ نے زر قرضہ مندرجہ دستاویز جو ذمگی مدیون
کے ہی اپنے بیٹے نابالغ کو ہبہ کیا ہی اور ایسی ہبہ کی صحیح اور جائز ہونیکے لیے یہ شرط ہی
کہ واہب موہوب لہ کو دین موہوبہ کے قبض کرنے پر صراحۃً مسلط کرے اور یہ شرط صورت
مسئولہ مین مفقود ہی بناءً علیہ ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے چنانچہ ایک عبارت درمختار
کی اسی مضمون کی گذر چکی آور نیز درمختار مین ہی تملیک الدین ممن لیس علیہ الدین باطل الا فی ثلث حوالۃ ووصیۃ
واذا سلطہ ای الملک غیر المدیون علی قبضہ ای الدین فیصح حینئذ الخ اور ردالمحتار مین ہی (قولہ ولا یجوز من غیرہ) اے
لا یجوز تملیک الدین من غیر من علیہ الدین الا اذا سلطہ علیہ واستثنی فی الاشباہ من ذلک ثلث صور الاولے اذا
سلطہ علی قبضہ فیکون وکیلاً قابضاً للموکل ثم لنفسہ الثانیۃ الحوالۃ الثالثۃ الوصیۃ الخ اور نیز درمختار مین ہی ومنہ
ما لو وہبت من ابنہا ما علی ابیہ فالمعتمد الصحۃ للتسلیط الخ وفی ردالمحتار (قولہ وما علی ابیہ) ای وامرتہ بالقبض
بزازیہ مدنی (قولہ للتسلیط) ای اذا سلطتہ علی القبض کما یشیر الیہ قولہ ومنہ الخ وفیہ ایضاً فقول الشارح للتسلیط
ای التسلیط صریحاً لا حکماً کما فہمہ السائحانی وغیرہ الخ اور نیز ردالمحتار مین ہی فی الخانیۃ وہبت المہر لابنہا الصغیر
الذی من ہذا الزوج الصحیح انہ لا تصح الہبۃ الا اذا سلطت ولدہا علی القبض فیجوز ویصیر ملکاً للولد اذا قبض
الخ اور نیز ردالمحتار مین ہے واما فی البحر عن المحیط ولو وہب دیناً لہ علی رجل وامرأۃ ان یقبضہ

ب چاہو اوسکا نام سربراہ کار رکھو یا اور کچھ رکھو نام بدل دینے سے حکم نہین بدل جاتا اور جب
تعریف ولی مذکور کی شخص مذکور پر صادق آئی تو اوسمین اسلام کا پایا جانا بھی شرط ہوا اور ہرگاہ
اسلام اوسمین مفقود ہے تو ولی نابالغ مذکور کا نہین ہوسکتا اور دوسری وجہ یہ ہے کہ واہبہ نے
شخص مذکور کو ولی فے المال ہے قرار دیا ہے اسلیے کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز مدیونون سے
وصول کرکے اوسمین تصرف کرنے اور اوسکے محاصل سے پرورش نابالغ کی کرنے کا بھی
اوسکو اختیار دیا ہے اور ولی مال مین چھہ ہی شخص ہوسکتے ہین اونکے سوا اور کسیکو
ولایت مال مین نہین ہوسکتی ایک باپ دوسرے اوسکا وصی تیسرے دادا
چوتھے اوسکا وصی پانچوین قاضی چھٹے اوسکا نائب اور شخص مذکور ان چھون سے نہین ہے
پس شخص مذکور ولی نابالغ مذکور کا نہین ہوسکتا اور اسی سے معلوم ہوا کہ واہبہ بھی کہ ماں
نابالغ مذکور کی ہے ولی مال مین نہین ہوسکتی درمختار مین ہے الولی فے النکاح لا
المال العصبۃ بنفسہ الخ اور ردالمحتار مین ہے (قولہ لا المال) فان الولی فیہ الاب ووصیہ
والجد ووصیہ والقاضی ونائبہ فقط الخ اور فصول عمادیہ مین ہے ذکر فے باب المصراۃ
من بیوع شرح الطحطاوی ان الولایۃ فے مال الصغیر الے الاب ووصیہ ثم الے وصی وصیہ فان
مات الاب ولم یوص الے احد فالولایۃ الے اب الاب ثم الے وصیہ ثم الے وصی وصیہ فان لم یکن
فالقاضی ومن نصبہ القاضی الخ اور نیز فصول عمادیہ مین ہے لیس لغیر الاب والجد ووصیہما
ولایۃ التصرف فے مال الصغیر الخ اور نیز اوسی مین ہے وللاب والجد ووصیہما اجارۃ
استفتا ما قولکم ایہا العلماء الکرام فی ہذہ المسائل - سادات صحیح النسب کا یوم القیامۃ متنفع بالنسب ہونا بادلۂ شرعیہ ثابت ہے یا نہین اور بتقدیر اول انتفاع سے کیا مراد ہے آیا وہ لوگ باوصف بی علم و بے عمل ہونے اور بحالت فسق وفجور بلا توبہ مرجانے کے بھی بوجہ انتساب الی النبی کے دخول نار سے مطلقا محفوظ رہین گے اور مواخذات اخرویہ سے مامون ہوجائینگے یا بعد دخول فی النار وسزا پانے معاصی کے بشفاعت محمدی صلعم مثل اور مومنین غیر سادات کے داخل بہشت ہوجائینگے اور [illegible] درمیان سادات اور دوسرے مومنین امت محمدیہ کے کیا فرق ہوگا کیونکہ بفحواے شفاعتی لاہل الکبائر من امتی جملہ مومنین تحت وعدہ شفاعت داخل ہین - کوئی شخص سادات سے بزوال ایمان وسوء خاتمہ مر سکتا ہے یا بی ایمان مرنا سادات کا بدلائل شرعیہ ونصوص احادیث ممتنع ہے اور اگر جائز ہے تو اوسکی دلیل کیا ہے - سواے سادات کے اور اقوام جو شرفا کہے جاتے ہین اور منتسب طرف صالح کے نسبا ونسبۃ ہین جیسے شیخ صدیقی وفاروقی وعثمانی وعلوی غیر فاطمی وہ لوگ باوصف محروم رہنے کے دولت علم وعمل سے اور بمتلا فسق وفجور رہنے اور بلا توبہ مرجانیکے صرف ببرکت صالح منتسب الیہم کے دخول نار وجملہ مواخذات اخرویہ سے محفوظ رہینگے یا بوجہ فاسق وفاجر ہونے کے سزاے اعمال پاوینگے اور نسبت الی الصالحین عاقبت مین اون لوگونکے کام نہ آئیگی سواے اقوام مذکورہ کے دوسرے اقوام جو بظاہر منتسب طرف کسی صالح کے نہین ہین جیسے افاغنہ ومغل ودیگر اقوام جو عرفا ارذال کہے جاتے ہین اونکے سلسلہ آبا مین اگر کوئی صالح وولی گذرا ہو تو بقیاس الی الشیوخ الصدیقی وغیرہم وہ لوگ بھی باوصف بے ایمان مرجانے یا بحالت فسق وفجور بلا توبہ دنیا سے رحلت کرینگے ببرکت اس صالح کے مواخذات اخرویہ سے مامون رہینگے یا نہین چونکہ یہ مسائل متنازع فیہا ہین اور منازعین اہل علم ہین جواب ہر شق سوالات کا مفصل ومبسوط بہ تقریر

ف تقریب النوادر
ماہ شعبان [illegible]

کیونکہ کلام اللہ مین جا بجا مصر پر اطلاق قریہ کا آیا ہے **قولہ** حالانکہ حدود فقہا راسپر صادق نہ تہی
مدینہ پر اگرچہ سب حدود صادق نہ تہے لیکن حد معتبر تو ضرور صادق ہے **قولہ** وہ بتصریح
ائمہ حدیث الخ یہ غلط ہے سب اسانید اوسکے ضعیف نہین بلکہ بعض صحیح بہی ہین **قولہ** وہ کب
صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کی رافع ہو الخ آطلاق نص یہان نہین ہے اجماعًا
قولہ اور حدیث موقوف سے الخ یہ حدیث اگرچہ قول علی رض ہے لیکن اصول مین ثابت
ہے کہ قول صحابی مالا یعقل بالرائے حکم مرفوع مین ہے اور واجب العمل ہے اور
کوئی حدیث مرفوع اسکی معارض نہین واللہ اعلم وعلمہ احکم

استفتا [۲۹۹]

ما قولکم فی حق من وطی بالنعم المباح اکلہا وادخل ذکرہ فی فرجہ وانزل وراٰہ عادلان مسلمان
ہل یجوز اکل البہیمۃ الموطورۃ ولبنہا بینوا توجروا **ہو المصوب** لا یحرم لحم البہیمۃ الماکول لحمہا بوطی
رجل بہا لکن یکرہ الانتفاع بہا حیًا ومیتًا وینبغی ذبحہا وقتلہا واحراقہا قال فی منح الغفار شرح
تنویر الابصار لمولفہ ولا حد بوطی بہیمۃ لانہ لیس فی معنی الزنا فی کونہ جنایۃ وفی وجود
الداعی الیہ لان الطبع السلیم ینفر عنہ والحامل علیہ نہایۃ السفہ او فرط الشبق الا انہ یعزر والذی
یروی انہ تذبح البہیمۃ وتحرق وذلک لقطع التحدث بہ ولیس بواجب قالوا ان کانت الدابۃ مما لا یوکل
لحمہا تذبح وتحرق کما ذکرنا وان کانت مما یوکل لحمہا تذبح ویوکل عند ابی حنیفۃ وقالا تحرق ہذہ ایضا
ہذا اذا کانت البہیمۃ للفاعل وان کانت لغیرہ کان لصاحبہا ان یدفع الیہ بالقیمۃ وفی تبیین الکنز
یطالب صاحبہا ان یدفعہا الیہ بالقیمۃ ثم تذبح ہکذا ذکروا ولا یعرف الا سماعًا فیحمل علیہ انتہی وفی
المجتبی ذبحت ویکرہ الانتفاع بہا حیاتہا وموتہا واطلق الطحاوی انہا اذا کانت لہ ذبحت ولم توکل
وعن ابی یوسف انہا لا تحرق اذا کانت توکل وکان ابو عبد اللہ الجرجانی یقول قول اصحابنا تذبح
وتحرق علی وجہ الاستحباب واتی ابن عمر برجل اتی بہیمۃ فلم یحدہ وامر بہا فاحرقت بالنار انتہی واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۳۰۰]

ما قولکم فی رجل یظن ان الاولیاء یعلمون ویسمعون نداء المنادی قریبًا وبعیدًا ویستمدہ بالفاظ
یقولہا الحاضر للحاضر وینذر بالانعام یقول نذرت لہ بینوا توجروا **ہو المصوب** ہذا رجل
فاسد العقید بل یخشی علیہ الکفر فان سماع الاولیاء النداء من بعید لیس بثابت والعلم الکلی بجمیع الجزئیات

کتاب الاکل والشرب

کتاب العقائد

امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر مین تفسیر اس آیت مین مرقوم ہے فان قیل ہذا مبنی علی عدم اعتبار
النسب ولیس کذلک فان للنسب اعتبار اعرفا وشرعا حتے لا یجوز تزویج الشریفۃ بالنبطی فنقول اذا
جاء الامر العظیم لا یبقی الامر الحقیر معتبرا وذلک فی الحس والشرع والعرف اما الحس فلان الکواکب
لا تری عند طلوع الشمس بجناح الذباب دوی ولا یسمع عند ما یکون رعد قوی واما فی العرف
فلان من جاء مع الملک لا یبقے لہ اعتبار ولا الیہ التفات اذا عرفت ہذا ففی الشرع کذلک
اذا جاء الشرف الدینی الالٰہی لا یبقی لامر ہناک اعتبار لا النسب ولا النسب الا ترے ان الکافر و
ان کان من اعلی الناس نسبا والمؤمن وان کان من ادونہم نسبا لا یقاس احدہما بالآخر
وکہذا یصلح للمناصب الدینیۃ کالقضاء والشہادۃ کل شریف ووضیع اذا کان دینا صالحا عالما
ولا یصلح لشئ منہا فاسق وان کان قرشی النسب وفارق النسب ولکن اذا اجتمع فی اثنین الدین
المتین واحدہما نسیب ترجح بالنسب عند الناس لا عند اللہ لان اللہ یقول وان لیس للانسان
الا ما سعی وشرف النسب لیس مکتسبا ولا یحصل بسعے انتہی اور محمد بن عبد الباقی زرقانی
شرح مواہب لدنیہ مین لکھتے ہین انما ینظر للاصل والنسب عند التحلی بالفضائل وما التخلی عن
الرذائل انتہی اور مسند احمد مین ابو نضرہ سے مروی ہے حدثنی من شہد خطبۃ النبی صلی علیہ وسلم بمنی
وہو علی بعیر یقول یا ایہا الناس ان ربکم واحد وان اباکم واحد لا فضل لعربی علی عجمی ولا
لاسود علی الاحمر الا بالتقوی خیرکم عند اللہ اتقاکم اور صحیح مسلم وغیرہ مین ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے
مروی ہے قال رسول اللہ صلعم من بطأ بہ عملہ لم یسرع بہ نسبہ اور ابن جریر وغیرہ نے روایت کی ہے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یسألکم عن احسابکم ولا عن انسابکم یوم القیمۃ
الا عن اعمالکم اکرمکم عند اللہ اتقاکم اور کتاب الادب المفرد مین بخاری نے ابو ہریرہ رض سے
روایت کی قال رسول اللہ صلعم ان اولیائی یوم القیامۃ المتقون وان کان نسب اقرب
من نسب اور معجم طبرانی مین حدیث معاذ مین مروی ہے لما بعثہ رسول اللہ صلعم الی الیمن
خرج معہ یوصیہ ثم التفت الی المدینۃ فقال ان ہؤلاء اہل بیتی یرون انہم اولی الناس
بی ولیس کذلک ان اولیائی المتقون من کانوا وحیث کانوا اور صحیح بخاری مین عمرو
بن العاص سے مروی ہے سمعت رسول اللہ صلعم یقول جہارا غیر سر ان آل ابی

واضح حاوی ادلہ ہر امر مندرج جواب و نقل عبارات معتبرات ارقام فرمایا جاوے فقط ہو المصوب
سادات کا بحالت فسق و فجور مرنے کے بلا توبہ دخول نار اور عذاب سے مطلقاً محفوظ رہنا بوجہ انتساب
الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یقین ہے بلکہ آثار اور اخبار سے اوسکے خلاف ثابت ہے نور الدین
علی سمہودی جواہر العقدین فی فضل الشرفین ذکر ما ینبغی لاہل البیت میں لکھتے ہیں الثالث
اجتناب کل قبیح شرعا فان القبیح من اہل ہذا البیت اقبح منہ من غیرہم و لہذا قال العباس لابنہ
عبداللہ کما فی تاریخ دمشق یا بنی ان الکذب لیس باحد من ہذہ الامۃ اقبح منہ بی و بک و باہل بیتک
یا بنی لا یکون شیٔ مما خلق احب الیک من طاعتہ ولا اکرہ الیک من معصیتہ فان اللہ ینفعک بذلک فی الدنیا
والآخرۃ قلت و اجماع ذلک کلہ ما جاء انہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصی باہل بیتہ بتقوی اللہ و لزوم طاعتہ
کما سبق فی الذکر الرابع و سبق فی اواخر التنبیہ الاول من الذکر السادس قول الحسن بن المثنی
وانی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین و واللہ انی لارجو ان یوتی المحسن منا اجرہ
مرتین انتہی اور روایت قرآنیہ یٰنِسَاءَ النَّبِیِّ مَنْ یَّاْتِ مِنْکُنَّ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ یُّضٰعَفْ لَہَا الْعَذَابُ
ضِعْفَیْنِ وَ کَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرًا وَمَنْ یَّقْنُتْ مِنْکُنَّ لِلّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِہَآ اَجْرَہَا
مَرَّتَیْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَہَا رِزْقًا کَرِیْمًا شاہد عدل اس امر پہ ہے کہ انتساب الی الصالح باعث تضاعف اجر
اعمال صالحہ کا اور تضاعف عذاب اعمال خبیثہ کا ہوتا ہے نہ یہ کہ مطلقاً اعمال خبیثہ مضر نہوں اور اصحاب
اعمال سیئہ صرف بوجہ انتساب الی الصالح کے ناجی ہو جاویں اسی وجہ سے حق جلشانہ نے ازواج
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر تضاعف عذاب کی بر تقدیر ارتکاب انکے فواحش کی دی اگر مطلق
انتساب الی النبی باعث نجات ہوتا یہ مضمون نازل نہوتا اور نسب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور نسب صدیقی
یا علوی یا نسب کسی اور صالح کا نفع دینا بروز قیامت باین معنی کہ اگر وہ شخص اعمال صالحہ کرے تو بہ نسبت
اپنے امثال کے درجہ زاید پاوے صحیح ہے یا یہ کہ وہ شخص جسکی طرف انتساب ہے بہ نسبت اور شخصوں کے
اسکی طرف زاید التفات کرے اور شفاعت کرے اور باین معنی کہ شخص منتسب باوجود اعمال قبیحہ کے
صرف بوجہ شرافت نسبیہ حق جلشانہ کے نزدیک مغفور ہو جاویگا اور باوجود اعمال سیئہ صرف
انتساب الی الصالح کے ذریعہ سے نزدیک حق تعالے کے مکرم ہوگا اور مطلقاً عذاب سے نجات پاکے
مرحوم ہوگا محض غلط ہے نص قرآنی اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اسکے غلط ہونے پر شاہد عدل ہے

اور حدیث ان الانساب تنقطع یوم القیامۃ غیر نسبی وسببی وصہری اخرجہ احمد و الطبرانی والحاکم
وغیرہم سے ہے چنانچہ تفسیر اسکی دوسری حدیث مین مروی ہے قال رسول اللہ ما بال اقوام
یزعمون ان قرابتی لا تنفع ان کل سبب ونسب منقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی وان رحمی
موصولۃ فی الدنیا والآخرۃ اخرجہ البزار وغیرہ اور ایسی دوسری روایت مفسر ہے قال
رسول اللہ ما بال رجال یزعمون ان رحم رسول اللہ صلعم لا ینفع قومہ یوم القیامۃ بلی وان
رحمی موصولۃ فی الدنیا والآخرۃ وانی ایہا الناس فرط لکم علی الحوض اخرجہ احمد والحاکم والبیہقی
وغیرہم الحاصل قرابت نبوی کو مطلقاً غیر نافع کہنا اور سادات وعامۂ مومنین کو من کل
الوجوہ مساوی سمجھنا تفریط ہے اور اوسکو ایسا نافع سمجھنا کہ باوجود ارتکاب فواحش صرف
انتساب الی النبی کو باعث استحقاق نجات جاننا افراط ہے وخیر الامور اوسطہا اس تفصیل سے
جواب سوال سوم وچہارم کا بھی معلوم ہوگیا حاجت تفصیل کی نہین ہے نسب نبوی صلعم کہ
جسکی نفع وبقا کی خبر اخبار مین وارد ہوئی جب بانفرادہ باعث نجات واکرمیت عند اللہ
بدون انضمام تقوے نہوا البتہ باعث استحقاق زائد شفاعت محمدیہ ہونا ثابت ہوا نسب صدیقی
یا علوی یا کسی اور ولی وصالح کا کیونکر بانفرادہ منشأ نجات ہو سکتا ہے اور جواب سوال
دوم کا یہ ہے کہ کسی سید کا مرنا بحالت سوء خاتمہ وزوال ایمان اسکا امتناع عقلاً و شرعاً
نہین ثابت ہے اور ہر سید کا مطلقاً عذاب جہنم سے نجات پا جانا اور ابتداءً جنت مین داخل
ہو جانا نصوص معتبرہ سے نہین ثابت ہے بلکہ عمومات قرآن اور احادیث اسکے خلاف پر دال ہین
باقی وہ حدیثین کہ اسعاف الراغبین وجواہر العقدین وغیرہ مین مذکور ہین کہ جنکا مفاد وملخص یہ ہی کہ اہل بیت
وسادات کے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاے نجات فرمائی اور پروردگار نے
وعدہ اس امر کا فرمایا کہ اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے اور اہل بیت پر عذاب نہوگا وہ سب عام مخصوص
البعض ہین اور محمول ہین اوپر صلحاء ومتقین کے یا صرف اولاد صلبی فاطمہ پر ابن عراق تنزیہ
الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ مین بعد ذکر حدیث ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ وذریتہا علی النار لکہتے ہین
ما یدل علی ان الحدیث لیس موضوعاً جزمنا عند ابن الجوزی انہ قال ان ثبت الحدیث فہو محمول علی ذریتہا
الذین ہم اولادہا خاصۃ فان الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ وعلی ذلک حملہ محمد بن علی بن موسی الرضا

فلان لیسوالی باولیاء انما ولیی اللہ وصالح المومنین ہذا لفظ مسلم اور بخاری نے اسقدر زائد
روایت کیا ہے لکن لہم رحم سابلہا ببلالہا یعنے اصلہا بالشفاعۃ اور اربعین طائی مین فضیل
بن مرزوق سے مروی ہے سمعت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب یقول لرجل ممن یغلوا
فیہم ویحکم احبونا للہ فان اطعنا اللہ فاحبونا وان عصینا اللہ فابغضونا فقال الرجل انکم لذو
قرابۃ من رسول اللہ ﷺ واہل بیتہ فقال ویحکم لو کان اللہ نافعا بقرابۃ من رسول اللہ ﷺ بغیر عمل
بطاعتہ لنفع بذلک من ہو اقرب الیہ منا اباہ وامہ وانی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب
ضعفین اور ہذہ الاخبار والآثار السمہودی فی مواضع متفرقۃ من الجواہر ان سب سے
یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجرد انتساب الی الرسول باعث مغفرت وکرامت کا نہین ہو سکتا ہی
جبتک کہ اوسکے ساتھ تقوے منضم نہو ہرگاہ نسب نبوی کا یہ حال معلوم ہوا نسب
صدیقی وغیرہ کا بدرجۂ اولی یہی حال ہوگا ہان نسب نبوی اسقدر مفید ہوگا کہ اولا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اولاد کی شفاعت فرما دینگے اور بہ نسبت عامۂ مومنین کے ابتداء
توجہ انکی طرف فرما دینگے جیسا کہ حدیث ابن عمرؓ سے قال رسول اللہ ﷺ اول من اشفع من
امتے اہل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش والانصار ثم من آمن بی واتبعنی
من اہل الیمن ثم سائر العرب ثم الاعاجم واول من اشفع لہ اولوا الفضل جو طبرانی نے
روایت کی ہے علی ما اوردہ السیوطی فی البدور السافرۃ فی احوال الآخرۃ ثابت ہی
وہذا ہو الفرق بین السادات وعامۃ المومنین فی باب الشفاعۃ لا ان السادات ناجون
مطلقا ولو کانوا فجارا ملا علی قاری کی رسالہ تحقیق الاحتساب فی تدقیق الانتساب مین تفسیر آیہ
فلا انساب بینہم یومئذ مین لکھتے ہین لم یرد ان الانساب تنقطع بل المراد ان احد المجرد النسب
لا ینفع لان مدار الدین یوم الجزاء علی التقوی انتہی اور یہی لکھتے ہین ثم اعلم ان مجرد
النسب بدون کسب الحسب وتعلم العلم والادب غیر معتبر فی المذہب انتہی اور یہی لکھتے ہین
فالمدار علی العلم والتقوی لا علی مجرد النسب المعتبر فی الدنیا دون العقبی انتہی
اور یہی معنے ہین بقاء نسب نبوی کے بروز قیامت جو مفاد حدیث کل نسب وسبب
منقطع یوم القیامۃ الا حسبی ونسبی اخرجہ البزار والطبرانی والبیہقی وابونعیم والحاکم وغیرہ

اگر کسی دختر نابالغ کا باپ جو ولی نابالغہ ہے فضول خرچ اور سفیہ ہو اور وہ جائداد نابالغہ کی برباد و ضائع کرتا ہو تو اس صورت مین نابالغہ کا شوہر یا کوئی اور قریب بمقابلہ باپ کے ولی جابر و مہتمم املاک نابالغہ شرعًا ہو سکتا ہے جو حفاظت جائداد نابالغہ کی کرے یا بمقابلہ باپ کے باوجودیکہ وہ مبذر ہے کوئی دوسرا شخص مہتمم اوسکی املاک کا نہین ہو سکتا ہے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی صورت مین کہ باپ مسرف و مبذر ہے حاکم وقت کو چاہیے کہ اوسکے قبضہ سے جائداد نکال کے کوئی وصی مقرر کر دے کہ وہ حفاظت جائداد کرے

تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے سے فی الولوالجیۃ والخلاصۃ لو کان الاب مبذرًا مستلفا مال ابنہ الصغیر فالقاضی ینصب وصیا وینزع مال ابنہ عن یدہ ویحفظہ انتہی واللہ اعلم ۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؂ استفتا بعض زنان ہند چون از قومہ بسجدہ میروند اول بتورک نشستہ پستر ہمان حالت تورک سجدہ میسازند وجمیع سجدات متورکانہ ادا میسازند ہر دو پا را بجانب راست کشیدہ بعض علمائی آن میکنند ومیگویند کہ نسوان عرب چنین نیکنند بلکہ در سجدہ پا را مثل مردان قائم و انگشتان را متوجہ بقبلہ میدارند وفعل نسوان ہند بلا دلیل است درین باب انچہ حق باشد بیان کردہ شود

ہو المصوب اصل این ست کہ از احادیث برای نسوان اختیار صورتیکہ برای ایشان ستر باشد ثابت است حافظ ابن حجر در تلخیص الحبیر می نویسند اخرج ابو داؤد فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ صلعم مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل ورواہ البیہقی بطریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک انتہی و در مسند الامام شرح مسند الامام لعلی القاری مذکور ست ابو حنیفۃ عن نافع عن ابن عمر انہ سئل کیف کان النساء یصلین علی عہد رسول اللہ صلعم فقال کن یتربعن ثم امرن ان یحتفزن ہو بالحاء المہملۃ والفاء والزاء ای النجمۃ ای یضممن اعضاء ہن بان یتورکن انتہی از ینجست فقہا در کتب خود فروع کثیرہ برای نسوان ذکر کردہ اند کہ دران شرکت مردان نیست منجملہ آن اینست کہ در سجدہ نصب قدمین مثل مردان نسازند در بحر الرائق می نویسد لا تنصب القدمین کما ذکرہ فی المجتبی انتہی و در جامع الرموز ست والمرأۃ تخفض ای

فقال هو خاص بالحسن والحسين والله اعلم ذروى العقيلي عن ابي كريب انه قال هذا للحسن والحسين ولمن اطاع الله منهم انتهى اور اس قسم كى حديثين جو فضائل اهلبيت مين وارد هين نظير انكى بهت سى احاديث صحاح ستہ وغیرہ مین مروی هین کہ چنین خاص خاص عمل صالح کے کرنے والے پر حکم وجبت له الجنة یا حرمت علیه النار یا فقد دخل الجنة یا فقد امن العذاب ونحو ذلک کا دیا گیا ہے چنانچہ ناظر کتب احادیث پر مخفی نہین ہے پس لازم آتا ہے کہ اصحاب اون اعمال صالحہ کے بھی اگرچہ سیکڑون کبائر کرین کبھی جہنم مین داخل نہون یا وہ لوگ سوء خاتمہ سے امن ہوجاوین اور بہ برکت اوس عمل صالح کے جو اونسے صادر ہوا یہ سمجھ لین کہ ہمکو خوف نہین خاتمہ خواہ مخواہ ہمارا بخیر ہوگا اور باقتضاء اوس حدیث کے ضرور ہمکو مغفرت ونجات حاصل ہوگی حاشا وکلا هذا لم یقل به احد من الفقهاء والمحدثين والعلماء المعتبرين كما لا يخفى على من طالع كتب الكلام والفقه والحديث فالجواب الجواب والله اعلم بالصواب حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ٭

استفتا زید نے واسطے رخصت کرانے اپنی زوجہ ہندہ کے عدالت مین نالش کی ہندہ جو بالغہ عاقلہ ہے وہ دو عذر پیش کرتی ہے اول یہ کہ زید ناقابل مقاربت یعنے عنین ہے ثانیا یہ کہ دین مہر معجل تا ابھی تک وہ ادا نہین ہوا ان وجوہ سے وہ اپنے شوہر کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے پس آیا وہ عورت شرعا مجبور کیجا سکتی ہے یا نہین بینوا توجروا ٭ **هو المصوب** اس صورت مین عذر دوم کا اعتبار کیا جاوے گا اور عورت تا ادائے مہر معجل اپنے گھر سے جانے پر مجبور نہ کیجاویگی در مختار مین ہے ولها منعه من الوطی ودواعيه والسفر بها ولو بعد وطی وخلوة رضيتهما لاخذ ما بين تعجيله من المهر كله او بعضه او اخذ قدر ما يعجل لمثلها عرفا به يفتى لان المعروف كالمشروط انتهى ملخصا اور طحطاوی حاشیہ در مختار مین ہے قوله والسفر الاولى التعبير بالاخراج كما عبر به في الكنز ليعم الاخراج من بيتها كما قاله شارحوه انتهى اور بحر رائق مین ہے اطلق المصنف الاخراج فيشمل الاخراج من بيتها ومن بلدها فليس له ذلك انتهى اور عذر اول مانع رخصت ہونے کا نہین ہے بلکہ مسئلہ نکاح عنین کا حکم دیا جاویگا والله اعلم حرره ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا الله عنه ٭

استفتا ماقولکم فی هذه المسئلة

کتاب الایمان

باب المہر

لو کانوا ببلدة لا حاکم فیہا صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة انتہی وذکر فی الحق

میونسید قولہ صاموا ای افتراضًا قولہ وافطروا عبارۃ غیرہ لاباس ان یفطروا والظاہر ان المراد بہ الوجوب

نفیًا انتہی ملخصًا بناءً علیہ درصورت سوال ہرگاہ مفتی فتوی افطار دادہ برتمام کسان افطار لازم شدہ

وادا ے نماز عید دران روز واجب گشتہ پس زید بروز اول اگر فتوے مفتی تسلیم نکردہ ونماز عید

برخود واجب نفہمیدہ امامت کردہ نماز مقتدیان کہ مودی نماز عید بودند بسبب اقتدای او فاسد

گشتہ وبال آن برذمۂ امام لازم گردیدہ واگر نماز عید واجب ادا کردہ اماتش بروز دوم مفسد

گردیدہ واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

استفتا ۳۰۳ کیا فرماتے ہین علماے شریعت محمدیہ اس صورت مین کہ قصبۂ دیوبند مین پانچ

آدمیون نے ہلال رمضان شریف کو جمعہ کے روز کہ جسکا انتیس۲۹ تاریخ ہونا بشہادت ایک مرد اور

خطوط مختلفہ اطراف وجوانب سے ثابت ہوچکا تہا باوجود موجود ہونے ابر کے دیکہا پہر اونہون

نے حاجی محمد انور صاحب کے پاس گواہی دی اور راونہون نے اونکی شہادت کو قبول کیا اور اونکے

نزدیک اور حاجی عابد حسین صاحب کے نزدیک ہر دو گواہونکی عدالت بہی تحقیق تام کے ساتھ

ثابت ہوئی اور باقی مستور الحال پر بعد قبول ہوجانے گواہی کے شہر مین منادی حاجی عابد حسین

صاحب نے کروائی اور سب شہر والون نے ہفتہ کے روز روزہ رکہا اور کسی نے مخالفت

نکی پہر جب تیس۳۰ روزے پورے ہوچکے تو شام تک باوجودیکہ مطلع صاف تہا چاند نظر نہ آیا

ہمکو تو یون ہی لازم تہا کہ ہم عید کرتے چنانچہ عبارت در مختار وغیرہ کی اسپر شاہد ہے کہ بعد صوم

ثلثین بقول عدلین حل الفطر لیکن بعد صلوۃ مغرب کے چوبیس۲۴ آدمیون نے جو خارج مصر سے

چاند دیکہکر آئے اونہون نے روبرو مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب کے حاضر ہوکر گواہی دی

اور راونہون نے قبول کی اور شہر سے متعدد جگہہ سے خبرین آئین کہ فلانے مرد نے یا فلانی عورت نے

چاند کو دیکہا ہے اور فلانے مکان بلند پر دو آدمیون نے دیکہا ہے اگر جمع عظیم کا خیال ہو تو عبارت در مختار کی

یہ ملاحظہ فرمائیے وقبل بلا علة جمع عظیم یقع العلم بخبرہم وہو مفوض الی راے الامام من غیر

تقدیر بعدد علی المذہب وعن الامام انہ یکتفی بشاہدین واختارہ فی البحر وصحح فی الاقضیة الاکتفاء بواحد ان

جاء من خارج البلد او کان علی مکان مرتفع واختارہ ظہیر الدین انتہی ملخصا تو اوسوقت

توقع الخفض المعهود فلاتنصب اصابع القدمین ولاتبدی الضبعین الخ پس نه قائم کردن زنان اینند هردو پا را وقت سجده موافق اقوال فقهاست و آما جلوس تورکی پس در هردو قعده تشهد اینها را تورک مسنون ست چنانکه حموی در حاشیهٔ اشباه می نویسد قوله وتتورک ای فی حال جلوسها للتشهد انتهی نه درمیان قومه و سجده والله اعلم ـ حرره ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا عنه

استفتا ۳۰۷ چه میفرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین که شخصی که امامت یک جماعت صلوة عید نموده باشد امامت جماعت دیگر بصلوة مذکور کردن میتواند یا نه خواه آن جماعت دیگر همون روز باشد یا بوجه کدامی امر بروز دیگر شود و همون مسجد یا مکان باشد یا جاے دیگر و بروز دیگر جماعت عید ادا نمودن جائز ست یا نه خصوص وقتیکه امام جماعت روز اولی و روز دوم هردو یک باشد بینوا توجروا

الجواب هو المصوب از مقررات فقهای حنفیه که در جمله کتب شان مسطور ست این ست که نماز عید واجب ست و این هم از مقررات ست که واجب و فرض که یکمرتبه ادا کرده باشد بار دیگر اگر ادا کرده شود آن نفل خواهد گشت و این هم مقرر ست که اقتدای مودی فرض و واجب خلف متنفل ناجائز ست و این هم ثابت ست که ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی مکروه است تفصیل این جمله امور در کتب فقه مثل درمختار و حواشی آن و بحر رائق و شرح منیه وغیره موجود ست بناءً علیه در صورت سوال امام جماعت اول هرگاه یک مرتبه نماز عید ادا کرده وجوب از ذمه اش ساقط گردیده پس امامت آن برای جماعت ثانیه جائز نخواهد شد چه مقتدیان جماعت ثانیه اگر صلوة عید واجب ادا میسازند نماز شان بسبب متنفل بودن امام غیر جائز و اگر نفل ادا میسازند ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی لازم خواهد شد و اگر بروز اول امام نیت نفل کرده همین دو فساد آنروز لازم خواهند آمد و بروز دوم نماز عید بعذر جائز ست اگر بروز عید ادا نشده باشد فاما ادای نماز عید دو روز پس جواز آن غیر ثابت والله اعلم ـ حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ۳۰۸ چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئله که زید امامت نماز عید در مسجد محله بجماعتی نموده که منع فتوای مفتی شرع بود جماعتی که از حکم مفتی شرع خلاف ورزیده روز دوم بمکان امیری نماز عید ادا نمود و زید مذکور حسب ایمای مقتدیان دران هم امامت نمود و امام و مقتدیان نیت روز اول نمودند خواه نیت روز دوم پس این امامت جائز ست یا نه و نماز هر دو یوم صحیح شد یا نه بینوا توجروا

الجواب هو المصوب در درمختار می نویسد

[illegible]

[illegible]

مطلع صاف تہا کسیطرحکی کدورت نہ تہی ہلال شوال وہان کسی جگہہ کسیکو نظر نہ آیا مگر جس محلہ کے آدمیون نے
ہلال رمضان کی شہادت دی تہی اوسی محلہ کے لوگون نے کہ جو بیس ۲۰ شخص ستہے اگر شہادت رویت
ہلال شوال کی دی مفتی نے حکم افطار کا دیا اور عید الفطر کی گئی مگر دو سو آدمیون نے اونکی
شہادت کو قابل سند نہ جانکر اوس روز تراویح بہی پڑہی اور روزہ بہی رکہا دوسرے دن کہ سب
شہر مین عید تہی اونہون نے بہی عید کی اب ان لوگون کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ کافر یا منکر
کہلا سکتے ہین یا نہین اور وہ اس عمل سے ایسے ہوگئے کہ اون سے ترک سلام علیک کیا جاوے
اور مصافحہ اونسے چہوڑا جاوے یا نہین اور عید پیر کے روز کی صحیح تہی یا منگل کی اور ایک شخص
ایسا ہے کہ اول روز سب کے ساتہہ افطار اور عید کر چکا تہا مگر جبکہ اوسکو یہ خبر معتبر ملی کہ اوس روز
کسی جگہہ پر عید نہین ہوئی فقط اوسی شہر مین ہوئی ہے تو اوسنے دوسرے روز بنظر احتیاط
دوسرے دنکی عید مین جاکر نماز پڑہ لی اب اوس شخص کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ اس عمل سے
کافر یا منافق کہلا سکتا ہے یا نہین اور اوسکے پیچہے نماز جائز ہوگی یا نہین۔ اور جو لوگ اول روز
افطار کر چکے ہین اونپر چونکہ سب جگہہ اوسروز روزہ تہا قضا اوس روزہ کی آوے گی یا نہین۔ بینوا توجروا

ہو المصوب ہرگاہ مفتی نے شہادت ہلال رمضان وہلال شوال کو قبول کر کے حکم صوم
وافطار کا دیا سب لوگونکو اوسکی تعمیل لازم وواجب ہوگی درمختار مین ہے لو کانوا ببلدة لا حاکم
فیہا صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة انتہی اور رد المحتار مین ہے
قوله صاموا ای افتراضا قوله وافطروا عبارة غیره لا باس بالفطر ان المراد به الوجوب انتہی بنا علیہ جن
لوگون نے باوجود گذرنے شہادت وحکم مفتی کے افطار نہ کیا اور دوسرے دن عید کی وہ گنہگار
ہوئے اونپر توبہ لازم ہے مگر اس سے وہ کافر نہین ہوگئے اور دوسرے دن جسنے نماز پڑہی
باوجودیکہ اول روز پڑہ چکا تہا اوسنے فعل جہالت وحماقت کا کیا کیونکہ دوسرے دن نماز عید نہین چاہیے
مگر جبکہ اول روز کسی وجہ سے نہ پڑہی گئی ہو اور فقط یہ بنا کہ اوس روز کسی جگہہ عید نہین ہوئی بعد گذرنے
شہادت وحکم مفتی کے غیر معتبر و لغو ہے اور جن لوگون نے بربنائے حکم مفتی افطار کیا اونپر قضا اوس روز کی
کہ اور مقامات مین وہان روزہ تہا نہین لازم ہے بلکہ اونپر بہی لازم تہا جو اونہون نے کیا کسی جگہ عید نہونا مستلزم
اسکو نہین کہ جہان شہادت گذر جاوے وہان بہی عید نہوونے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی

مولانا صاحب موصوف نے مجمع عظیم مین بلند آواز سے پکار کر فرمایا کہ ہمکو اس گواہی سے
یقین حاصل ہوگیا ہے اور کل نماز عید کی ضرور ہوگی اور اگر بالفرض یہ گواہ بھی نہوتے
تو ہمکو کل عید کرنے مین کچھہ نقصان اور ملامت نہ تھی اسوقت یہ سب کتابین فقہ کی موجود مین جن
صاحب کو کچھہ شک وشبہہ ہو نکال لین اوسوقت سب نے حکم کو تسلیم کیا اور کسی نے چون وچرا
نکی اور منادی بھی کی گئی اور صبح کے وقت مختلف قصبات اور دیہات سے بھی چاند دیکھنے کی
خبرین آئین اور نماز عید کی پڑہی گئی مگر چند آدمیون نے انکار کیا اور شریک نہوے دوسرے روز
مولوی عبد الحق صاحب جو ہمارے ساتھہ روزے کے افطار کرنے اور صلوۃ عید کے پڑہنے
مین شریک تھے اونکو مخالفین نے امامت کے لیے طلب کیا وہ فوراً اونکے ساتھہ روانہ
ہوے اتفاقاً وہان ایک شخص اور آگئے امامت اونکے کی لیکن خطبہ صلوۃ عید کے لیے
مولوی عبد الحق صاحب نے پڑہا لہذا آپ سب صاحبون کی خدمت شریف مین عرض ہے
کہ سوقع ملامت ہم ہین یا وہ غلطی ہمسے ہوئی یا اونسے یہ منافقانہ چال اونسے ہوئی
یا ہمسے اگر اونسے غلطی ہوئی ہو تو اسپر مہر کرنا وہ ہمارے حکم کو غلط کہتے ہین اور اگر ہمسے
قصور ہوا ہے اور غلطی ہوئی تو مطلع کرنا جزاکم اللہ خیر جزا اور اگر ہم الحب للہ البغض للہ کا خیال
کرکے کچھہ تھوڑا سا اون سے اعتراض کرین تو بھی ہے یا نہین ہو المصوب باہر ضوابط
شرعیہ وو اقف کتب فقہیہ پر مخفی نہین ہے کہ اسصورت مین خطا مخالفین سے ہوئی اور
قابل ملامت وہی لوگ ہین بلکہ بسبب نہ تسلیم کرنے شہادت وحکم مفتی ثقہ کے گناہ اونپر لازم ہے
مناسب ہے کہ اونکی تفہیم بطور مناسب کیجاوے اور اون کے شبہات رکیکہ کا دفع کر دیاجاوے
اور اگر وہ نہ تسلیم کرین تو مقتضاے قول حق جل شانہ یہ عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ
کا مصداق اوسکا بھی زمانہ پر جہالت وفتن ہے اور مضمون حدیث دع عنک امر العوام پر
عمل کیاجاوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین محمدی صلعم اس مسئلہ مین کہ ایک شہر مین ۲۸ شعبان کو کہ بعض
جگہہ کے ایک خط سے اوس روز وہان ۲۹ کا بھی خیال تھا چند شخصون نے اگر شہادت رویت ہلال
رمضان شریف کی دی مفتی نے شہادت قبول فرماکر حکم روزہ کا دیا جبکہ تیس روزے پورے ہوچکے اور اوس

مسئلہ ماہ رمضان کے چاند کی شہادت تاریخ ۲۸ شعبان کو ہوئی ہو اور ۲۹ تاریخ بعض جگہ کے خط سے

بموجب فتاوی عالمگیری و شامی و ہدایہ وغیرہ کے مبطل شفع ہے و بموجب کتب مذکورہ کے یہ بھی عذر ضعیف
کرتی ہے کہ چونکہ طلب استشہاد خود بقول شفیع بہ توقف عمل مین آئی لہذا وہ بھی مبطل شفع ہی بنا بران سوال
یہ ہے کہ آیا طلب مواثبت و استشہاد موافق شرع شریف مذہب حنفیہ کے منجانب شفیع کے عمل مین آئی ہی
یا نہین یا کہ اعتراضات مظہرہ مشتری صحیح ہین اور وارد ہوتے ہین بینوا توجروا ھُوَ المصوب عذر اول کہ
شفیع نے دونون طلب کے وقت حاضرین کو گواہ نہین بنایا غیر معتبر ہے اسوجہ سے کہ گواہ بنانا طلب مواثبت
مین لازم نہین ہدایہ مین ہے والاشہاد فیہ لیس بلازم و انما ہو لنفی التجاحد انتہی اور بنایہ حاشیہ
ہدایہ مین ہے و ذلک لان طلب المواثبۃ لیس لاثبات الحق وانما شرط ہذا الطلب لیعلم انہ غیر معرض
عن الشفعۃ و غیر راض بجواز ہذا الدخیل والاشہاد لیس بشرط فیہ انتہی اور غنایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے
الاشہاد فی ذلک لیس بشرط انتہی اور درمختار کے باب طلب الشفعہ مین ہے الاشہاد فیہ لیس بلازم
بل لمخافۃ الجحود انتہی اور طلب اشہاد مین جو بعد طلب مواثبت کے بائع یا مشتری یا نفس شئے مبیع کے
پاس ضرور ہے اگرچہ ظاہر ہدایہ اور بہت کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ گواہ بنانا ضرور ہے
مگر معتبر یہ ہے کہ اس طلب مین بھی ضرور نہین ہے رد المحتار حاشیہ در المختار مین ہے اقول
ظاہر عبارتہم لزوم الاشہاد فیہ لکن رأیت فی الخانیۃ انما سمی الثانی طلب الاشہاد لا لان الاشہاد
شرط لیمکنہ اثبات الطلب عند جحود الخصم انتہی اور نتائج الافکار حاشیہ ہدایہ مین ہے یمکن ان یمنع
لزوم الاشہاد فی طلب التقریر یعنی طلب الاشہاد ایضا بناء علی ما ذکرہ قاضیخان فی فتاواہ حیث قال و انما
یسمی الثانی طلب الاشہاد لا لان الاشہاد شرط بل لیمکنہ اثبات الطلب عند جحود الخصم انتہی فانہ یدل علی
ان الاشہاد فی طلب التقریر لیس بلازم بل انما ہو لنفی التجاحد کما فی طلب المواثبۃ وبناء علی ما ذکرہ
صاحب الہدایہ حیث قال و اما الاشہاد علی ہذا الطلب فلیس بشرط و انما ہو لتوثقہ علی تقدیر الانکار
کما فی طلب الاول انتہی اور عذر دوم اسوجہ سے غیر معتبر ہی کہ طلب اشہاد مین اسیقدر ضرور ہی کہ یہ طلب
بائع کے پاس ہو یا مشتری کے پاس یا شئے مبیعہ کے پاس عام ازینکہ بائع یا مشتری ذو الید ہو یا نہو اور
ذو الید کو چھوڑ کے غیر ذو الید کے پاس طلب کرنا مبطل شفع نہین ہی رد المحتار مین باب ما یبطل الشفعۃ مین ہی
تقدم انہ یصح الاشہاد علی المشتری وان لم یکن العقار فی یدہ وکذا علی البائع وان لم تکن الدار فی یدہ استحسانا
کما ذکرہ شیخ الاسلام انتہی و فتاوی عالمگیریہ مین ہی ان کان المبیع فی ید المشتری ذکر الکرخی فی النوادر انہ لا یصح

کتاب الشفعۃ

۳۰۹ استفتا کیا فرماتے ہین علماے ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی
دین و مفتیان شرع متین اس صورت مین کہ ہندہ نے منجملہ چند مکانات مشترکہ چند اشخاص کے
حصہ ایک شریک کا بذریعہ بیعنامہ کے خرید کیا ہے اور دعوی شفیع کا بر بناے شرع شریف
منجانب دیگر شرکا کے دائر ہوا ہے مابین فریقین بابت تعمیل مراتب مواثبت و استشہاد کے
بحث ہے طرف سے شفیع کے طلب مواثبت و استشہاد اسطور پر ظاہر کی گئی ہے کہ
نو بجے دن کو وقت علم بیع کے روبرو اون اشخاص کے کہ جو رشتہ دار شفیع کے ہین اور
جن سے علم بیع کا ہوا شفیع نے کہا کہ حق ہمارا ہے ہم لیوینگے بعد اوسکے شفیع نے بغرض لینے
روپیہ کے کوٹھی پر مہاجن کی اونہین اشخاص کو روانہ کیا چنانچہ وہ روپیہ لاے اور قریب دوپہر
پاس بائع کے ایک گانوئین جہان بائع مسکن پذیر تہا گئے اور مکانات مشفوعہ شہر مین واقع ہین اور
مابین شہر مذکور اور گاؤن مسکن بائع کے دریا حائل ہے اور وہ شہر سے بفاصلہ ایک کوس
کے ہے اور بائع قابض جائداد مشفوعہ نہین تہا اور مشتریہ متصل مسکن شفیع کے شہر مین منجملہ مکانات
مشفوعہ کے ایک مکان مین قبل بیعداری سے موجود تھی جب وہ لوگ پاس بائع کے گئے تو بائع
کہا کہ شفیع نے کہا ہے کہ حق ہمارا ہے ہمکو دو تب بائع نے کہا کہ ہم بیع کر چکے مشتریہ کے پاس
روپیہ لیجاؤ بعد اوسکے وہ لوگ قریب شام کے پاس شوہر مشتریہ کے آئے اور کہا کہ شفیع
اپنا حق لینے کو مستعد ہے روپیہ بہیجا ہے تب شوہر مشتریہ نے گھر مین جاکر دہر باہر اگر
کہا کہ مکان ہمنے رہنے کو لیا ہے بیچنے کو نہین لیا ہے اور شفیع بوقت علم کے ایک دفعہ
مکانین منجملہ مکانات مشفوعہ کے موجود تہا اب شفیع یہ استدلال پیش کرتا ہے کہ طلب مواثبت
و استشہاد کی موافق شرع شریف کے ہوگئی ہر وہ مشتریہ یہ اعتراض کرتی ہر کہ طلب مواثبت
و استشہاد موافق شرع شریف کے عمل مین نہین آئی ہے کیونکہ وہ لوگ جن سے علم بیع کا شفیع کو
حاصل ہوا تہا بقول شفیع اوسوقت موجود تہے شفیع نے اوسکو چھوڑ کر طلب استشہاد بقول خود
بائع غیر ذی ید سے جو ایک گانوئین شہر سے بفاصلہ ایک کوس کے رہتا تہا کی و طلب مواثبت و استشہاد
مظہرہ اپنے مین شفیع نے حدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نہین کیا ہے پس قریب کو چھوڑ کر بعید سے
استشہاد کرنا و بصورت موجود ہونے گواہ کے اپنی طلب پر گواہ نکرنا و حدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نکرنا

تو کچھ حرج نہین اسوجہ سے کہ ثبوت ہلال عید نصاب شہادت سے ہوجاوے گا اور باقی ناس کا قول مؤید و معین سمجھا جاوے گا جواب سوال سوم و چہارم اس باب مین صرف خبر تار یا تحریر خطی کافی نہین جبتک کہ بطور کتاب القاضی الی القاضی کی تحریر نہ پہونچے قاعدہ الخط یشبہ الخط کا مشہور ہے اور درمختار مین مذکور ہے فیلزم اہل المشرق برویۃ اہل المغرب اذا ثبت عندہم رویۃ اولئک بطریق موجب انتہی ردالمحتار مین ہے کان یتحمل اثنان الشہادۃ او یشہدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی جواب سوال پنجم افطار کرنا درست ہوگا اسوجہ سے کہ توپ مین چلنا موافق عادت شایعہ کے موجب ظن غالب ہونے کے ہے اور غلبہ ظن عمل کیواسطے کافی ہے اسوجہ سے ایسی علامات سے روزہ رکھنا لازم ہو جاتا ہے ردالمحتار مین ہے قلت والظاہر انہ یلزم اہل القری الصوم بسماع المدافع او رویۃ القنادیل من المصر لانہ علامۃ ظاہرۃ تفید غلبۃ الظن وغلبۃ الظن حجۃ موجبۃ للعمل کما صرحوا بہ انتہی جواب سوال ششم اگر دو شخص نے آکے گواہی اس امر کی دی کہ شہر مین قاضی کے سامنے گواہی معتبر رویت کی گذری اور اوسپر قاضی نے حکم دیدیا تو اس شہادت کے موافق اہل قری کو عمل کرنا چاہیے یا یہ کہ خبر مشہور ہوگئی اسطرحپر کہ بہت سے لوگ آئے اور انہون نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہو لیا اور اگر صرف دو ایک شخص نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہو گیا اور اپنی رویت نہین ذکر کی تو اوسپر اعتماد نہین چاہیے درمختار مین ہے شہدوا انہ شہد عند قاضی مصر کذا شاہدان برویۃ الہلال فی لیلۃ کذا وقضی القاضی بہ جاز لہذا القاضی ان یحکم بشہادتہما لان قضاء القاضی حجۃ وقد شہدا بہ لا لو شہدوا برویۃ غیرہم لانہ حکایۃ نعم لو استفاض الخبر فی البلدۃ الاخری لزمہم علی الصحیح من المذہب جواب سوال ہفتم یہ لفظ حدیث نہین ہے بلکہ کسی کا قول ہے علماے حنفیہ اس امر مین مختلف ہین بعض کے نزدیک اختلاف مطالع غیر معتبر ہے مطلقا اور بعض کے نزدیک معتبر ہے اور تیسرا مذہب معتمد یہ ہے کہ جن دو مقامون مین ایک مہینہ کی مسافت ہو ایسے مقامونمین ایک جگہہ کی رویت دوسری جگہہ لازم ہوگی اور اس سے کم مین حکم ایک مقام کا دوسرے مقام پر لازم ہوگا فتاوی تاتارخانیہ مین ہے اہل بلدۃ اذا راوا الہلال ہل یلزم فی حق کل بلدۃ اختلفوا فیہ فبعضہم قالوا لا یلزمہ فانما المعتبر فی حق اہل بلدۃ رویتہم وفی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع وقال القدوری ان کان بین البلدتین تفاوت لا یختلف بہ المطالع یلزمہ وذکر الحلوانی انہ صحیح من مذہب اصحابنا انتہی اور جامع الرموز مین ہے

مقبول ہے اور اگر دو سے زیادہ ہون اور زیادہ لوگون کو رویت ہو تو بھی اون سب
مین عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو کتنے اشخاص ہونا چاہیے اور مطلع صاف ہونے پر
تو شہادت جمع کثیر کی چاہیے کہ اقل درجہ پچاس آدمی ہین مگر حالت غیم وغبار مین اگر تین آدمی سے
لیکر دس آدمی تک کو رویت ہو تو بھی عدالت ضرور ہے یا محض اسلام بس ہی ۳؎ اگر ایک شہر مین
رویت ہلال رمضان کی شنبہ کو ہوئی اور دوسرے شہر مین یکشنبہ کو اور کسی نے اوس شہر مین اپنے کسی
دوست یا قریب کو خط لکھا کہ یہان رویت شنبہ کو ہوئی مگر مینے نہین دیکھا یا لکھا کہ مینے بھی دیکھا
اسصورتین اوسکی تحریر کے تمسک سے اس شہر والون پر روزہ لازم آتا ہے یا نہین اور
شہادت خطوط سے ثبوت رمضانیت ہو سکتی ہی یا نہین اگر ہو سکتی ہی تو خط عامی کا طرف عامی کے
یا خبر اخبار مطبوعہ کافی ہے یا کتاب القاضی الی القاضی ضرور ہے چونکہ کتاب القاضی الی القاضی
معاملات مین سوائے احدود و قصاص کے واسطے رفع حرج کے جواز رہے ہین شرط یا شروط
کہ دو گواہ اوپر کتابت اور مہر قاضی مرسل کے محکمہ مرسل الیہ مین مع خط مسجل کے حاضر آوین پس
شہادت نامہ ہلال کے ساتھ بھی دو گواہ بابت کتابت اور مہر قاضی مرسل الیہ کے محکمہ مین حاضر
ہونا شرط ہے یا محض خط متضمن رویت کا کافی ہے ۴؎ خبر تار برقی سے رمضانیت وعید
الفطر ثابت ہوتی ہی یا نہین ۵؎ شہر مین نماز عید الفطر کی مثلاً سہ شنبہ کو ہوئی اور توپین موافق
عادت کے چلین اور دیہات مین آواز سنائی دی گئی پس دیہات کے لوگون کو توپونکی
آواز پر روزہ افطار کرنے کا حکم ہے یا نہین ۶؎ اگر ایک شخص یا دو شخص نے دیہات مین
خبر دی کہ کل چاند عید الفطر کا بلدہ مین نظر آیا اور آج شہر مین عید ہی تو دیہاتیونکو اون کے
کہنے سے افطار کرنا چاہیے یا نہین یا کسی شخص نے کہا کہ شہر کے قاضی نے مجھے خبر کرنے کو
بھیجا ہے کہ آج عید ہے پس اوسکے قول پر عمل کرنا چاہیے یا نہین ۷؎ لکل اہل البلد رؤیتہم
اس حدیث پر عمل کرنا جائز ہی یا نہین بینوا توجروا ھو المصوب جواب سوال اول ظاہر کتب
فقہیہ سے معلوم ہوتا ہی کہ ثبوت رمضان مین عدالت غیر مشروط ہی صرف مستور کافی ہی خواہ ایک ہو
خواہ زیادہ اور زیادہ کی حالت ابر وغیرہ مین کوئی حد مقرر نہین۔ جواب سوال دوم عید کے چاند مین
حالت ابر وغبار مین صرف دو گواہ عادل ضرور ہین باقی اور زائد اگر ہون اور عادل نہ بھی ہون

حصۂ ترکہ سے کیا جاویگا اور انتظام اوسکے صرف کا اور حفاظت و انتظام مال کا متعلق ساتھ وصی
پدر یا وصی پدر پدر کے اگر پدر نے یا پدر پدر نے وصی کیا ہو متعلق رہیگا اور بر تقدیر فقدان وصی
اب و جد کے انتظام اوسکا تا زمانۂ بلوغ قاضی یا نائب قاضی کے ساتھ متعلق ہوگا اور بعد
بلوغ وہ مال اوسکے سپرد کردیا جاویگا واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط

استفتا ۳۱۲ چہ میفرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین
اندرین مسئلہ کہ زید بشرکت و اعانت ہفت کس عمرو را بآلۂ جارحہ عمداً قتل کرد و ورثای عمرو مقتول
پنج کس شہود معائنہ و اثبات پیش قاضی گذرانیدند شہود متفق اللفظ والمعنی ادای شہادت کردند
علاوہ برین قاضی نیز بر موقع قتل تشریف آوردہ از اہل محلہ و دیگر کسان تحقیقات فرمود غرض کہ
قتل کردن زید عمرو را بآلۂ جراحت از دست خود و ہمراہ و مددگار بودن دیگر کسان ثابت
گردید و زید مذکور پیش قاضی از قتل عمرو انکار کرد و گفت کہ ہمان روز تا آن وقت فلان جا بودم گواہان
نفی تواتر من سماعت فرمودہ شود و شرکاء زید نیز این چنین اظہار کردند این قول مدعاعلیہم قبول قاضی
نگردید و گواہان نفی سماعت نفرمود چنانچہ زید را بقصاص رسانید و ہمراہیان زید را حبس ہفت سال
و شش سال تجویز نمود باقی مدعاعلیہم محبوس از تجویز قاضی ناراض گردیدہ در محکمۂ دیگر درخواست
سماعت گواہان نفی تواتر نمودند پس درین حال کہ بوثوق شہادت پنج کس شہود معائنہ و اثبات قاضی
قصاص زید کنانید و سماعت گواہان نفی مدعاعلیہم نفرمود بعد قضای قاضی سماعت کردن گواہان
نفی تواتر بمقابلۂ این چنین گواہان معائنہ و اثبات کہ از شہادت آنہا قصاص زید گردیدہ عند الشرع
شریف قابل قبول است یا نہ **ہو المصوب** ہرگاہ قاضی اول بوثوق شہادت و معائنہ وغیرہ حکم قصاص
وغیرہ دادہ و تعمیل حکم آن ہم کردہ شدہ و مدعی علیہم قبل ازان بشہادت نفی متواتر کہ اظہار آن می سازند مرافعہ
نکردند پس اکنون قول ایشان غیر معتبر و شہادت شان غیر مقبول خواہد گشت باقتضای عبارت تنقیح الفتاوی
الحامدیہ در کتاب الدعوی فی الکافی فی کتاب الشہادۃ اذا تضمنت الشہادۃ نقض قضاء ترد انتہی واللہ
اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

سوال ۳۱۳ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور بعد نکاح کے
چھ مہینے تک ہندہ زید کے مکان پر رہی بعد اسکے بطیب خاطر میکے مین آئی پھر جتنی مرتبہ زید نے بلانے کیواسطے

اقل ما یختلف بہ المطالع شہرا انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ (محمد عبد الحی ابو الحسنات)

باب الولایۃ

مرسلہ مولوی محمد کفایت حسین صاحب بتاریخ ۱۰ ذیقعدہ روز دوشنبہ سنہ ۱۲۹۵ ہجری

استفتا مساۃ اشرف النساء نابالغہ نا کتخدا ہی اور ماں باپ بھائی بہن دادا دادی نانا نانی خالو خالہ پھوپھا پھوپھی اسکی نہیں ہیں مگر محمد حسین و احمد حسین دو ماموں حقیقی اور مساۃ صغری ایسی پھوپھی کہ جسکا دادا اور اشرف النساء مذکورہ کے باپ کا دادا باہم دونوں حقیقی بھائی تھے اور صغری مذکورہ کا پسر عزیز الدین جو اشرف النساء مذکورہ کی علاتی ہمشیر متوفی کا شوہر ہے اور اوسی علاتی ہمشیر متوفی کا پسر نابالغ محمد اسحاق اور چند عصبہ اشرف النساء مذکورہ کے یعنے جد الجد کے جد کی پوتی کے پسر موجود ہیں تو اس صورت میں اشرف النساء مذکورہ کے نکاح کا ولی کون ہے اور وہ ولی اگر نکاح اوسکا کسی بالغ یا نابالغ کے ساتھ پڑھ دے تو اشرف النساء مذکورہ کی پرورش اور اوسکے مال کی حفاظت و انتظام کس مدت تک کون کریگا وہی پھوپھی یا ماموں یا عصبہ مذکوران یا اشرف النساء مذکورہ کا بالغ شوہر یا عزیز الدین یا اور کوئی اور جب وہ مدت پرورش و حفاظت و انتظام مال کی ختم ہوجاوے تب اسکے بالغ ہونے تک کون کریگا فقط

ہو المصوب اشرف النساء کا ولی واسطے نکاح کے عصبہ اوسکا ہوگا در مختار میں ہے الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ وہو من یتصل بالمیت بلا توسط انثی علی ترتیب الارث و الحجب فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم للبنت ثم لبنت الابن ثم لبنت البنت ثم لبنت ابن الابن ثم لبنت بنت البنت و ہکذا ثم للجد الفاسد ثم للاخت لاب و ام ثم لاب ثم لولد الام ثم لذوی الارحام العمات ثم الاخوال ثم الخالات ثم بنات الاعمام و بہذا الترتیب اولادہم انتہی ملخصا اور درباب انتظام مال کے رد المحتار میں مذکور ہے الولی فیہ الاب و وصیہ و الجد و وصیہ و القاضی و نائبہ فقط انتہی اور فتاوی عالمگیریہ میں ہے نفقۃ الصبی بعد الفطام اذا کان لہ مال فی مالہ ہکذا فی المحیط انتہی اور یہی اوسمیں ہے وان کان المیت ترک اموالا و ترک اولادا صغارا کانت نفقۃ الاولاد من انصبائہم و کذا کل من یکون وارثا فنفقتہ فی نصیبہ و بعد ہذا ینظر ان کان المیت قد اوصی الی رجل فالوصی ینفق علی الصغار من انصبائہم وان کان لم یوص الی احد فالقاضی یفرض لکل واحد من الصغار فی نصیبہ بقدر ما یحتاج الیہ من النفقۃ علی قدر سعۃ اموالہم و ضیقہا انتہی پس صورت سوال میں متولی نکاح اشرف النساء کا عصبہ ہوگا اور پرورش اوسکی اور صرف اوسکا تا زمان بلوغ اوسکی یعنی اشرف النساء کے

الجواب واللّٰہ سبحانہ الموفق للصواب صورت مسئولہ مین حاکم اشیاے مذکورہ مین سے
حصہ فرائضی مدعیات کو نہین دلوا سکتا اسلیے کہ اس روایت سے تو بخوبی یہ امر واضح ہی کہ اقرار مورث کا
جو ثابت کیا مدعی علیہ نے اپنے گواہو نسے اپنے حق مین اور اقرار مدعا علیہ کا نسبت میراث ہونے شئے
مدعی بہ سے جو ثابت کیا مدعی نے اپنے گواہو نسے دونون بسبب تعارض کے ساقط ہون گے اور
اصل گواہ میراث کے مقبول ومعتبر ہون گے پس اب جای لحاظ یہ امر ہی کہ جبکہ اقرار مورث اور اقرار زید
ہر دو بموجب روایت ہذا کے ساقط ہوگئے پس ثبوت دیگر میراث کا اور گواہو نسے ہی یا نہین
پس وہ نہین ہی اسواسطے کہ ہونا دیگر گواہون میراث کا نسبت مکانات وغیرہ سوا ہر دو زنجیر فیل کے تو
اظہر من الشمس ہے باقی نسبت ہر دو زنجیر فیل کے سوا انکا میراث ہونا ہی ان دونو گواہو نسے ثابت نہین ہے
بسبب نہونے نصاب شہادت کے اور ایک قیمت معین کے قال فی الہدایۃ ومن شہد لرجل انہ اشتری
عبدا من فلان بالف وشہد آخر انہ اشتری بالف وخمسمائۃ فالشہادۃ باطلۃ لان المقصود اثبات السبب
وہو العقد ویختلف باختلاف الثمن فاختلف المشہود بہ ولم یتم العدد علی کل واحد ولان المدعی یکذب
احد شاہدیہ وکذلک اذا کان المدعی ہو البائع ولا فرق بین ان یدعی المدعی اقل المالین او اکثر
ہما لما بینا انتہی پس جبکہ کسی شئے مین اشیاء مذکورہ سے ثبوت ترکہ مورث نہوا تو انہین سے
حصہ فرائضی مدعیات مجردہ کو دلوانا شرعًا اصلًا متصور نہین فقط واللّٰہ سبحانہ تعالی اعلم - المجیب
محمد عبد القادر عفی عنہ بے شبہہ یہ روایت عالمگیری واسطے دلوانے حصہ فرائض کے صورت
مسئولہ مین کافی نہین فقط العبد محمد امداد حسین عفا عنہ اصاب من اجاب واللّٰہ اعلم بالصواب [محمد عنایت اللہ خان]
قد صح الجواب واللّٰہ اعلم بالصواب [محمد اعجاز حسین] فی الواقع بمقتضای روایت عالمگیری
صورت مذکورہ بدون اقامت بینہ میراث کے حصہ میراث نہین مل سکتا ہے واللّٰہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللّٰہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۳۱۶ کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس باب مین کہ اگر بنظر ترویح
مصلیین اور زینت مساجد جسطرح سے کہ فرش عمدہ اور شامیانہ وغیرہ سے کیجاتی ہی موسم
گرما مین فرشی پنکھا بھی مسجد و نمین لگایا جاوے اور اوقات مناسب اوسکا استعمال کیا جاوے فقط
ہو المصوب مسجد مین پنکھا فرشی لگانا فی نفسہ مباح ہے کوئی ممانعت شرعیہ اسمین نہین ہے

آدمی ہندہ کے پاس بہیجا ہر بار والد ہندہ نے کسی نہ کسی حیلہ سے ٹالدیا حتی کہ ایکسال اسی لطائف
الحیل مین گذر گیا بالآخر بحالت مجبوری زید نے بعدالت منصفی نالش رخصتی کی دائر کی اور والد
ہندہ نے درخواست خلع اور تفریق کی اوسی عدالت مین کی حالانکہ زید مین کسی نوع کا عیب جو
موجب خلع و تفریق ہو نہین پایا جاتا بجز شرارت ہندہ یا والد ہندہ کے دوسری وجہ معلوم نہین ہوتی
اور نہ زید خلع و تفریق پر راضی ہی پس ایسی صورت مین حاکم وقت جبراً خلع و تفریق کرادینے کا مجاز ہے
اگر مجاز ہی تو بشرط تراضی طرفین یا صرف برضای ہندہ اگرچہ زید راضی نہو بینوا بالسند الکتاب توجروا یوم الحساب
ہو المصوب چونکہ خلع طلاق بائن ہی اور طلاق بغیر رضای شوہر کے اور اوسکے تکلم کے ساتھ الفاظ
طلاق کے نہین واقع ہو سکتا ہی پس ایسی خلع بہی بغیر رضا و قبول شوہر نہین ہو سکتا ہی فتاوی عالمگیریہ
مین ہی شرطہ شرط الطلاق وحکمہ وقوع الطلاق البائن کذا فی التبیین انتہی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ
القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۱۳۰۴ھ **استفتا** ما قولہم رحمہم اللہ تعالی
اس مسئلہ مین کہ ہندہ اور زینب وغیرہ نے دعوی اشیای متعددہ از قسم نقد وغیر نقد مکانات و دو زنجیر
فیل بتمام نہاد ترکہ پدری زید برادر خود قابض اشیای مذکورہ پر دائر کیا اور ثبوت مین اوسکے چند گواہ
اقرار زید پر بہ نسبت دینے حصہ فرائضی مدعیات کے اشیای مذکورہ مین سے اور دو گواہ اوپر خرید نے
مورث مذکور کے ہر دو زنجیر فیل بروپیہ خود اور فوت ہونے اوسکے گذارے مگر بیان ان دونو
گواہون خرید کا متفق اوپر ایک قیمت کے نہین ہی ایک گواہ خرید ایک قیمت سے بیان کرتا ہی اور دوسرا
دوسری سے اور کوئی گواہ سوا اون دو گواہون کے جو نسبت ہر دو زنجیر فیل کے گذارے مین نسبت
باقی اسباب کے بہ ثبوت ملکیت مورث کے پاس مدعیات کے نہین اور زید نے جواب و دفع دعوی مین انکار ہونے
اشیای مذکورہ سے ملک مورث کی اور ہونا ملک اپنی اور اقرار مورث کا حالت صحت مین ساتھ ہونے ان اشیا کے
ملک زید کی نہ اپنی تحریر کیا اور اس اقرار مورث کو بخوبی گواہی گواہون سے ثابت کردیا پس بموجب اس روایت
عالمگیری کے وفی فتاوے رشید الدین ادعی میراثا من ابیہ واقام بینۃ واقام المدعی علیہ بینتہ
ان اباک اقر حال حیاتہ انہا ملکی یسمع ہذا الدفع فلو اقام المدعی بینۃ انک اقررت ان ہذہ الدار ملک ابی
بحصتہ تقبل ہذہ الدفع ایضا وقد تعارض الدفعان فتقبل بینۃ الارث بلا معارض انتہی حاکم اشیاے
مذکورہ کو ترکہ مورث قرار دیکر حصہ فرائضی مدعیات کو انمین سے دلوا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ بعد قبض کے روح علیین کو جاتی ہی روایت بزار مین ہے فاذ اخرجت روحہ وضعت علی ذلک المسک والریحان وذہب بہ الی علیین اور یہ امر کہ ایک چلہ گہر مین اور ایک سال قبر پر رہکے علیین کو جاتی ہی نہین ثابت ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ﴿۳۱۸﴾ **استفتا** آپ نے فرمایا کہ بہشت مین ملاقات ہوگی مگر یہ نہ ظاہر ہوا کہ جورو خصم ولڑکے وغیرہ مانند یہان کے یکجا رہین گے یا نہین فقط **ہو المصوب** جب سب جنت مین جاوینگے تو مانند یہان کے سب یکجا رہین گے اور اگر مراتب درجات مختلف ہونگے تو ایک کے درجے مین دوسرے جاکے یا پاس پہونچ کے ملاقات کرسکین گے تفصیل اسکی بدور سافرہ فی احوال الآخرہ وغیرہ مین موجود ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ﴿۳۱۹﴾ **استفتا** جب مریض بمرض شدید ہبہ سادہ کرے اور پہر مرض مین افاقہ وتخفیف ہوجاوے حتے کہ اوسکو کوئی خطرہ ہلاک کا نرہے اور غالب گمان عافیت وسلامت کا ہو اور وہ سال کے اندر ابتداے مرض اول سے بحدوث مرض جدید مرجاوے تو وہ واہب مریض بمرض الموت متصور ہوگا یا نہین اور قدرے بقاے مرض سابق سے باوجود عدم خوف ہلاک خلل ہبہ مین ہوگا یا نہین بینوا توجروا **ہو المصوب** موت قبل گذرنے ایک سال کے امراض ممتدہ مین مطلقا مانع نفاذ ہبہ وغیرہ جمیع مال سے نہین ہی بلکہ جب خوف ہلاکت ہو ورنہ نہ پس صورت مذکورہ مین وہ شخص واہب مریض بمرض الموت متصور نہوگا اور بقاء مرض سابق سے اور موت اوسکی سے اندر ایک سال کے بحدوث مرض آخر باوجود عدم ظن غالب موت کے مرض سابق سے ہبہ مین خلل نہوگا وقایہ اور اوسکی شرح لفصیح الدین الہروی مین ہی وہبۃ مقعد ومفلوج واشل ومسلول یجوز من کل مالہ کہبۃ الصحیح ان طالت مدتہ الی مدۃ کل واحد من ہذہ الامراض وقدر وہ بسنۃ کما فی الہدایۃ وغیرہا فانہ اذا طالت المدۃ صار بمنزلۃ طبع من طبائعہ ولم یخف موتہ منہ غالبا بان لا یحس ازدیادہ شیئا فشیئا کالعمی فکان صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح والا ای وان لم تطل مدتہ وکان بحیث یزداد حالا فحالا ویخاف فیہ الہلاک غالبا فمن ثلثہ انتہی ملخصا اور شرح مختصر وقایہ للبرجندی مین ہے مرض الموت ما یکون سببا للموت وذلک اذا کان یزداد حالا فحالا الی ان یکون آخرہ الموت فاذا استحکم ولا یزداد بعدہ لم یکن سببا للموت

اور نہ کوئی روایت فقہیہ معتبرہ ایمین نظر سے گذری البتہ ابن الحاج مالکی نے مدخل مین تحریر کیا ہی
ینبغی لہ ان یتحفظ من ہذہ المراوح ان کان فی المسجد اذ انہا بدعۃ وقد انکر مالک الاشیاء
التی تعہد فی البیوت ان تعہد فی المساجد لانہا لم تکن من فعل السلف وان کانت مباحۃ فی غیرہ
انتہی لیکن پر ظاہر ہے کہ اسکا بدعت شرعیہ جو موجب ضلالت ہے ہونا نہین صحیح ہے کیونکہ بدعت
شرعیہ عبادات مین ہوتی ہی نہ مباحات مین اسیوجہ سے طرق مباحہ ملبس و مسکن و مطعم وغیرہ
مین بالاتفاق باعث ضلالت نہین ہین گو مستحدثات سے ہون البتہ بدعت لغویہ و بدعت مباحہ ہی
پس بلحاظ کمال اتباع سلف صالح ترک اسکا اولے ہوگا اور ارتکاب اسکا موجب ضلالت
یا کراہت نہین ہو سکتا خصوصًا جبکہ مقصود اوس سے آرام دینا نمازیون کو اور راحت پہونچانا
حاضرین مجلس کو ہو فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء مانوی اور کتب فقہیہ مین نظائر اسکے
بہت موجود ہین کہ ازمنۂ سابقہ مین اونکا وجود نہ تہا مگر بسبب اغراض صالحہ کے حکم اوسکے
جواز کا دیا گیا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

استفتا[۳۱۶] بطور شوق کوئی جانور چرند یا پرند پالا گیا ہو اوس مین گناہ ہے یا نہین
اگر گناہ ہے تو کفارہ سے آگاہی بخشیے اور شکار کے بارے مین کیا فرماتے ہین ۵
ہو المصوب جانور پالنا بطور شوق کے درست ہی بشرطیکہ اوسکو تکلیف نہ دے مجتبی شرح
مختصر قدوری مین ہی لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا انتہی اور رد المحتار
مین فتاوی قاری الہدایہ سے منقول ہے یجوز حبسہا للاستیناس انتہی اور جامع الرموز مین ہی
لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا وہو خیر من ارسالہا فی السکک انتہی اور
شکار کرنا جائز ہے بشرطیکہ محض لعب و ایذای حیوانات مقصود نہو اور بعضون نے حرفہ
بنا لینا مکروہ لکھا مگر صحیح یہ ہے کہ نہین مکروہ ہے بزازیہ مین ہے الصید مباح الا للتلہی او حرفۃ
انتہی اور حواشی اشباہ للحموی مین ہی فیہ نظر لانہ نوع اکتساب بما ہو مخلوق لذلک والاکتساب
مباح فصار کالاحتطاب انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

استفتا[۳۱۷] اکثر علماے دین تحریر فرماتے ہین کہ روح میت یکساں چلہ
کم و زیادہ اپنے گہر مین بعدہ ایکسال تک قبر پر رہکر مقام علیین وغیرہ کو جاتی ہی پس صحیح تر نزدیک اہلسنت کے کیا ہی فقط

بتیس سال بقول صالح بیان کرتا ہون حنفی وغیرہ ہونا مسلمانی مین شرط نہین کیا گیا ہے
اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور امام کے وقت مین حنفی شافعی وغیرہ سے مسلمان موسوم نہ تھے
اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی ہو اوس حالت مین جب خلاف قرآن و
حدیث نہو مسلمان زمانۂ اصحاب اور تابعین کے اچھے تھے اون لوگون نے جو حال متدین
قرآن وحدیث سے ناراض ہین اور پیغمبر صاحب نے زمانۂ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کو اچھا
کہا ہو اور پچھلے زمانہ مین جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے فقط العبد محمد عبد الحی عفا عنہ

سوال نمبر ۲ اگر کسی ایک امام کا مقلد بادشاہ ہو یا اور کوئی مسجد بناوی تو وہ مسجد بنانے والیکی
ملکیت مین باقی رہتی ہو یا نہین اور رہر مسجد مین ہر مسلمان اپنے طور مشروع پر مستحق نماز پڑھنے کا
بیک وقت و بیک جماعت ہو یا نہین **جواب نمبر ۲** مسجد بنانیوالیکی ملکیت مین مسجد نہین رہتی اور
اوسمین سب مسلمان بطور شرع نماز ادا کر سکتے ہین اور ایک وقت اور ایک جماعت سے بھی پڑھ
سکتے ہین الا ایک ساعت مین ایک ہی مسجد مین دو جماعت نہین پڑھ سکتے فقط

سوال نمبر ۳ جو شخص بموجب قرآن وحدیث کے نماز ادا کرے اور رہر مسئلہ مین مقلد ایک امام
خاص کا نہو اور سب اماموں کو برابر برحق جان کر جسکا جو مسئلہ موافق حدیث کے سمجھے عمل کرے
